مدینۃ اولیاء ملتان سے شائع ہونے والا کثیر الاشاعت روحانی جریدہ

اگست 2018ء

روحانی ماہنامہ

تحفۂ روحانیات

ستاروں کی روشنی میں الیکشن 2018ء

لاجواب استخارہ

عازمین حج کے ضروری مسائل

قربانی کی روح

14 اگست اور نظریاتی لوگ

اسلامی فلاحی پاکستان

سورج گرہن، نحوست از زہرہ

آیت الکرسی کا وظیفہ

تپ دق کا علاج

چیف ایڈیٹر و بانی ادارہ روحانیات

محمد ایاز مزمل حسین شاہ

قیمت 60 روپے فی شمارہ

لوح شرف مریخ

قوت، شجاعت، دشمن پر غلبہ شر سے محفوظ، حصول اعلیٰ مرتبہ، افسران بالا عزت وتوقیر کرے، عہدہ پر ترقی، جسمانی قوت، خون، معدہ، امراض بلغم، لقوہ اور قولنج کے مرض سے نجات پانے کیلئے، مردانہ شجاعت، خوبصورتی، قوت مردمی میں اضافہ خواتین پر غلبہ پانے کیلئے خاص لوح تیار کی جاتی ہے۔ لوح شرف مریخ کی مکمل برکات اور فیض حاصل کرنے کیلئے فوری رابطہ کر کے اپنی لوح بُک کروائیں۔

لوح شرف عطارد

پاگل پن، مرگی، جنونی کیفیت، دماغی دورے پڑنا، کند ذہنیکے خاتمہ کیلئے اس کے علاوہ من پسند شادی والدین عزیز و اقارب میں عزت ومرتبہ اور ہر مقصد میں کامیابی حاصل کرنے کیلئے لوح شرف عطارد سے فائدہ حاصل کر سکتے ہیں۔ لوح شرف عطارد کی مکمل برکات اور فیض حاصل کرنے کیلئے فوری رابطہ کر کے اپنی لوح بُک کروائیں۔

لوح شرف قمر

انعامی چانس میں کامیابی، مردانہ وجاہت، من پسند جگہ پر شادی اور خوبصورتی میں اضافہ کیلئے اور دفع بندش اولاد، نکاح اور حصول علم، تسخیر خلق و کاروبار جیسے امور میں کامیابی حاصل کرنے کیلئے لوح شرف قمر سے فائدہ لے سکتے ہیں۔ لوح شرف قمر کی مکمل برکات اور فیض حاصل کرنے کیلئے فوری رابطہ کر کے اپنی لوح بُک کروائیں۔

بچے کا پیدائشی زائچہ بنوا کر نام رکھیں۔ رشتہ طے کرنے سے قبل ادارہ روحانیات سے ستارے لازمی ملوائیں تا کہ بعد میں آنے والی پریشانیوں اور مصیبتوں سے بچا جا سکے آپ کے نام کے مطابق نگینہ دستیاب ہیں جس شخص نے یہ تمام الواح حاصل کر لی اس سے بڑا خوش نصیب دنیا میں اور کوئی نہیں۔

ھدیہ الواح:۔ عام لوح 4200 خاص لوح 7200 بہت خاص لوح 9200

غار حراء کے اس در و دیوار کے نام جہاں محمد ﷺ کی خوشبو ابھی تک رچی بسی ہے

جلد نمبر 14 اگست 2018ء شمارہ نمبر 02

مجلس مشاورت

سید عارف معین بلے ایکسپریس نیوز چینل
عابد کمالوی ڈائریکٹر محکمہ تعلقات عامہ
ریذیڈنٹ ایڈیٹر (روزنامہ ایکسپریس)
ملک نسیم رضا ڈائریکٹر ایف آئی اے (ر)، بابا صدف انبالوی، علامہ آغا السید محمد ابوالحسن موسوی، کامران بنگش
شہزادہ رضوان حسین شاہ، منظور علی سموں، زوار حکیم محمد ابصار حیدر، حکیم خضر عباس بیاسی، سبط حسن جعفری

بانی ادارہ روحانیات و چیف ایڈیٹر
ماہر روحانیات
شہزادہ محمد ایاز مزمل حسین شاہ سہارنپوری

سب ایڈیٹر	نبیل مزمل، سید عابد حسین شاہ
معاونین	[illegible] الحسنین رضوی
پروف ریڈر	سید آل محمد، حنیف یاسر
سرکولیشن منیجر	رضوان علی رضوی 0300-6368746
کمپوزنگ گرافکس	محمد مصباح العالم، محمد علی قریشی۔

لیگل ایڈوائزر

محمد فیاض حسین (ایڈووکیٹ ہائیکورٹ ملتان)
مس شاہدہ منیر (ایڈووکیٹ ہائیکورٹ ملتان)

ترتیب مضامین

مضمون	صفحہ نمبر	مضمون	صفحہ نمبر
لاجواب استخارہ	03	آیت الکرسی کا وظیفہ	23
عازمین حج کے ضروری مسائل	04	رجعت حروف صوامت توڑ	24
قربانی کی روح	06	علم اعداد و اسمائے الحسنیٰ	26
عید الضحیٰ کا خاص تحفہ	07	مسلم بھائی چارہ	28
حج قربانی اور ایام تشریق	08	تحفہ روحانیات ڈس ایپ گروپس	31
14 اگست اور نظریاتی لوگ	10	تپ دق T.B	33
اسلامی نظریاتی پاکستان	12	یہ ماہ کیسا رہیگا	34
''وسیب'' سویل دے رنگ	14	تاج حکومتی پرائز بانڈ	40
الیکشن 2018ء	16	اگست کے لکی نمبر	41
ستاروں کی چال وظیفے کا کمال	18	پیغامات	45
سورج گرہن، ہبوط زہرہ	20	آپکی ڈاک	46
انٹرویو ''راجہ اعجاز حسین''	21	کوپن	48

قیمت فی شمارہ 60 روپے

بیرون ممالک سالانہ خریداری
انڈیا، ترکی، کویت، ایران، سری لنکا 3000 روپے
یورپ، فار ایسٹ 4000 روپے
امریکہ، کینیڈا، آسٹریلیا 5000 روپے

سالانہ ممبر شپ 7201 روپے مع ڈاک خرچ

آفس
ادارہ روحانیات
نزد عزیز ہوٹل چوک ملتان کینٹ
0300-6351192
0333-6158193

ایڈیٹر، پبلشر محمد ایاز مزمل حسین شاہ نے منزل آرٹ پریس بوہڑ گیٹ، ملتان سے چھپوا کر مکتبہ روحانیات نزد عزیز ہوٹل چوک ملتان سے جاری کیا

(ترجمہ) ملتان اور جنت کی زمین دونوں برابر ہیں یہاں پر قدم آہستہ رکھو کہ فرشتوں نے اس زمین پر سجدے کئے ہیں۔

اللہ رب العزت نے موجودہ وقت میں انسانوں کے اعمال کی خرابی پر جادو اور جنات کو عذاب کی شکل میں ظاہر فرمایا ہے۔ اس کی مدافعت صرف تعویزات وغیرہ سے نہیں کی جاسکتی جب تک اعمال کی درستی کی طرف توجہ نہ کی جائے۔ (ابو محمد مصباح العلم)

☆ کلمہ استغفار "اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ رَبِّی مِنْ کُلِّ ذَنْبٍ وَّ اَتُوْبُ اِلَیْہِ (ترجمہ) توبہ کرتا ہوں اللہ سے اپنے تمام گناہوں کی اور وہ توبہ قبول کرنے والا ہے۔)

☆ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی آلِہٖ مُحَمد بِعَدَدِ الْمُزَّمِّلِ وَالْخَصَائِص۔

استغفار اور درود پاک کے علاوہ کوئی بھی وظیفہ بلا اجازت نہ پڑھیں۔

فضائل سورۃ مزمل شریف

حدیث پاک :۔ حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا کہ جو کوئی مصیبت کی حالت میں سورۃ مزمل کو پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس سے اس کی مصیبت کو دور فرمادے گا۔

حدیث پاک :۔ اسی طرح ایک اور موقع پر حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جو شخص سورۃ مزمل کو پڑھے گا اللہ تعالیٰ اسے دنیا و آخرت میں خوش رکھے گا اور اس کی غربت و مفلسی کو دور کردے گا۔ جس مشکل کیلئے پڑھے گا وہ مشکل آسان ہو جائے گی۔

حدیث پاک :۔ حضرت ابو ہریرہؓ سے مروی ہے کہ حضور نبی کریم نماز فجر کے بعد مسجد میں تشریف فرما تھے اور صحابہ کرامؓ آپ کے گرد جمع تھے کہ حضرت جبرائیلؑ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ ہر چار مقرب فرشتوں کو گواہ کر کے فرماتا ہے کہ جو سورۃ مزمل پڑھے گا اس کو عذاب و عقوبت نہ ہوگا اور اس کے گناہ معاف کئے جائینگے اور جہنم کی آگ اس پر حرام ہوگی۔ روایت حضرت شیخ فرید الدین گنج شکرؒ سے منقول ہے کہ:

اگر جو شخص قبر پر ایک بار سورۃ مزمل پڑھے گا تو 300 برس تک صاحب قبر عذاب قبر سے دور ہوگا اور اگر 3 بار کوئی شخص صاحب قبر کے لئے سورۃ مزمل پڑھے گا تو قیامت تک عذاب قبر اس صاحب قبر پر نہ ہوگا۔

آنحضرت نے فرمایا جو شخص سورۃ مزمل کا ورد جاری رکھے گا اس کو دنیا و آخرت میں رنج نہ ہوگا۔

حدیث مبارکہ

احکام نقوش و الواح

حضرت ابی خزامہؓ نے اپنے والد محترم سے روایت کی کہ انہوں نے فرمایا" میں نے حضرت محمد ﷺ سے دریافت کیا کہ یہ دعا اور تعویز (نقوش اور الواح) جسے ہم اپنی بیماریوں کے سلسلے میں کرتے ہیں اور یہ دوائیں جو ہم اپنے مرض کو دور کرنے کیلئے کرتے ہیں اور یہ احتیاطی تدابیر (وظائف، نقوش اور الواح) جو ہم مشکلوں اور دکھوں سے بچنے کیلئے تیار کرتے ہیں۔ کیا یہ اللہ کی تقدیر کو ٹال سکتی ہیں؟

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا! یہ سب چیزیں بھی تو اللہ کی تقدیر میں سے ہیں۔

ذیقعد، زکات سورۃ مزمل

سفید لباس زیب تن کریں اور عطر گلاب سے کمرہ کو معطر کر دیں۔ سبز رنگ کی روشنی والا زیرو کا بلب روشن کریں۔ قبل اذان فجر 2 رکعت نماز نفل ادا نیگی برائے زکات سورۃ مزمل ادا کی جائے۔ سورۃ مزمل کا ورد 11 بار اس طرح شروع کریں کہ ہر 1 بار پڑھنے کے بعد 14 مرتبہ (الحمد شریف) سورۃ فاتحہ پڑھیں۔ اول و آخر درود مزمل 14 بار پڑھیں۔ مدت عمل زکات 14 یوم ہے۔ بعد ادا نیگی زکات درج بالا طریقہ سے بعد نماز فجر صرف 1 بار پڑھ لیا کریں۔ اس زکات مبارکہ کی برکت سے صاحب عمل کو تاحیات رزق کی کمی نہ ہوگی۔ انشاء اللہ بیماروں کیلئے بھی شفا حاصل ہوگی۔ صاحب عمل کے پاس روحانی و جسمانی کسی بھی قسم کا مریض آئے تو الحمد شریف مع بسم اللہ اس طرح تحریر کر کے مریض کو پینے کیلئے دیں کہ اول سورۃ مزمل کی 5 آیات تحریر کرے اور پھر الحمد شریف 5 دن تک مریض کو پینے کیلئے دیں گے۔ بحکم باری تعالیٰ شفاء حاصل ہوگی اگر کسی کو رزق کی تنگی ہو تو درج بالا طریقہ سے سفید کاغذ پر سبز روشنائی یا زعفران کی سیاہی سے تحریر کر کے دیں انشاء اللہ بے انتہاء رزق حاصل ہوگا۔

لاجواب استخارہ

تحریر
نبیل منزل
ملتان

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ میرا گزر ایک گلی سے ہوا جہاں ایک بڑے سے گھر میں بچوں کی اونچی آواز میں تیرہ، تیرہ، تیرہ کی آواز آرہی تھیں میں نے 5 منٹ تک وقت دیکھ کر کھڑے اُن کی آوازیں سنتا رہا اور پھر مجھے اشتیاق ہوا کہ یہ اتنا شور کیوں ہے، میں نے کشمکش میں معائنہ کرنے کی کوشش کی مگر ناکام رہا کیونکہ دیوار اونچی تھی، میں نے دیوار میں سوراخ تلاش کر کے آنکھ سے اندر جھانکنے کی کوشش کی کہ اگلے ہی لمحہ میں دیوار کے پار سے کسی نے کوئی چیز ماری جو میری آنکھ میں زور سے لگ گئی میری چیخ نکل گئی اور اگلے ہی لمحہ قہقہے کی آوازوں کے بعد چودہ، چودہ، چودہ کی آواز آنے لگی میں انتہائی شرمندہ ہو کر آنکھ کو صاف کرتا ہوا جانے لگا آگے ایک ریڑھی والا امرود بیچ رہا تھا جو اونچی آواز میں 80 روپے کلو امرود، 80 روپے کلو امرود کی آواز تھی انہی الفاظ پر میری آنکھ کھل گئی یہ مذاق نہیں بلکہ ایک خواب تھا جو میرے دوست نے عمل کے دوران دیکھا اور مجھ سے مشورہ کیا کہ ان حالات اور خواب سے کیا نمبر اخذ کروں میں نے کہا بھائی 80 روپے کلو امرود سے مُراد 80 کا آکڑہ ہے اور ساتھ 5 منٹ انتظار والا ہندسہ لگا دیں اور احتیاط کے طور پر مزید بھی نمبرات بنا لئے گئے مگر 8057 رزلٹ آیا جس سے 805 نمبر آنے پر وہ دوست بہت حیران ہوا اُس دوست نے زندگی میں پہلی بار عمل سے نمبر دیکھا تھا کیونکہ وہ اکثر مجھ پر طنز کیا کرتا تھا کہ استخارہ میں لکی نمبر دیکھنا ایک مذاق کے سوا کچھ نہیں ہے جو کہ اُس عمل کے بعد آج تک کئی بار نمبرات دیکھ چکا ہے۔

میرے دوستو! کسی بھی عمل کو ایک بار چُن کر اپنے لئے منتخب کر لیں اور لگاتار اُسی عمل پر مہارت حاصل کرنے کی کوشش کریں ان شاء اللہ چند دن میں نمبرات خواب میں آنے شروع ہو جائیں گے، کم از کم ایک ماہ تک صرف نمبرات کا جائزہ لیں تاکہ اچھی طرح آپ کو اپنی روحانی طاقت کا اندازہ ہو جائے کہ کس نوعیت اور حساب سے نمبرات دکھائے جاتے ہیں اسی دوران جب مکمل طور پر سمجھ آجائے تب ہی استعمال میں لائیں۔ ضروری نہیں ہے کہ ہر بار اسی طرح سیدھا نمبر ہی دکھایا جائے بلکہ کبھی اُلٹ نمبر بھی دکھایا جاتا ہے کیونکہ آج کے انگریزی دور میں اُلٹے طرف سے گنتی لکھی جاتی ہے جبکہ عربی یا اُردو میں دائیں طرف یعنی سیدھی طرف سے گنتی شروع کی جاتی ہے اس لئے تمام اطراف سے نظر ثانی کے بعد نمبرات بنائے جائیں ورنہ مایوسی سے آئندہ کسی بھی عمل میں کامیابی کا عنصر کمزور ہو جاتا ہے یعنی روحانی قوت کمزور ہو جاتی ہے جس سے عمل ترک کر دیا جاتا ہے۔ عمل اس طرح ہے کہ ان الفاظ کو روزانہ ایک تسبیح یعنی 101 بار ورد کیا جائے اور اوّل آخر 66 بار درود پڑھا جائے۔ چند دن میں نمبرات آنے شروع ہو جائیں گے اور پھر کم از کم 2 قرعہ اندازی تک دیکھا جائے کہ خواب میں کیسے اشارات دیئے جاتے ہیں، پھر جب نمبر نظر آئے اُسی طرح ترتیب کر لیا جائے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ آپ حیران ہو جائیں گے کہ کس طرح کامیابی ملتی ہے یہ عمل سفلی علم کی دنیا کا بے مثال عمل ہے اس لئے اس عمل میں گوشت اور سلاد سے پرہیز ضرور کیا جائے گا۔ ان شاء اللہ درست نمبر آئے گا۔

110 مجرب استخارے

مکتبہ روحانیات کی جانب سے 110 استخاروں پر مشتمل کتاب شائع کی گئی جس کی مقبولیت میں بے انتہا اضافہ ہوا ہے۔ ایسے قارئین جو کہ استخاروں کا شوق رکھتے ہوں لازمی اس کتاب کو حاصل کریں وہ قارئین جنہیں یہ کتاب مارکیٹ میں شارٹ ہونے کی وجہ سے نہ مل رہی ہو وہ ادارہ سے لازمی رابطہ کریں ان شاء اللہ جلد ہی اُنہیں رجسٹرڈ کتاب ارسال کر دی جائیگی اپنا آرڈر فوری بک کروائیں کیونکہ چند کتب اسٹاک میں موجود ہیں۔ **110 مجرب استخارے**

کتب میں نمبرات نکالنے کے علاوہ دُنیاوی ہر مشکل اور پریشانی کے حل کیلئے کئی اقسام کے استخارے بھی شائع کئے گئے جن کی مدد سے آپ اپنے روزمرہ میں پیش آنے والی مشکلات کا حل استخاروں کی مدد سے حاصل کر سکتے ہیں۔

0300-6351192
0333-6158193

عازمین حج کے لیے ضروری مسائل

FAZAIL

تحریر:۔ صوفی خوشنود علی نقشبندی (کوہ مری)

امام احمد رضا قادری رحمہ اللہ تعالیٰ سے حضرت سید محمد احسن بریلوی نے فرمائش کی: ''میرا حج پر جانے کا ارادہ ہے اور بھی لوگ جاتے رہتے ہیں، آپ حج کے طریقے اور آداب پر کچھ ضروری باتیں لکھ کر طبع کرادیں تا کہ سب کو فائدہ ہو''۔ آپ نے قلم برداشتہ ''انوارُ البَشَارَۃُ فِیْ مَسَائِلِ الْحَجِّ وَالزِّیَارَۃ'' کے عنوان سے ایک مفصل رسالہ لکھ کر طبع کرادیا جو فتاویٰ رضویہ جلد:10 میں شامل ہے۔ میں اس رسالے کے بعض مندرجات کو عام حجاج کے استفادے اور اصلاح کے لیے آسان انداز میں پیش کر رہا ہوں۔

امام احمد رضا قادری نے لکھا: سب سے اہم یہ کہ اس سفر سے مقصود صرف اور صرف اللہ تعالیٰ اور اُس کے رسول مکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی رضا ہونی چاہیے۔ حج کے لیے روانگی سے قبل جس کا قرض یا امانت ہو، اُسے واپس کرے، اگر فوری طور پر پورے قرض کی واپسی کے وسائل نہیں ہیں، تو جو ادا کرسکتا ہو وہ ادا کرے اور باقی کے لیے اُن سے مہلت طلب کرے۔ جن کا ناحق مال لیا ہو، انہیں واپس کرے یا معاف کرائے، مالک کا پتا نہ چلے تو اتنا مال فقیروں پر صدقہ کرے، کیونکہ ناجائز طریقے سے حاصل کیا ہوا مال درحقیقت اُس کی ملکیت نہیں ہوتا، پس جتنی جلدی ممکن ہو اُسے اپنی مِلک سے نکالے۔ ماضی کی قضا نمازیں، روزے، زکوٰۃ، الغرض جتنی عبادات واجب تھیں اور اُن سے عہدہ برا نہیں ہوا، اللہ تعالیٰ سے اس حکم عدولی پر صدقِ دل سے توبہ کرے اور پھر شریعت کے مطابق اُن کی تلافی کرے، اس کے باوجود اُن کا قبول ہونا اللہ تعالیٰ کے کرم پر موقوف ہے۔ بالغ ہونے کے بعد جتنی قضا نمازیں، روزے اور زکوٰۃ بدستور واجب ہے، اُن کی اس وقت تک قضا کا اہتمام کرے، جب تک وہ اُن سے عہد براء نہیں ہو پاتا۔ اگر یہ بے شمار ہیں، تو اندازے کے مطابق ان سے عہدہ براء ہونے کو حسبِ توفیق اپنی زندگی کے معمولات کا حصہ بنائے۔

جن حق داروں کی اجازت کے بغیر سفر مکروہ ہے، جیسے ماں باپ (اولاد کے لیے) اور شوہر (بیوی کے لیے)، حتی الامکان انہیں رضامند کرے، اگر وہ کسی طور پر بھی رضامند نہ ہوں تو پھر حج فرض پر چلا جائے، کیونکہ اُن کا روکنا اللہ کے فرض سے روکنا ہے اور اس بارے میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے: ''ایسے امور میں (غیر اللہ کی) اطاعت جائز نہیں ہے، جن میں اللہ کی نافرمانی لازم آئے، (حقداروں کی) اطاعت صرف نیک کاموں میں روا ہے، (صحیح مسلم:1840)''۔ کسی کے ذہن میں سوال پیدا ہوسکتا ہے کہ جب فریضۂ حج ادا کرنے کے لیے ہر صورت جانا ہی ہے، تو والدین اور شوہر سے اجازت طلب کرنے کا کیوں کہا گیا، اس کا جواب یہ ہے کہ یہ اولاد اور بیوی کے لیے باعثِ سعادت ہے اور اجر کا باعث ہے اور ماں باپ اور شوہر کو بھی چاہیے کہ بخوشی اجازت دیں، کیونکہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: ''نیکی کے کاموں میں ایک دوسرے کی مدد کرو اور گناہ اور حق سے تجاوز کے کاموں میں ایک دوسرے کی مدد نہ کرو، (المائدہ:2)''۔

سفرِ حج میں عورت کو جب تک شوہر یا مَحرم کی رفاقت میسر نہیں، وہ حج پر نہیں جاسکتی، اگر جائے گی تو فقہی اعتبار سے حج تو ادا ہوجائے گا، مگر گناہ گار ہوگی۔ مصارفِ سفر اور زادِ راہ مال حلال سے ہوں، ورنہ حج کے قبول ہونے کی امید نہیں ہے، البتہ فرض ساقط ہوجائے گا۔ حسبِ توفیق اپنی ضرورت سے زیادہ زادِ راہ لے کر جائے تا کہ اپنے احباب اور ضرورت مندوں پر بھی کچھ خرچ کرسکے، یہ حجِ مبرور کی نشانی ہے۔ مسائلِ حج وعمرہ اور زیارات پر کوئی عام فہم کتاب لے کر جائے یا کسی عالم سے رہنمائی حاصل کرے یا بہارِ شریعت حصہ ششم یا حج وعمرہ پر کسی مستند عالم کی کتاب اپنے پاس رکھے۔ اکیلے سفر نہ کرے کہ یہ منع ہے، البتہ بے دین رفیقِ سفر سے اکیلا رہنا بہتر ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''جب کسی سفر میں تین افراد ہوں، تو وہ آپس میں سے ایک کو امیر بنالیں (سنن ابوداؤد:2608)''۔ اُس شخص کو امیر بنانا بہتر ہے جو بااخلاق، دین دار، معاملہ فہم اور خدمت کا جذبہ رکھتا ہو۔

سفر پر روانگی سے پہلے اپنے حقداروں، دوستوں عزیزوں سے ملے، کسی کی حق تلفی کی ہو یا کوئی ناراض ہو تو اُس سے معافی مانگے اور راضی کرے اور اُن کو بھی چاہیے کہ خوش دلی سے راضی کریں، حدیثِ پاک میں ہے: ''جس نے اپنے بھائی سے (اپنے کسی قصور پر) معافی مانگی اور اُس نے اسے قبول نہیں کیا، تو اُسے ایسا ہی گناہ ہوگا جیسے مالی واجبات وصول کرنے والے کو خیانت پر ہوتا ہے، (سنن ابن ماجہ:3718)''۔ اپنے خطاکار کو معاف کرنا اللہ تعالیٰ کی سنت ہے، سورۃ النور، آیت:22 میں خطاکاروں کو معاف کرنے کی ترغیب دیتے ہوئے فرمایا: ''اور چاہیے کہ وہ معاف کردیں

اور درگزر کریں، کیا تمہیں یہ بات پسند نہیں ہے کہ اللہ تمہاری خطاؤں کو بخش دے"۔ یعنی اگر یہ چاہتے ہو کہ اللہ تمہارے قصوروں کو معاف فرمائے تو تم بھی اپنے قصوروار کو معاف کر دیا کرو۔ رخصت ہوتے وقت سب سے دعا کی درخواست کرے، گھر پر چار نفل پڑھ کر نکلے، یہ واپسی تک اس کے لیے اللہ تعالیٰ کے حفظ وامان کا وسیلہ بنیں گے اور گھر سے نکلتے وقت "بِسْمِ اللّٰهِ وَآمَنْتُ بِاللّٰهِ وَتَوَكَّلْتُ عَلَى اللّٰهِ" پڑھ کر یہ دُعا مانگے، (ترجمہ:) "اے اللہ! ہم تیری پناہ چاہتے ہیں کہ ہم لغزش کھائیں یا کوئی ہمیں لغزش دے، ہم گمراہ ہوں یا کوئی ہمیں گمراہ کرے، ہم کسی پر زیادتی کریں یا کوئی ہم پر زیادتی کرے، ہم کسی سے ہٹ دھرمی کریں یا کوئی ہم سے ہٹ دھرمی کرے"۔ اسی طرح گھر سے نکلتے وقت یہ دعا مانگے: "اے اللہ! ہم تجھ سے اس سفر میں نیکی اور تقوے کا سوال کرتے ہیں اور ایسے کاموں کی توفیق طلب کرتے ہیں جو تجھے پسند ہوں، اے اللہ! اس سفر کو ہمارے لیے آسان فرما دے اور اس کی مسافت کو ہمارے لیے لپیٹ دے (یعنی آسان فرما دے)، اے اللہ! سفر میں بھی تو ہمارا رفیق ہے اور گھر کا نگہبان بھی تو ہے۔ اے اللہ! ہم سفر کی مشقتوں، تکلیف دہ صورت حال پیش آنے اور اپنے مال اور اہل میں ناخوشگوار تبدیلی آنے سے تیری پناہ چاہتے ہیں" اور جب سفر سے واپس آئے تو مذکورہ بالا کلمات کے بعد یہ دعا مانگے: "ہم (عافیت کے ساتھ) لوٹنے والے، (اللہ کی بارگاہ میں) توبہ کرنے والے، (اُس کی توفیق سے) عبادت کرنے والے اور اپنے رب کی حمد کرنے والے ہیں، (صحیح مسلم: 1342)"۔ بلندی پر چڑھتے ہوئے "اللہ اکبر" اور پستی کی طرف اترتے وقت "سبحان اللہ" کہے۔ کوئی چیز گم ہو جائے تو "اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ" یا "اِنَّهٗ عَلٰى رَجْعِهٖ لَقَادِرٌ" یا "يَا جَامِعَ النَّاسِ لِيَوْمٍ لَّا رَيْبَ فِيْهِ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُخْلِفُ الْمِيْعَادَ اِجْمَعْ بَيْنِيْ وَبَيْنَ ضَالَّتِيْ" پڑھے۔

حج مشقت کی عبادت ہے، اگرچہ ماضی کے مقابلے میں آج کل حجاجِ کرام اور زائرینِ حرمین طیبین کو جو سہولتیں اور آسائشیں میسر ہیں، پہلے ان کا کوئی تصور بھی نہیں کر سکتا تھا۔ لیکن اس کے باوجود حج مشقت کی عبادت ہے اور انسانی ہجوم نے مشقت کی نئی صورت اختیار کر لی ہے، جس میں تخفیف کے لیے سعودی حکومت ہر سال وسائل صَرف کرتی ہے، توسیع، تزئین اور تعمیر کا کام جاری رہتا ہے، انسانوں کے ہجوم میں ہر سال اضافہ ہوتا رہتا ہے، اس لیے حجاج کو تحمل کا مظاہرہ کرنا چاہیے۔ بہت سے لوگ اپنا زیادہ تر وقت معلمین اور اُن کے کارندوں کو کوسنے اور گلے شکوے میں گزار دیتے ہیں، جس کا ماحصل غیبت اور بدگوئی کے سوا کچھ نہیں ہوتا، اس کی بجائے انہیں حسبِ توفیق طواف، نوافل، تلاوت، اذکار و تسبیحات اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھنے میں گزارنا چاہیے۔

سیلفی بنانا ایک عالمی متعدی بیماری بن چکی ہے، اس کی کثرت بھی عبادات کی حضوری سے غافل کر دیتی ہے اور لوگ اس کوشش میں لگے رہتے ہیں کہ ہر مرحلے کی تصویریں واٹس اپ کے ذریعے اپنے دوست احباب اور عزیزوں کو ارسال کریں، کیا ہی اچھا ہو کہ وہ یہ وقت اُن کے لیے دعا میں صَرف کریں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے: "کسی کے پسِ پشت اُس کے لیے دعائے خیر اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں قبول ہوتی ہے"، کیونکہ اُس کا مُحرِّک صرف اخلاص ہوتا ہے، سامنے کی دعا میں تو ریا کا امکان ہو سکتا ہے، لیکن غیاب کی دعا میں ہرگز نہیں۔ حجاجِ کرام اور زائرین کو چاہیے کہ اپنے لیے، اپنے والدین و جملہ اہلِ ایمان آباء واجداد، اپنے حقداروں، احباب اور عزیزوں کے لیے دعا کرنے کے ساتھ ساتھ امتِ مسلمہ اور اپنے وطنِ عزیز کے لیے بھی دعا کرتے رہیں۔ اہل پاکستان کو بیرونِ ملک اپنے سیاسی اختلافات اور نفرتوں کا اظہار کرنے کی بجائے ایک دوسرے سے محبت، دلداری اور ہمدردی کا رویّہ رکھنا چاہیے۔

ہمارے ہاں حجاجِ کرام کی تربیت کے پروگرام تو بہت ہوتے ہیں، ارکانِ حج اور ادائے حج کے طریقے بھی بتائے جاتے ہیں، لیکن میرے نزدیک سب سے اہم شعبہ نظر انداز ہو جاتا ہے اور وہ ذہنی اور فکری تطہیر ہے، حج و عمرہ اور عبادات و زیارات کی سعادات کو سمیٹنے کیلئے یہ شعبہ سب سے اہم ہے۔ ہمیں اپنے قلب و روح اور ظاہر و باطن کو گناہوں کی آلودگی سے پاک کرنے اور پاک رکھنے کے لیے سچی توبہ کرنے اور پھر ساری زندگی اُس پر کاربند رہنے کی ضرورت ہے۔ پس پیش تر باتیں عام زندگی میں بھی برتنے اور اختیار کرنے کی ہیں۔

بواسیری سکہ

بواسیر ایسا مرض ہے خونی ہو یا بادی انسان کیلئے پریشانی کا باعث بنتا ہے ویسے تو بیماری کوئی بھی ہو انتہائی پریشان کُن ثابت ہوتی ہے مگر اللہ تعالیٰ نے ہر مرض کا علاج رکھا ہے چاہے جسمانی ہو یا روحانی 9 ذی الحجہ کی رات قربانی کے جانور کو 5 روپے کا موجودہ سکہ رائج الوقت نگلوا دیا جائے اور قربانی کے بعد یہ سکہ جانور کی اوجڑی سے نکال کر دھو لیں اور اس میں سوراخ کر کے بواسیر کے مریض کے گلے میں ڈال دیں ان شاء اللہ اس طلسم کی برکت سے بواسیر کا مرض ختم ہوگا۔ (ادارہ)

قربانی کی روح

تحریر:۔ ملک ذوالفقار علی اعوان (چکوال)

مسلمان معاشروں میں ہمیشہ سے قربانی کرنے کا سلسلہ جاری وساری ہے۔ ہمارے آباؤاجداد بھی قربانیاں کرتے رہے اور ہم بھی بچپن سے اپنے گھروں اور گردوپیش میں لوگوں کو قربانیاں کرتے اور جانوروں کی قربانیاں ہوتے ہوئے دیکھ رہے ہیں۔ عیدالاضحیٰ کی آمد سے قبل جانوروں کی منڈیاں لگ جاتی ہیں اور ملک بھر سے اونٹ، گائیں، بکرے، دنبے اور چھترے ان منڈیوں کی زینت بن جاتے ہیں۔ گاہکوں کا رش ان منڈیوں میں پورے عروج پر ہوتا ہے۔ مال دار لوگوں کی کثیر تعداد اپنی مالی حیثیت کے مطابق ان منڈیوں سے جانور خریدتی ہے۔ اسی طرح متوسط طبقے سے تعلق رکھنے والے اور نادار لوگ بھی اپنی حیثیت کے مطابق جانوروں کا انتخاب کرتے ہیں۔ ان جانوروں کو عید سے قبل اپنے گھروں، فارم ہاؤسز، چراگاہوں اور کھلے میدانوں میں رکھ کر ان کی خوب اچھے طریقے سے نگہداشت کی جاتی ہے۔ بچوں کو بھی ہمیشہ سے جانوروں کے ساتھ دل بہلانے کا ذوق رہا ہے؛ چنانچہ وہ بھی اپنے والدین پر جانوروں کی خریداری کے لیے دباؤ ڈالتے رہتے ہیں۔ جانوروں کی آمد پر بچے خوشی سے پھولے نہیں سماتے۔ جانوروں کو سجانا، ان کی کھال پر مہندی اور دیگر رنگوں سے نقش ونگار بنانا، ان کو چارا کھلانا اور ان کی سیوا کرنا، ان تمام کاموں میں بچے بڑوں سے کسی بھی طور پر پیچھے نہیں رہتے۔ جب قربانی کا دن آتا ہے تو پیشہ ور اور غیر پیشہ ور قصائی ہر جگہ پھیلے نظر آتے ہیں۔ منہ مانگے داموں قربانی کے جانور ذبح کرتے ہیں۔ قربانی کا گوشت کاٹنے کے بعد اس کی دستیوں اور رانوں کو بالعموم اپنے اعزہ واقارب اور تعلقات عامہ کو تقویت دینے کے لیے موثر لوگوں کو تحفے کے طور پر دے دیا جاتا ہے۔ غرباء اور مساکین کی بڑی تعداد بھی کسی حد تک اس گوشت سے فیض یاب ہو جاتی ہے؛ تاہم لوگوں کی اکثریت غریبوں کے حق کو صحیح طریقے سے ادا نہیں کرتی۔ گوشت کے اچھے حصوں کو بغیر کسی تاخیر کے اپنے پیاروں کے گھر پہنچا دیا جاتا ہے' لیکن بالعموم غریب نادار اور مساکین دروازوں کے چکر کاٹتے رہتے ہیں۔ ان کی باری قربانی کا گوشت بانٹے جانے کے بعد اس وقت آتی ہے جب قربانی کرنے والے حجت پوری کرنے کے لیے، قربانی کے نام کی لاج رکھنے کے لیے یا اپنے ضمیر کے بوجھ کو دور کرنے کے لیے ان کو بھی بچے کچے گوشت میں سے کچھ نہ کچھ دے دیتے ہیں۔

جہاں پر لوگوں کی ایک بڑی تعداد اللہ تعالیٰ کی رضا کے لیے اپنے مال کے ایک حصے کو جمع کر کے قربانی کو خریدتی ہے وہاں پر بہت سے لوگ اپنی مالی اور سماجی حیثیت کے اظہار کے لیے بہت بڑی بڑی قربانیاں خریدتے ہیں۔ بڑی قربانی کا خریدنا اس وقت باعث برکت ہے جب انسان کی نیت اللہ تبارک وتعالیٰ کی رضا کا حصول ہو' لیکن جب جانوروں کو فقط اپنے مالی اور سماجی حیثیت دکھانے کے لیے خریدا جائے تو اس وقت انسان کو اس بات کو فراموش نہیں کرنا چاہیے کہ اللہ تبارک وتعالیٰ انسان کی دلی کیفیات سے بخوبی آگاہ ہے۔ قربانی کر لینے کے بعد مختلف رفاہی ادارے اور انجمنیں قربانی کی کھال کے حصول کے لیے سرگرم ہو جاتی ہیں اور قربانی کرنے والے لوگ اپنی اپنی ترجیحات کے مطابق خدمت خلق کے کسی نہ کسی ادارے یا انجمن کو کھالیں دے دیتے ہیں۔ قربانی کرنے کے بعد ہماری زندگیوں میں کیا تبدیلی آتی ہے؟ اس پر غور وخوض کرنے کی ضرورت ہے۔ قربانی کرنے سے پہلے سودی لین دین کرنے والے بہت سے لوگ قربانی کر لینے کے بعد بھی سودی لین دین جاری رکھتے ہیں۔ فواحش، منکرات اور فسق وفجور میں زندگی گزارنے والے بہت سے لوگ قربانی کرنے کے بعد بھی اپنے اسی طرز عمل کو برقرار رکھتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کی نافرمانی کرنے والے بہت سے لوگ قربانی کرنے کے بعد پرانی روش پر گامزن رہتے ہیں۔ غور کرنے کی بات یہ ہے کہ پیسہ لگا کر، وقت اور توانائیاں صرف کر کے جس قربانی کو ہم کرنے جا رہے ہیں کیا ہم نے اس قربانی کی روح کو سمجھنے کی بھی کبھی کوشش کی ہے؟ بچوں کے جانوروں کی سیوا کرنے میں کوئی قباحت نہیں، قربانی کے لیے اچھے جانور کا انتخاب کرنا بھی قابل تحسین ہے، قربانی کا گوشت بانٹنے کے لیے جستجو کرنا اور قربانی کی کھالوں کے مستحق لوگوں تک پہنچانے کے لیے تگ ودو ہر اعتبار سے قابل تعریف ہے' بشرطیکہ قربانی کی وہ روح' جو ہمارے دین نے ہمیں بتائی ہے' ہمارے اندر موجود رہے۔ لمحہ فکریہ یہ ہے کہ قربانی کرنے والوں کی کثیر تعداد قربانی کے تقاضوں اور قربانی کی حقیقی روح کو بھول چکی ہے' اور لوگوں کی کثیر تعداد اسے ایک تہوار اور رسم کے طور پر نبھا رہی ہے۔

قربانی کی تاریخ انتہائی قدیم ہے۔ حضرت آدم علیہ السلام کے دو بیٹوں

اشرف بک ایجنسی، کمیٹی چوک راولپنڈی۔ 0333-5205014 ادارہ روحانیات

کے درمیان تنازع بھی قربانی ہی کے مسئلے پر پیدا ہوا تھا۔ جس بھائی کی قربانی قبول نہ ہوئی اس نے اُس بھائی کو شہید کر دیا' جس کی قربانی کو اللہ نے قبول کر لیا۔ اس نے اپنی شہادت سے پہلے اپنے بھائی کو اس بات کی تلقین کی تھی کہ تو اپنے عمل کی اصلاح کرے اور تقویٰ کو اختیار کرے تو بے شک اللہ تبارک وتعالیٰ پرہیزگاروں کی قربانی قبول کر لیتا ہے۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے قربانی کی تاریخ کو ایک نیا رنگ عطا کر دیا اور اللہ تبارک وتعالیٰ کے حکم پر حضرت اسماعیل علیہ السلام کے گلے پر چھری چلانے کے لیے آمادہ وتیار ہو گئے۔ اللہ تبارک وتعالیٰ نے اپنی نصرت عطا فرما کر سیدنا اسماعیل علیہ السلام کو ذبح ہونے سے بچا لیا اور حضرت ابراہیم علیہ السلام کے قربانی کے جذبے کو قبول فرما لیا۔ رہتی دنیا تک آپ کی اس سنت کو مسلمانوں کے لیے مشعل راہ بنا دیا۔ سوچنے کی بات یہ ہے کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اپنی متاع عزیز کو اللہ تبارک وتعالیٰ کے راستے میں قربان کر دیا تھا' لیکن کیا جانور کے گلے پر چھری چلاتے ہوئے ہم بھی بوقت ضرورت اپنی متاع عزیز کو اللہ تعالیٰ کے راستے میں قربان کرنے کا جذبہ اپنے دل میں پیدا کرتے ہیں یا نہیں؟ کیا وہ چھری جو جانور کے گلے پر چلتی ہے وہ ہمارے نفس کی اکساہٹ، ہماری جھوٹی تمناؤں اور خواہشات پر بھی چلتی ہے یا نہیں؟

اللہ تبارک وتعالیٰ نے کلام حمید میں اس امر کا اعلان فرما دیا کہ بے شک اللہ تعالیٰ کو تمہارا (قربانی کے جانور کا) گوشت اور لہو نہیں پہنچتا بلکہ اس کو تمہارے دل کا تقویٰ پہنچتا ہے۔ کیا اس قربانی کو ہم اللہ تعالیٰ کی رضا اور اس کے خوف اور خشیت کے احساسات کے ساتھ کر رہے ہیں یا فقط اپنی نمود و نمائش کے لیے کر رہے ہیں۔ اگر تو یہ جانور ہم خشیت الٰہی کے لے ذبح کر رہے ہیں اور اللہ تعالیٰ کی رضا اور غریب پروری کے جذبات کو اپنے دل میں جگہ دے رہے ہیں تو یقیناً یہ قربانی دنیا و آخرت میں ہماری فلاح کا سبب ہو گی اور اگر معاملہ اس کے برعکس ہے اور ہم فقط نمود و نمائش چاہتے ہیں یا اپنے بڑے بڑے ریفریجریٹرز میں گوشت جمع کرنا چاہتے ہیں یا اپنی سماجی اور مالی حیثیت کا اظہار کرنا چاہتے ہیں تو ہمارے پیش نظر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی وہ حدیث رہنی چاہیے کہ کل قیامت کے دن ایک شہید، عالم اور قاری کو جہنم میں فقط اس لیے پھینک دیا جائے گا کہ انہوں نے یہ کام اللہ تعالیٰ کی رضا کی بجائے اپنی شہرت کے حصول کے لیے کیے ہوں گے۔

قربانی حضرت ابراہیم علیہ السلام اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت ہے اور جب تک مسلمان موجود ہیں' یہ جاری وساری رہے گی' لیکن قربانی کی ظاہری شکل وصورت کے ساتھ ساتھ ہمیں اس کی روح کو بھی اپنے دل میں جگہ دینے کی ضرورت ہے۔ اگر ہم نے ایسا کر لیا تو پھر ہم صحیح معنوں میں اللہ تبارک وتعالیٰ کے حکم کی تعمیل اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت کی اتباع کرنے میں کامیاب ہو جائیں گے۔

عید الضحیٰ کا خاص تحفہ

تحریر:۔ محمد نبیل منزل (ملتان)

میں اپنے تمام دوستوں کو عید الضحیٰ کی مبارکباد پیش کرتا ہوں جب میرا یہ مضمون شائع ہو گا تو ان شاء اللہ عید الضحیٰ کے ایام بھی نزدیک ہونگے دوست احباب بکرا عید کی بھرپور تیاریوں میں مصروف ہونگے۔ ہر شخص کی کوشش ہوتی ہے کہ قربانی کا جانور بہتر سے بہتر اور اللہ کے حضور اپنی عقیدت کا بھرپور اظہار کریں۔ میری ان دوستوں سے گزارش ہے کہ ایسے وقت میں غریبوں کا ضرور خیال رکھیں سارا گوشت اپنے پاس جمع نہ کریں سفید پوش لوگوں میں ضرور تقسیم کریں بہتر تو یہی ہے کہ سفید پوش لوگوں کو تلاش کر کے اُنکا حصہ اُن تک پہنچائیں جو اُن کا حق ہوتا ہے۔ ایسے وقت میں ایک خاص عمل بتاتا ہوں جس سے آپ کی ہر حاجت پوری ہو گی۔ اللہ تعالیٰ ہر رنج و پریشانی سے محفوظ رکھے۔ عید الضحیٰ کے دن 1100 بار جس مقصد کی نیت سے ذیل کا عمل پڑھیں گے ان شاء اللہ حاجت بر آئیگی اگر قربانی سے قبل بعد نماز فجر یہ ورد کریں تو زیادہ موثر ثابت ہو گا۔

یا اللہ یا اسرافیل صدقہ نبی ابراھیم و آل ابراھیم صدقہ محمد و آل محمد میری حاجت کو پورا کر دو

اس دعا کے اول آخر 11 بار درود ابراہیمی کا ورد کریں۔ ہمیشہ کی طرح سے یہ بات یاد رکھیں کہ دوران ورد وظیفہ بات چیت کرنا کھانا پینا اپنی جگہ سے اُٹھ کر جانا یا ادھر اُدھر دیکھنا بالکل منع ہے۔ بہت بہتر نتائج چاہتے ہیں تو اسی وظیفہ کو بعد نماز فجر روزانہ 3 دن ورد کریں یعنی 10,11,12 ذی الحجہ ان شاء اللہ حاجت بر آئیگی ہر قسم کی مصیبت پریشانی سے نجات ملے گی۔

اس کے علاوہ چند دوستوں میں یہ بات بھی مشہور ہے کہ 9 ذی الحج جب حج کا خطبہ دیا جاتا ہے تو عین اس وقت میں جو بھی دعا مانگیں وہ قبول ہوتی ہے یہ قبولیت دعا کا خاص وقت ہوتا ہے جس سے انکار نہیں کیا جا سکتا۔ آج کل تو درست وقت کا تعین کرنا بہت آسان ہو گیا ہے یعنی کے آپ مکہ مکرمہ کا ٹی وی چینل لگا کر خطبہ بھی سُن سکتے ہیں اور اُس دعا میں اپنے گھر بیٹھے شامل بھی ہو سکتے ہیں لہذا ایسے نایاب وقت کو ہاتھ سے نہ جانے دیں۔ سب سے بہتر ہے کہ اس خاص وقت سے قبل غسل بھی فرما لیں۔

شمع بک ڈپو، کشمیر بازار راولپنڈی۔ 0336-2451457

حج، قربانی اور ایّام تشریق

تحریر:۔قاری اشرف سعیدی مہتمم وامام مدرسہ حافظ عبدالشکور ملتان کینٹ

10 ذوالحجہ حجاج اور تمام مسلمانوں کے لیے خصوصی اہمیت کا حامل ہے۔اس دن حاجی میدان منیٰ میں اور دنیا بھر کے مسلمان اپنے اپنے علاقوں میں قربانی کرتے ہیں۔اللہ تعالیٰ نے سابق اُمتوں پر بھی قربانی کو لازم کیا تھا اور واجب قرار دیا تھا کہ جانور ذبح کرتے وقت اللہ کا نام لیا جائے۔قربانی کی تاریخ اگرچہ بہت قدیم ہے لیکن اسے اپنے کردار اور اعمال سے جس قدر روشن حضرت ابراہیم علیہ السلام نے کیا اس کی مثال ان سے پیشتر نہیں ملتی۔بڑھاپے کے عالم میں اللہ تعالیٰ سے ایک صالح بیٹے کے لیے دعا مانگی تو اللہ تعالیٰ نے حضرت اسماعیل علیہ السلام جیسا حلیم بیٹا عطا فرمادیا۔بیٹا ابھی گود میں ہی تھا کہ اللہ کے حکم پر جناب ہاجرہ اور اسماعیل علیہ السلام کو بے آب وگیاہ وادی میں تنہا چھوڑ دیا۔اللہ تعالیٰ نے حضرت ہاجرہ اور جناب اسماعیلں کے لیے چشمۂ زمزم رواں فرمایا اور اچھے رفقا اور ساتھی بھی عطا فرمادیے۔جب اسماعیل علیہ السلام چلنے پھرنے کے قابل ہوگئے تو سیّدنا ابراہیم علیہ السلام نے خواب میں دیکھا کہ وہ جناب اسماعیل علیہ السلام کے گلے پر چھری چلا رہے ہیں۔انہوں نے اپنے بیٹے کو اپنے خواب سے آگاہ کیا تو حضرت اسماعیل علیہ السلام نے پورے خلوص اور احترام سے کہا:اے میرے بابا آپ وہ کریں جس کا آپ کو حکم دیا گیا ہے۔آپ مجھے صبر کرنے والوں میں سے پائیں گے۔حضرت ابراہیم علیہ السلام اور جناب اسماعیل علیہ السلام نے جب کامل تابعداری کا ذہن بنا لیا تو جناب ابراہیمعلیہ السلام نے اسماعیل علیہ السلام کو پیشانی کے بل لٹایا جب آپ چھری چلانے لگے تو اللہ تعالیٰ نے آپ کو آواز دی کہ آپ نے اپنے خواب کو سچا کر دکھایا ہے اور اللہ تعالیٰ نے جناب اسماعیل علیہ السلام کی جگہ جنت سے آنے والے جانوروں کو ذبح کروادیا۔

یوم النحر حضرت ابراہیم علیہ السلام کی عظیم قربانی کی یادگار ہے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خود بھی قربانی کرتے رہے اور آپ نے اپنی امت کو بھی قربانی کرنے کی تلقین کی۔حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے زندگی کے مختلف ادوار میں مختلف طرح کی قربانی کی۔جب کشادگی ہوئی تو سو اونٹ بھی قربان کیے اور جب غربت کے ایام آئے تو دو مینڈھے بھی اللہ تعالیٰ کی رضا کے حصول کے لیے ذبح کیے۔اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں واضح فرمادیا کہ اللہ تعالیٰ کو جانوروں کا گوشت اور خون نہیں پہنچتا بلکہ اللہ تعالیٰ کو قربانی کرنے والے کا تقویٰ پہنچتا ہے اس لیے جب بھی کوئی شخص قربانی کرنے کے لیے جانور کو لٹائے تو اس کو چھری صرف جانور کے گلے پر نہیں چلانی چاہیے بلکہ یہ چھری جھوٹی امنگوں، غلط آرزوؤں اور سرکش خواہشات پر بھی چلنی چاہیے۔

یوم النحر میں اور بھی بہت سے کام کیے جاتے ہیں جن میں جمرات کو کنکریاں مارنا،اپنے سر کے بالوں کو مونڈھنا اور طواف زیارت کرنا شامل ہے۔ان کی مسنون ترتیب یہ ہے کہ پہلے جمرہ عقبہ کو کنکریاں ماری جائیں، اس کے بعد قربانی کی جائے اس کے بعد حجامت کی جائے اور اس کے بعد طواف زیارت کیا جائے۔اگرچہ یوم النحر کو جمرہ عقبہ پر رمی کرنا،اس کے بعد قربانی،اس کے بعد حجامت اور طواف زیارت کرنا افضل ہے لیکن اگر کوئی غیر ارادی طور پر اس ترتیب کا اہتمام نہ کر سکے تو شریعت اس کا مواخذہ نہیں کرتی اس لیے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس ترتیب پر سختی نہیں برتی۔

یوم النحر کو ماری جانے والی کنکریوں کی وضاحت کچھ یوں ہے۔جب حاجی مزدلفہ میں 9 ذوالحجہ کی رات وقوف کرتا ہے تو اس کو وہاں سے چنے کے حجم کے برابر کی سات کنکریاں چن لینی چاہئیں۔سنن نسائی میں حدیث ہے کہ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم اُونٹنی پر سوار تھے۔میں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے سات کنکریاں اکٹھی کیں جنہیں دو اُنگلیوں کے درمیان رکھ کر پھینکا جا سکے۔جب وہ کنکریاں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاتھ میں رکھ دیں تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہاں ایسی ہی کنکریاں ٹھیک ہیں اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بھی کہا کہ دین میں غلو کرنے سے بچو،تم سے پہلے لوگوں کو دین میں غلو نے ہی ہلاک کیا تھا۔بیمار بوڑھوں اور بچوں کی طرف سے صحت مند نوجوان کنکریاں مار سکتے ہیں۔کنکری جمرہ عقبہ کو نشانہ بنا کر مارنا چاہیے۔جب تک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جمرہ عقبہ کو کنکریاں نہیں مارنا شروع کیں اس وقت تک آپ تلبیہ کہتے رہے اور جب کنکریاں مارنے کی باری آئی تو آپ نے ہر کنکری مارتے وقت اللہ اکبر کہا۔اس رمی کا بنیادی مقصد بھی اللہ کا ذکر کرنا ہی ہے۔

10 ذوالحجہ کو طواف زیارت کرنے کے بعد حاجی پر احرام کے تمام پابندیاں ختم ہوجاتی ہیں۔ایام تشریق 10 ذوالحجہ کے بعد کے تین دن ہیں۔ ان ایام میں کم ازکم دو دن منیٰ میں گزارنے ضروری ہیں اور بہتر ہے کہ تین دن ہی منیٰ میں گزارے جائیں۔ اگر کوئی شخص کسی مجبوری کی وجہ سے 10 ذوالحجہ کو طواف زیارت نہیں کر سکا تو وہ ایام تشریق میں بھی طواف زیارت کرسکتا ہے۔طواف زیارت کے بعد حاجی کے لیے حج کی سعی کرنا بھی ضروری ہے اور اس کو صفا اور مروہ کی سعی اسی طرح مکمل کرنی چاہیے جس طرح اس نے عمرے کی سعی کی تھی۔طواف زیارت اور حج کی سعی کرنے کے بعد حاجی کے لیے منیٰ میں واپس آنا ضروری ہے۔اگر کوئی خاص مجبوری ہو تو ایام تشریق کے دوران مکہ مکرمہ میں بھی قیام کیا جاسکتا ہے۔مسلم شریف کی ایک روایت میں ایام تشریق کو کھانے پینے کے دن اور ایک روایت میں اللہ کا ذکر کرنے کے دن قرار دیا گیا ہے۔ان ایام میں بیت اللہ شریف کا جس حد تک ممکن ہو طواف کرنا چاہیے اور راتوں کو کثرت سے اللہ تعالیٰ کے ذکر اور یاد میں مشغول رہنا چاہیے۔ان ایام میں حاجیوں اور عام مسلمانوں کے لیے روزہ رکھنا درست نہیں تاہم جو شخص حج تمتع کر چکا ہو اور اضافی عمرہ کرنے کے بعد وسائل کی تنگی کی وجہ سے قربانی کرنے سے قاصر ہو تو ایسے شخص کو ایام تشریق کے دوران تین روزے رکھنے چاہئیں اور اپنے وطن واپس آکر اس کو سات روزے مزید رکھنے چاہئیں۔ یہ دس روزے اس کی قربانی کا کفارہ بن جاتے ہیں۔

عرفات، مزدلفہ اور منیٰ بنیادی طور پر کھلے میدان ہیں۔ان میدانوں میں خیمہ زن حاجی مہاجروں اور مسافروں کی طرح کھلے آسمان کے نیچے قدرتی ماحول میں جب اپنے اللہ سے راز و نیاز کی باتیں کرتا ہے تو اس پر اپنے اور کائنات کی بے وقعتی پوری طرح واضح ہوجاتی ہے۔اسی فطری ماحول میں حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اجرام سماویہ کی حقیقت کا تجزیہ کیا تھا اور ستارے، چاند اور سورج کو ڈوبتا ہوا دیکھ کر کہا تھا کہ میں اپنے چہرے کو اس ذات کی طرف موڑتا ہوں جو زمین اور آسمان کا بنانے والا ہے اور آپ نے ہر چیز سے اپنے تعلق کو منقطع کر کے صرف خالق کل اور مالک کل سے اپنے تعلق کو استوار کر لیا تھا۔اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں اہل ایمان کی اس کیفیت کا ذکر کیا ہے کہ وہ اٹھتے بیٹھتے اور اپنے پہلوؤں پر اللہ کو یاد کرتے ہیں اور زمین و آسمان کی تخلیق پر غور کر کے یہ بات کہتے ہیں کہ اے ہمارے رب! آپ نے جو کچھ بھی بنایا ہے باطل نہیں بنایا، آپ کی ذات پاک ہے، ہمیں آگ کے عذاب سے بچالے۔

ایام تشریق کے گزرنے پر حج کے جملہ ارکان مکمل ہو جاتے ہیں لیکن اپنے وطن واپسی سے قبل ضروری ہوتا ہے کہ حاجی بیت اللہ شریف کا الوداعی طواف کرے؛ البتہ حائضہ کو اس کی رخصت دی گئی ہے۔طواف وداع حاجی کے لیے جہاں باعث اطمینان و سکون ہوتا ہے کہ وہ ارکانِ حج کو مکمل کر چکا ہے، وہیں طواف وداع اس کے لیے باعث تکلیف بھی ہوتا ہے کہ اللہ کے گھر سے جدائی کا وقت آن پہنچا ہے۔اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ جنہوں نے تیرے گھر کی زیارت نہیں کی ان کو اپنے گھر کی زیارت کے شرف سے بہرہ ور فرما اور جن لوگوں نے زیارت کی ہے ان کو دوبارہ زیارت کرنے کی توفیق عطا فرما اور ہم تمام مسلمانوں کو ارکان اسلام کو سمجھنے اور ان پر عمل پیرا ہونے کی توفیق عطا فرمائے۔(آمین)

حالت قمر

قمر در عقرب: 16 اگست 13:54 تا 18 اگست 21:44

ھبوط قمر: 16 اگست 17:30 تا 16 اگست 19:18

قمر در ثور: 04 اگست 00:50 تا 06 اگست 06:31

قمر در ثور: 31 اگست 11:23 تا 02 ستمبر 13:01

شرف قمر: 04 اگست 04:31 تا 06:22

شرف قمر: 31 اگست 10:12 تا 00:03

ماہ رواں 'شادی بیاہ کی تاریخیں

4.5.10.11.18.19.20.25.26.27.31

قارئین تحفہ روحانیات سے التماس ہے کہ نقوش اور عبارت عمل کی خود بھی پڑتال کرلیں۔ ادارہ کی جانب سے ان باتوں کا خاص خیال رکھا جاتا ہے مگر پھر بھی غلطی کا احتمال ہے۔ خاص طور سے قرآنی آیات کی قرآن پاک سے پڑتال کریں۔ بہت باریکی سے خیال رکھنے کے باوجود دینی عبارات یا قرآن پاک آیات کی کمپوزنگ غلطی لاعلمی میں ہو سکتی ہے۔قارئین خود بھی احتیاط کریں۔ **(ادارہ)**

14 اگست اور نظریاتی لوگ

تحریر:۔ امیر حمزہ (لاہور)

میں نے دسویں جماعت تک فارسی پڑھی۔ فارسی زبان کو "قندِ پارسی" کہا جاتا ہے۔ یعنی ایسی زبان جو شکر جیسی میٹھی ہو، برصغیر کی سرکاری زبان یہی تھی۔ شعراء اسی میں شعر کہتے تھے، بادشاہوں نوابوں کے قصیدے پڑھتے تھے اور محبوب و معشوق کے گن گاتے تھے۔ یہ شعراء وقت کی گرد میں غبار بن گئے۔ ان کے کلام پرانی لائبریریوں کی بند الماریوں میں دیمکی کیڑوں کی خوراک بن گئے۔ مگر ان شاعروں میں ایک منفرد شاعر نے فارسی میں اپنا دیوان لکھا' اردو میں بھی اپنا کلام کہا اور زندہ جاوید ہو گیا کہ اس کے کلام میں آفاقیت تھی' جذبہ تھا، اسلام کا درد تھا، امت کی فکر تھی، لائحۂ عمل تھا' طریق کار تھا، منہج تھا اور راستہ تھا۔ اس شاعر کو حکیم الامت کہا گیا اس لئے کہ اس نے برصغیر کے مسلمانوں کو ایک نظریہ دیا تھا جو دو قومی نظریہ کہلایا، اس شاعر کا نام علامہ ڈاکٹر محمد اقبال (رحمۃ اللہ علیہ) ہے۔ ان کے اشعار منبر رسول صلی اللہ علیہ وسلم پر ہر مسلک کے علماء کی زبان پر وعظ بن گئے۔ اللہ اللہ! ایسی قبولیت، ایسی عزت، ایسا افتخار! اور یہ آج تک موجود ہے اور بڑھتا ہی جائے گا۔ (ان شاء اللہ)... جی ہاں! یہ عزت اس لئے ملی کہ حضرت علامہ شعر ہی نہ کہتے تھے، عملی میدان میں بھی تھے۔ پاکستان کے مصور تھے۔ وہ کام اتنا سا کرتے تھے جس سے گھر کا گزارہ بخوبی چل جائے اور باقی وقت امت مسلمہ کے لئے تھا۔ ان کے فرزند جاوید اقبال خود کہتے ہیں کہ انہوں نے اپنی والدہ سے کہا، امی جان! لوگوں کے باپ کام پر جاتے ہیں، میرے ابا جان گھر میں ہی ہوتے ہیں، وجہ یہی تھی کہ علامہ اقبال وکالت کرتے، فیس لیتے اور پھر کوئی دوسرا کیس نہ پکڑتے۔ گھر پر امت کی راہبری کیلئے ریسرچ کرتے اور وقت گزارتے۔ کیسی قناعت پسندانہ زندگی تھی۔ اسی زندگی نے ان کو رہتی دنیا تک جاوداں بنا دیا۔

ان کے خوابوں کی تعبیر حضرت قائداعظم کا بھی یہ حال تھا کہ ساری جائیداد پاکستان کے نام کر دی۔ بیٹی نے پارسی بننا قبول کیا تو اس کو ایک دھیلا نہ دیا اور عاق کر دیا۔ اہل پاکستان کو اپنی اولاد سمجھا اور اسی کو اپنی جائیداد کا وارث بنایا۔ اسی کردار نے انہیں قائداعظم بنا دیا۔ لیاقت علی خان' جو نواب تھے اور ہندوستان میں اپنی ایک بڑی جاگیر چھوڑ کے آئے تھے۔ وہ پاکستان کے وزیراعظم تھے۔ ایک بیوروکریٹ نے ان کے سامنے فائل رکھی کہ ہندوستان میں چھوڑی ہوئی جائیداد کے بدلے جو نئی جائیداد آپ کو چاہئے اس پر نشان لگا دیں اور دستخط فرما دیں۔ لیاقت علی خان نے بیوروکریٹ آفیسر کی طرف دیکھا اور تاریخی جملہ کہا، "کیا ہر مہاجر کو اس کا حق مل گیا؟ لے جاؤ یہ فائل" لیاقت علی خان جب شہید ہوئے تو ان کا کل اثاثہ ایک سو روپے کے قریب تھا۔ شیروانی پر جا بجا پیوند لگے ہوئے تھے بنیان بھی بہت زیادہ پھٹی ہوئی تھی مکان کرائے کا تھا۔ اسی کردار نے انہیں قائد ملت بنا دیا۔ کلیم داخل کروانے والی کمیٹی کے سربراہ حضرت مولانا داؤد غزنوی رحمہ اللہ تھے۔ وہ شیش محل روڈ لاہور کے مدرسے میں دو کمروں کے اندر وقت گزار کر وفات پا گئے۔ انہوں نے جائیدادیں حقداروں کو دیں مگر سوائے مدرسہ کی ایک عمارت کے اپنی ذات کے لئے کچھ نہ لیا۔ یہ تھے پاکستان مسلم لیگ کے زعماء، لیڈر اور قائد... اللہ ان کو جنت الفردوس میں جگہ دے (آمین)

میرے پاکستان کی عمر تقریباً 70 سال ہو گئی ہے۔ میں اپنے ملک سے 11 سال چھوٹا ہوں۔ اپنی زندگی میں ایوب خان سے لے کر آج تک کتنے ہی حکمران دیکھ لئے مگر کسی حکمران کے لئے دل سے دُعا نہیں نکلی... ہاں! آج ایک ایسا حکمران ملا ہے کہ میں نے رات کے اندھیرے میں اور دن کے اجالے میں اس کے لئے اس طرح دُعا کی کہ سجدے میں گیا، آنسو بہاتا رہا، پھر اٹھا' دوزانو ہو کر رب کریم کے دربار میں پیش ہوا اور ہاتھ پھیلا کر حکمران کے لئے دعائیں کرتا رہا... اس کا نام ہے سچی عزت۔ میرا اس حکمران سے نہ کوئی رابطہ ہے، نہ رابطے کا کوئی ذریعہ ہے، نہ پروگرام ہے، نہ دل میں کوئی خواہش ہے اور میں ایک نہیں' نہ جانے دنیا بھر میں کتنے لاکھ پاکستانیوں کے کتنے کروڑ سجدے اور دعائیں ہیں جو اس حکمران کے لئے ہیں۔ اس حکمران نے کیا کیا ہے؟ وہ معروف معنوں میں کوئی آئینی حکمران نہیں ہے لہٰذا اس کا نہ کوئی وعدہ ہے، نہ عہد ہے، نہ کوئی قوم سے خطاب ہے۔ نہ وہ بوگس قسم کا نوٹس لیتا ہے۔ بس اس کا عمل ہے جو بولے جا رہا ہے۔ کراچی میں امن ہو گیا، بھتہ ختم ہو گیا، ٹارگٹ کلنگ کا ہلکا ہلکا شائبہ رہ گیا، تاجروں نے اس رمضان کو جی بھر کر مسجدوں کو بھرا' دعاؤں میں حکمران کو خوب یاد کیا، بلوچستان اب بدل چکا ہے، کرپشن میں کمی آ گئی ہے، وہ بھاگا پھرتا ہے۔ چترال کے پہاڑی سیلاب میں دیکھو تو وہ نظر آتا ہے' میدانی

اختر بک ڈپو، بھوانہ بازار فیصل آباد۔ 0313-7091558 ادارہ روحانیات

علاقوں کے سیلاب میں نظر ڈالو تو وہی وردی والا دکھائی دیتا ہے۔ جنوبی افریقہ میں دیکھو تو دہشت گردوں کو نکیل ڈالتا ہوا نظر آتا ہے' عید کو دیکھو تو عید کی رات اور عید کا دن جنوبی وزیرستان کے ان جوانوں کے ساتھ منایا تا وہ نظر آتا ہے جنہوں نے آرمی پبلک سکول کے ننھے بچوں کے قاتلوں کو ڈھونڈ ڈھونڈ کر ختم کر دیا ہے۔ کیسا ہے اور کون ہے یہ حکمران؟

آج تک سیاسی اور فوجی حکمرانوں کا وتیرہ یہی رہا ہے کہ بری اور ملک دشمن روایتوں کو ختم کرنے کا اعلان کیا اور پھر جس گاڑی میں سوار ہو کر آگے بڑھے وہ ایک کلومیٹر کا سفر آگے کو کرتی تھی تو مفاد پرستانہ حکمرانی کے لالچ میں وہ حکمران ریورس گیئر لگاتے اور پون کلومیٹر پیچھے کو آجاتے۔ اس کے برعکس یہ جو موجودہ حکمران ہے یہ ایسی گاڑی میں سوار ہے جس کا ریورس گیئر ختم کر دیا گیا ہے۔ اس کا کام اب آگے ہی بڑھنا ہے، پیچھے ہٹنے کا آلہ ہی موجود نہیں۔ اس حکمران کو ایسی توفیق کیوں ملی ہے؟ سوچتا ہوں تو بات ایک ہی سمجھ آتی ہے کہ وہ لالچ سے پاک ہے۔ پلاٹ پیش کیے گئے تو انکار۔ اٹھارہ لاکھ کی ساڑھیاں گھر کی دہلیز پر آئیں تو واپس وہیں چلی گئیں جہاں سے آئی تھیں۔ قائد ملت کے کردار کی خوشبو ایک بار پھر سونگھنے کو ملی، ہاں ہاں! ایک بار پھر مشام جاں بنی... اللہ نے قران پاک میں اسی لئے فرمایا، جو کوئی دل کے لالچ سے بچا لیا گیا تو ایسے لوگ ہی کامیاب ہیں۔ جی ہاں! یہ حکمران کامیاب ہے۔ میں ایسے شخص کو سیاستدانوں کی متکبرانہ زبان میں 22 ویں گریڈ کا افسر کہوں کہ حکمران کہوں، نہیں نہیں، میں کچھ بھی نہیں کہتا، افسر بھلا ایسے ہوتے ہیں؟ ہم افسر شاہی کو جانتے ہیں اور حکمران تو میں کہہ نہیں سکتا کہ آئینی موشگافی میں نہ جانے کیسا کیسا شگاف پڑ جائے۔ ہاں! یہ اک شخص ہے، عمومی معنوں میں حکمران ہے، حکمرانی کر رہا ہے اور اٹھارہ کروڑ دلوں پر اور اٹھارہ کروڑ دل اس کی حکمرانی کے والا وشیدا ہیں۔

اے کاش! سیاست دانوں کو اب بھی حکمرانی کا ڈھنگ آجائے۔ میرے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "تمہارے بدترین حکمران وہ ہیں کہ تم ان سے بغض رکھتے ہو اور وہ تم سے بغض رکھتے ہیں" (مسلم) دونوں ایک دوسرے سے بغض رکھتے ہیں لیکن بدترین صرف حکمران ہیں جو عوام سے بغض کی پالیسیاں بناتے ہیں۔ جواب میں مظلوم عوام بغض ہی رکھ سکتے ہیں، ایسے حکمرانوں کے لئے دعا کہاں سے ہوگی اور کون کرے گا؟ تبدیلی حکمران لاتا ہے۔ میرے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے قوم بنائی تھی، تبدیل کیا تھا، اسی لئے مائیکل ہارٹ نے 100 اہم ترین شخصیات میں سے میرے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو پہلا نمبر دیا تھا۔

قائداعظم نے اسی طرز پر نیشن بلڈنگ کا کام کیا، سنگاپور کا مسٹر لی ہو یا جنوبی افریقہ کا نیلسن منڈیلا، ملائشیا کا مہاتیر، انہوں نے اپنی اپنی اقوام کو تبدیل کیا... ہاں ہاں! اب میرے پاکستان کی قسمت بھی بدلنے چلی ہے۔ 2018ء کا 14 اگست یہ پیغام لایا ہے، سندیسہ جس شخصیت کے کردار سے سنائی دے رہا ہے اس کا نام جنرل قمر جاوید باجوہ ہے، پاکستان میں شریفانہ اقتدار تو 25 سال سے دیکھتے چلے آرہے ہیں مگر اب پیغام ملا ہے کہ شرافت کو اپنی آنکھوں سے دیکھ لو۔ بم دھماکے ختم ہیں، امن کی شاہراہ پر جیپ دوڑ رہی ہے، میں یہ جیپ سارے ملک میں دوڑتی دیکھ رہا ہوں، اے پاکستانیو! موجودہ 14 اگست مبارک ہو۔

(پاکستان زندہ باد)

رسالہ گھر منگوائیں

اگر آپ کے شہر یا قریبی بکسٹال پر رسالہ مزمل کی نمبر برائے ہر ڈر انہیں ملتا یا فوٹو اسٹیٹ ملتا ہے۔ ظاہر ہے کہ فوٹو اسٹیٹ میں دو کاندار چند ٹکوں کی خاطر کم صفحات فوٹو کاپی کر کے ایک طرف ادارہ کو نقصان اور دوسری جانب آپ سے بددیانتی کا ثبوت دیتے ہیں۔ گھر بیٹھے اصل رسالہ مزمل کی نمبر منگوانے کیلئے دیئے گئے فون نمبر پر رابطہ کریں اس طرح آپ کے تعاون سے ادارہ مزید مضبوط ہوگا اور مارکیٹ میں آنے سے قبل رسالہ آپ کے ہاتھوں میں موجود ہوگا اور آپ اسے بھرپور فائدہ اُٹھا سکیں گے۔

قربانی کا جانور کیسا ہو؟

حضور اکرم ﷺ کا فرمان ہے کہ قربانی کے جانوروں کو خریدتے وقت اچھی طرح دیکھ لینا چاہیے بے داغ وعیوب ونقائص سے پاک جانور خریدنا چاہیے۔ تمام حدیث پر غور کرنے سے موٹے موٹے یہ سات عیوب دکھائی دیتے ہیں۔

نمبر 1:۔ ظاہر لنگڑا نہ ہو۔

نمبر 2:۔ کانا یا اندھا نہ ہو۔

نمبر 3:۔ بہت بیمار نہ ہو۔

نمبر 4:۔ اتنا بوڑھا نہ ہو کہ اس کی ہڈیوں کا گودا باقی نہ رہا ہو۔

نمبر 5:۔ اس کے سینگ کٹے ہوئے نہ ہوں۔

نمبر 6:۔ اس کے کان کٹے ہوئے نہ ہوں۔

نمبر 7:۔ اس کے کان پھٹے ہوئے نہ ہوں۔

اسلامی فلاحی پاکستان

تحریر:۔ ظہیر الٰہی (کراچی)

14 اگست 1947ء کو پاکستان دنیا کے نقشے پر اُبھرا۔ ہمارا پیارا وطن پاکستان مسلمانانِ ہند کے خوابوں کی تعبیر ہے جس کے حصول کے لیے کئی عشروں تک ہندوستان کے طول وعرض میں بسنے والے مسلمانوں نے اپنے عظیم قائدین کی قیادت میں زبردست جدوجہد کی۔ حضرت محمد علی جناح، حضرت علامہ محمد اقبال ودیگر قائدین نے برصغیر کے طول وعرض میں بڑے بڑے اجتماعات کا انعقاد کیا۔ جلسے، جلوسوں کے ساتھ ساتھ مختلف سیاسی فورمز پر بھی آزادی کے حصول کے لیے زبردست تحریک چلائی گئی۔ اس پرامن تحریک کو سبوتاژ کرنے کے لیے انگریز سامراج اور ہندو مکار نے باہم گٹھ جوڑ کے ذریعے مسلمانوں کو زبردست تشدد کو نشانہ بنایا۔ بوڑھوں کی داڑھیاں لہو میں تربتر ہوگئیں' ماؤں کے سروں سے دوپٹوں کو اتارا گیا' بہنوں کو بے حرمت کیا گیا' نوجوانوں اور بچوں کے لہو سے زمین کو رنگین کر دیا گیا۔ ان ساری قربانیوں کے بعد بھی پاکستان کے قیام کے وقت برصغیر کے مسلمان انتہائی خوش تھے کہ ہم نے ایک آزاد وطن حاصل کرلیا۔ گو ہم نے جغرافیائی اعتبار سے آزادی حاصل کر لی لیکن اللہ تعالیٰ کی اس عظیم نعمت کے حصول کے بعد بھی کرنے والے بہت سے ایسے کام تھے جن کو کرنے میں تاحال ہم کامیاب نہ ہو سکے۔ پاکستان کو کس طرح کا ہونا چاہیے؟ اس حوالے سے مختلف لوگ اپنے اپنے افکار اور نظریات بیان کرتے رہتے ہیں۔ محبِ وطن اہلِ دین کس طرح سوچتے ہیں؟ اس حوالے سے چند گزارشات قارئین کے سامنے رکھنا چاہتا ہوں۔

پاکستان چونکہ ایک اسلامی جمہوری ریاست ہے۔ اس لیے اس میں قرآن وسنت کی بالادستی کو یقینی بنانا حکمرانانِ وقت کی ذمہ داری ہے۔ گو اس ملک میں بسنے والے غیر مسلم بھی پاکستان کے شہری ہیں اور انہیں شہریت کے لحاظ سے مساوی حقوق حاصل ہیں لیکن ملک کی اپنی جہت اور نظام حکومت کو کتاب وسنت کے تابع ہونا چاہیے۔ پاکستان کی جہت کو تبدیل کرنے کے خواہش مند بہت سے لوگ حضرت محمد علی جناح کے بعض اقوال کو پیش کر کے یہ بات ثابت کرنے کی کوشش کرتے ہیں کہ حضرت قائد پاکستان کو ایک سیکولر ریاست بنانا چاہتے تھے۔ یہ بانیٔ پاکستان پر بہت بڑا بہتان ہے۔ آپ کے مختلف خطبات اور تقاریر سے واضح ہوتا ہے کہ آپ پاکستان کو اسلام کا دیس بنانا چاہتے تھے۔ ایک اسلامی فلاحی ریاست' جہاں توحید اور سنت کے ابلاغ کی ہر حوالے سے حوصلہ افزائی ہو۔ ایک اسلامی فلاحی ریاست کے حکمرانوں کی یہ بھی ذمہ داری ہے کہ وہ سورہ حج کی آیت نمبر 41 کو مدنظر رکھیں۔ اللہ تبارک وتعالیٰ آیت مبارکہ میں ارشاد فرماتے ہیں "وہ لوگ کہ اگر ہم زمین میں انہیں اقتدار دیں (تو) وہ نماز قائم کریں اور زکوٰۃ ادا کریں اور نیکی کا حکم دیں اور برائی سے روکیں اور تمام امور کا انجام اللہ ہی کے اختیار میں ہے۔" چنانچہ یہ حکمرانوں کی ذمہ داری ہے کہ وہ نظام صلوٰۃ کے قیام کو یقینی بنائیں۔ گو پاکستان میں مساجد کی کثیر تعداد ہے لیکن تعلیمی اداروں اور کاروباری مراکز میں جس حد تک نماز کا اہتمام ہونا چاہیے وہ تاحال نہیں ہوسکا۔ کالجوں، یونیورسٹیوں، سکولوں اور کاروباری اداروں کے نظام الاوقات کو نمازوں کے ساتھ مربوط کرنا کچھ مشکل نہیں۔ اگر ایسا کام کرلیا جائے تو یقینی طور پر نماز پڑھنے والوں کی حوصلہ افزائی اور نماز سے بے رغبتی اختیار کرنے والوں کی حوصلہ شکنی ہوسکتی ہے۔ نظام صلوٰۃ کے بعد قرآن مجید کے مطابق حکمرانوں کی ترجیح نظام زکوٰۃ کا قیام ہونا چاہیے۔ ہمارے ملک میں سطح غربت سے نیچے رہنے والے لوگوں کی کثیر تعداد موجود ہے اور ان کی بدحالی کے ازالے کے لیے 70 برس گزر جانے کے باوجود کوئی فیصلہ کن منصوبہ تیار نہیں کیا جاسکا۔ مختلف ادوار میں بعض انکم سپورٹ پروگراموں کو متعارف کروایا گیا لیکن ان پروگراموں کے اثرات عام طور پر حکومتی جماعت سے وابستہ لوگوں تک محدود رہے۔ حکومت کو اس طرح کے کام پارٹی کی وابستگی سے بالاتر ہوکر پوری قوم کے لیے کرنے چاہئیں اور اس کی بہترین صورت یہ ہے کہ بوجھل اور غیر ضروری ٹیکسوں کے نظام کو نظام زکوٰۃ سے تبدیل کیا جائے۔ اگر زکوٰۃ، عشر، صدقات اور خیرات کی بنیاد پر منظم بیت المال کو قائم کرلیا جائے اور علاقائی سطح پر اکٹھی کی جانے والی زکوٰۃ، خیرات اور صدقات کو اسی علاقے کے غریب، محروم، مساکین اور بیواؤں کی بحالی پر لگا دیا جائے تو کچھ ہی برسوں میں معاشرے سے بے روزگاری اور غربت کا خاتمہ ہوسکتا ہے۔

نظام صلوٰۃ اور نظام زکوٰۃ کے ساتھ ساتھ اسلامی حکومت کی یہ بھی ذمہ داری ہے کہ تمام معروف کاموں کی حوصلہ افزائی کرے۔ معروف کاموں کی اگر

فہرست کو مرتب کیا جائے تو اس میں مفت تعلیم دینے والے ادارے، طبی سہولیات کے مراکز، یتیموں اور بیواؤں کی بحالی کے سینٹر اور مفلوک الحال لوگوں کے لیے مفت خورونوش کے ادارے شامل ہیں۔ اگر معروف کاموں کے نیٹ ورک کو سرکاری سطح پر منظم کیا جائے تو معاشرے کے غریب لوگوں کی زندگی اور رہن سہن کے انداز میں نمایاں تبدیلی رُونما ہوسکتی ہے۔ یہ ایک حقیقت ہے کہ مذہبی تحریکوں اور رفاہی اداروں نے اس ذمہ داری کو حکومتی اور ریاستی اداروں سے کہیں بڑھ کر ادا کیا ہے۔ جب کہ سماجی فلاح پر مبنی پُر امن معاشرے کا قیام درحقیقت ریاست کی ذمہ داری ہے۔ آج بہت سے یورپی ممالک میں سماجی فلاح کا نظام موجود ہے جس کے تحت انسانوں کی بنیادی ضروریات کو ریاست پورا کرتی ہے۔ معروف کاموں کی ذیل میں ان تمام کاموں کو خصوصی اور ترجیحی بنیادوں پر توجہ دینے کی ضرورت ہے۔ خلفاء راشدین اور بالخصوص حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے سماجی فلاح و بہبود کا ایسا نظام متعارف کروایا کہ کوئی بدحال شخص بھی اسلامی ریاست میں رہتے ہوئے اپنے مستقبل کے بارے میں متفکر اور متردد نہیں رہتا تھا۔ جلد یا بدیر بیت المال کے ثمرات اس کے دروازے تک پہنچ جایا کرتے تھے۔

ایک اسلامی ریاست میں جہاں معروف کاموں کی حوصلہ افزائی ہونی چاہیے وہیں پر فواحش اور منکرات کی بیخ کنی اور حوصلہ شکنی کرنا بھی اسلامی ریاست کی ذمہ داری ہے۔ چنانچہ قحبہ خانوں، منشیات فروشی کے مراکز، جواء خانوں اور اس قسم کے دیگر دھندوں کو فی الفور بند ہونا چاہیے۔ اسی طرح سودی معیشت پر مبنی نیٹ ورک کو اسلامی سرمایہ کاری کے نظام کے ساتھ تبدیل کرنے کی ضرورت ہے۔ اس حوالے سے علمائے دین کو بھی اپنا کردار ادا کرنا چاہیے اور سود کے حقیقی متبادل نظام یعنی صدقہ و خیرات کی حوصلہ افزائی کرنی چاہیے۔ اگر سرمایہ دار ہمہ وقت اپنے سرمائے کو بڑھانے کے لیے سود کھانے کی بجائے عوام کے درد کو محسوس کرتے ہوئے زکوٰۃ کے ساتھ ساتھ اپنے مال کا ایک مناسب حصہ صدقہ و خیرات کرتے رہیں تو معاشرے میں انسانوں کے استحصال کے راستے خود بخود مسدود ہوسکتے ہیں۔

اسلامی فلاحی ریاست میں جرم و سزا کا بھی ایک موثر نظام موجود ہونا چاہیے جس کے ذریعے جرائم پیشہ عناصر کی مکمل طور پر حوصلہ شکنی ہو۔ اسلام نے دہشت گردوں، قاتلوں، بدکاروں، شراب نوشوں، چوری کرنے والوں، ڈاکے ڈالنے والوں، دھوکہ اور فراڈ کرنے والوں اور جھوٹی تہمت لگانے والوں کے لیے کڑی سزاؤں کو مقرر کیا ہے۔ اگر ان سزاؤں کو معاشرے میں لاگو کر دیا جائے تو قانون اور سزا کے خوف کی وجہ سے بے شمار لوگ جرائم کے ارتکاب سے باز آ سکتے ہیں۔ اسلامی ریاست کے حوالے سے بہت سے لبرل اور دین سے بیزار لوگ اس بات کا گمان کرتے ہیں کہ شاید اسلامی ریاست میں اقلیتوں اور خواتین کے حقوق کو غصب کیا جائے گا۔ ان کی یہ سوچ حقیقت سے متصادم ہے، ایک اسلامی ریاست یقینی طور پر خواتین کی تعلیم کی حوصلہ افزائی کرتی ہے اور اس سلسلے میں اُمہات المومنین اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی بیٹیوں کی سیرت و کردار ہمارے سامنے ہے۔ بالخصوص حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے تعلیم و تعلم کے اعتبار سے خواتین کے لیے ایک سنہری مثال قائم کی۔ اسی طرح اسلامی ریاست میں اقلیتوں کے حقوق بھی محفوظ رہتے ہیں۔ اقلیتوں کے ساتھ دینی مسائل میں مسلمانوں کو مذاکرے، مباحثے اور دلائل کے تبادلے کا حق ہے لیکن جہاں تک تعلق ہے حقوق شہریت کا تو ایک اسلامی معاشرے میں بسنے والی تمام اقلیتوں کو اپنے مذہب کے مطابق زندگی گزارنے کی مکمل آزادی ہوتی ہے۔ اگر ہم حقیقی معنوں میں پاکستان کو ایک اسلامی فلاحی ریاست بنانا چاہتے ہیں تو ہمیں اس سلسلے میں قرآن و سنت سے رہنمائی حاصل کرنی چاہیے۔ اللہ تبارک و تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ پاکستان کو صحیح معنوں میں ایک اسلامی فلاحی ریاست میں تبدیل کر دے۔ آمین

قربانی کا جانور کیسا ہو؟

ذی الحجہ کا مہینہ بے شمار فضیلتوں، سعادتوں اور عظمتوں کا مہینہ ہے۔ اس کی سب سے بڑی فضیلت یہ ہے کہ اسی مہینہ میں حضرت ابراہیم علیہ السلام کی عظیم الشان یادگار منائی جاتی ہے۔ مسلمان جانوروں کی قربانی دے کر سنت ابراہیمی کو زندہ کرتے ہیں اور اپنے مخلصانہ جذبات اور والہانہ عقیدت کا اظہار کرتے ہیں۔

حج اور قربانی دونوں اہم مناسک ذی الحجہ کے پہلے عشرے میں انجام پاتے ہیں اسی بنا پر سال کے تمام دنوں سے اس عشرہ کو فضیلت حاصل ہے۔ ان دس دنوں میں جو نیک عمل کیا جائے اسے اللہ تعالیٰ کے ہاں بے حد قبولیت حاصل ہے۔ بخاری شریف میں حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

عشرہ ذی الحجہ میں اللہ تعالیٰ کے نزدیک عمل صالح کو جو مقبولیت حاصل ہے، وہ اور کسی میں حاصل نہیں ہوتی۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کیا: یا رسول اللہ! کیا اللہ کے راستے میں جہاد کو یہ مقام حاصل نہیں؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے جواب دیا: جہاد کو بھی نہیں، سوائے اس کے جو اپنی جان و مال اللہ کے راستہ میں لے کر نکلا ہو اور دونوں چیزیں اس کے راستے میں قربان کر دے۔

روحانی صبح

ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ صاحب کے سنگ

تحریر: محمد علی فلکی (ملتان)

محترم دوستو! السلام علیکم! ہمارے معاشرہ میں بڑھتی ہوئی بے راہ روی کی وجہ سے جرائم میں اضافہ ہو رہا ہے، یہی وجہ ہے کہ اس معاشرہ میں موچی سے لے کر بڑے سے بڑا سیاست دان بھی کرپشن میں ملوث ہے، عزت دولت شہرت کو حاصل کرنے کے چکر میں ہر شخص لگا ہوا ہے۔ انسانی اقدار بالائے طاق رکھ دی گئی ہیں اللہ تعالیٰ ہمارے حال پر رحم فرمائے۔ (آمین)

محترم قارئین کرام! گزشتہ دنوں وسیب ٹی وی چینل کی جانب سے ماہر روحانیات کے ہمراہ ایک مارننگ شو ''سویل دے رنگ'' کا اہتمام کیا گیا۔ اس روحانی صبح ماہر روحانیات سے کئی سوالات معلوم کئے گئے، یہ ایسے سوالات تھے جن کے بارے ایک عام قاری، ناظر معلومات چاہتا ہے۔ یہ پروگرام براہِ راست نشر ہوا۔ پروگرام کا آغاز صبح 9 بجے 22 جون 2018ء کو ہوا، اس پروگرام میں ماہر روحانیات کے ساتھ مکۃ المکرمہ سے قاری عبدالسنان صاحب اور دیگر نعت خواں حضرات نے بھی شرکت کی۔

محترم دوستو! وسیب ٹی وی چینل سرائیکی زبان کا چینل ہے اور جنوبی پنجاب سمیت دنیا بھر میں دیکھا جاتا ہے۔ لہٰذا میزبان اینکر نے سرائیکی میں سوالات کئے۔ اِن سوالات کے جوابات ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ صاحب نے اُردو زبان میں دیئے اس کی بڑی وجہ یہ بھی تھی کہ ماہر روحانیات کا ایک وسیع حلقہ احباب پاکستان سعودی عرب، دبئی، امارات، انڈیا، بنگلہ دیش افغانستان سمیت دُنیا بھر میں ہے۔ ان ممالک میں سرائیکی زبان بولی اور سمجھی نہیں جاتی۔

پروگرام کا مقصد عوام الناس میں روحانی شعور بیدار کرنا تھا اور ان خدشات کو دور کرنا تھا جو کہ اکثر و بیشتر عام و خاص لوگوں کے ذہن میں قرآنی اور روحانی علوم بارے غلط فہمیاں پیدا کی گئی ہیں۔ یہ بات اٹل ہے کہ سوشل میڈیا پر جعلی روحانی اسکالر اور روحانی ماہرین کا ایک سمندر نظر آئے گا۔ ان میں بھی 99 فیصد ایسے افراد ہیں جن کا روحانیت سے دور کا بھی تعلق نہیں، ایسے ہی لوگوں کی وجہ سے یہ مقدس شعبہ بدنام ہو چکا ہے۔ نئی نسل کے روحانی اسکالر صاحبان نے اپنی اپنی ویب سائیٹس بنوالی ہیں۔ ان سائٹس پر 20 گھنٹہ یہ لوگ آن لائن لوگوں کی عزتوں سے کھیلتے ہیں بظاہر یہ لوگ مجبور لوگوں کی روحانی امداد کر رہے ہوتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ ایک اچھا خاصا شریف انسان بھی پریشان ہو کر بھی ان روحانی سکالرز کے پاس نہیں جانا۔ عام لوگوں میں روحانیت بارے غلط فہمی دُور کرنے کی غرض سے روٹری کلب کی صدر محترمہ رضوانہ تبسم درانی نے اس پروگرام کے لئے پُرزور اصرار کیا۔ وسیب چینل کے پروڈیوسر جناب محترم سہیل خان صاحب کے ذریعے اس مارننگ شو کو ترتیب دیا۔

پروگرام ''سویل دے رنگ'' کے مختصر سوال و جوابات اِن قارئین کی خدمت میں شائع کر دیئے۔ جو کہ اب تک کسی وجہ سے یہ پروگرام نہ دیکھ سکے۔ یہاں صرف آدھا گھنٹہ کے پروگرام کی گفتگو شائع کی جا رہی ہے۔

اینکر پرسن! میں جاننا چاہتی ہوں کہ کس قسم کے مسائل لوگ لے کر آپ کے پاس آتے ہیں۔

ماہر روحانیات! زیادہ تر ہمارے پاس طلاق، حسد، نظر بد، جادو، جنات کے مریض آتے ہیں، ان مسائل کی بنیادی وجہ حسد ہوتی ہے اور آپس کی معمولی چپقلش ہوتی ہے اسی وجہ سے لوگ پریشان ہو کر روحانی امداد کی طرف رُخ کرتے ہیں اور کبھی کبھار یہ پریشان لوگ غلط ہاتھوں میں بھی چلے جاتے ہیں۔ اُن غلط ہاتھوں میں چلے جانے کے بعد ان پریشان حال کا خود غرض لوگ بُرا حشر کر دیتے ہیں۔ کالے، سفلی ہندو، عیسائی مخفی علوم کے نام پر ان پریشان حال لوگوں کے ساتھ مزید زیادتی کی جاتی ہے۔ ایک طرف تو لوگ ان لوگوں کی رقم کی بربادی، عزت کی بربادی اور سب سے بڑھ کر ایمان کی بربادی ہوتی ہے۔ ان سب مسائل کا حل قرآن پاک میں موجود ہے۔ ہمارے ''روحانی ماہنامہ تحفہ روحانیات'' کا اصل مقصد یہی ہے۔

''اللہ رب العزت نے انسانوں کے اعمال کی خرابی پر جادو اور جنات کو عذاب کی شکل میں مسلط فرمایا۔ اس کی مدافعت صرف تعویزات وغیرہ سے نہیں کی جا سکتی جب تک اعمال کی درستی کی جانب توجہ نہ دی جائے۔ ہماری اپنی بد اعمالی ہوتی ہے جس کی وجہ سے حسد، جادو، نظر بد ہم پر مسلط ہو جاتے ہیں۔ اگر اپنے اعمال کو درست کر لیا جائے تو ان چیزوں سے ہم بالکل محفوظ رہ سکتے ہیں۔

اینکر پرسن! جی ہاں بالکل بالکل! لازمی بات ہے کہ اگر کوئی شخص پانچ وقت نماز کا اہتمام کرے تو یقیناً ان چیزوں سے بچا جا سکتا ہے اس کے علاوہ قرآن پاک پڑھنے والے بھی ان سے بچ سکتے ہیں۔ اچھا اب

میں آپ سے بات کرتی ہوں نظر بد کی کہ نظر ہے کیا، کیونکہ ہم دیکھتے ہیں کہ ہر چیز اپنے معمول پر چل رہی ہوتی ہے، ہر طرف خوش حالی نظر آ رہی ہوتی ہے۔ پھر اچانک کاروبار بند ہو جاتا ہے۔ بچے بعض اوقات ضد کرنا شروع کر دیتے ہیں۔ والدین پریشان ہو جاتے ہیں کہ بچہ سکول اچھا خاصا جا رہا تھا تعلیمی میدان میں بھی بہترین تھا۔ مگر اچانک یہ سب کیا ہو گیا۔ کیا یہ سب نظر بد ہے یہ بھی بتائیں کہ نظر کس طرح لگتی ہے؟

ماہر روحانیات! نظر بد در حقیقت سب سے بڑا جادو ہے جس میں آپ کو کچھ پڑھنے کی ضرورت نہیں ہوتی۔ اس میں آپ کو کچھ بھی دفنانے کی ضرورت نہیں ہے، اس کے لئے آپ کو کوئی دوسرا عمل کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ نظر بد دراصل اپنے اندر کا ایک شیطان ہے جو کہ دوسرے شخص پر مسلط کر دیا جاتا ہے۔ جس شخص پر نظر بد ہوتی ہے اس کا کاروبار بہتر چل رہا ہو تو یک دم رک جاتا ہے۔ نظر بد کی وجہ سے بچوں کی تعلیم و تربیت متاثر ہو جاتی ہے۔ کند ذہن ہو جاتے ہیں۔ ایسے بچے عملی زندگی میں بھی ترقی نہیں کر پاتے۔

اینکر پرسن! جی ہاں! اچھا ایک بات ہے کہ نظر بد غیروں کی تو لگتی ہے اپنوں کی بھی بعض اوقات لگ جاتی ہے یعنی اگر ہم پیار سے بھی بچوں کو دیکھیں تو اپنی نظر بھی لگ سکتی ہے؟

ماہر روحانیات! والدین کی اپنے بچوں کو بھی نظر لگ جاتی ہے۔ پیار کی نظر بھی لگ جاتی ہے۔ جس کی وجہ سے مختلف مسائل پیدا ہو جاتے ہیں اور جب نظر بد لگ جائے تو اس کا سب سے آسان حل ہے کہ ہم لوگ قرآن مجید پر توجہ نہیں دیتے تو جب پتہ لگ جائے کہ نظر بد ہے یا پھر شبہ بھی ہو جائے تو سب سے پہلے ہم قرآن کی آیت مبارکہ ''**اعوذ باللہ من الشیطن الرجیم**'' اگر اس آیت مبارکہ کو سات بار پڑھ کر پانی پر دم کر کے نظر بد والے شخص کو پینے کیلئے دے دیا جائے یا پانی پر دم کر کے دکان و مکان میں چھڑک دیا جائے تو نظر بد کے اثرات ختم ہو جاتے ہیں۔

دوسری بات یہ ہے کہ صدقہ اور خیرات اللہ کی جانب سے مصائب و مشکلات کے آسان ترین زرائع ہیں اگر صدقہ دے دیا جائے تو بھی نظر بد ختم ہو جاتی ہے۔ لیکن اس جانب لوگوں کی توجہ بہت کم ہے۔ بجائے کہ صدقہ خیرات سے نظر بد کا علاج کیا جائے لوگ دوسرے طریقہ علاج کو زیادہ ترجیح دیتے ہیں۔ یعنی ٹونے ٹوٹکے وغیرہ۔۔۔

اینکر پرسن! جی ہاں لوگ جن لوگوں کے پاس جاتے ہیں۔ میری بہت سی بہنیں مختلف وہمات میں مبتلا رہتی ہیں کہ ہم پر ہماری بھابی نے کچھ کروا دیا، پھر یہ لوگ جن کے پاس جاتے ہیں ان سے معالج بھی اسی قسم کے سوالات کرتے ہیں کہ آپ کا دشمن کون ہے؟ ایسے ہی لوگ ان کی نفسیات سے فائدہ اُٹھاتے ہیں اور قریبی رشتوں کو بھی خراب کر دیتے ہیں لیکن یہ حقیقت بھی ہے کہ دیکھنے میں آیا کہ قریبی رشتہ داروں نے بھی جادو کروا دیا۔ بیشتر نام نہاد جعلی روحانی معالجین لوگوں کے ذہن میں اس بات کو ڈال دیتے ہیں کہ یہ آپ کا دشمن ہے اور اس نے یہ سب کچھ کروایا ہے اسی طرح غلط وہم سائل کے ذہن میں ڈال دیا جاتا ہے۔ پھر یہی وجہ بنتی ہے کہ نااتفاقی اور ناچاقی کی بڑی وجہ بھی یہی بنتی ہے۔

میری ایک دوست نے بتایا کہ جب بھی میں اپنی ساس سے ملنے جاتی ہوں میری ساس مجھ پر جادو کروا دیتی ہے، اس کی گندی نظر اور جادو کی وجہ سے میں اکثر بیمار رہتی ہوں یعنی کہ ایک غلط فہمی ان رشتوں میں ڈال دی جاتی ہے۔

ماہر روحانیات! جی ہاں بالکل اسی طرح ہوتا ہے آپ نے ایک لفظ استعمال کیا حسد! حسد دراصل کائنات کا سب سے پہلا جادو ہے۔ حدیث مبارکہ ہے ''حسد نیکیوں کو اس طرح کھا جاتا ہے جیسے کہ گھن لکڑی کو'' دیکھیں حسد کی ابتداء شیطان نے کی۔ شیطان نے حضرت آدم علیہ السلام سے حسد کیا اور سازش کر کے حضرت آدم علیہ السلام کو جنت سے نکلوا دیا۔ یہی شیطانی عمل یعنی حسد اب تک چلتا آ رہا ہے۔ جیسا کہ آپ نے بھی بتایا کہ کسی کو ترقی کرتا دیکھ کر حسد کی نظر سے دیکھنا اسی حسد کی وجہ سے مختلف اقدامات کرنا کہ کسی طرح اس کو ذلیل و خوار کرو یہ سب حسد اور نظر بد کے زُمرے میں آتا ہے۔ حسد کرنے والا حاسد کہلاتا ہے۔ حاسدوں کے لئے سورۃ الناس، سورۃ الفلق ہے۔ غور کریں۔ نازل کی گئی آیت مبارکہ ''**مِن شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَد**'' اس آیت مبارکہ، سورۃ مبارکہ کا ترجمہ سب لوگوں کو ہی معلوم ہے۔ حسد ختم کرنے کے لئے آخری دونوں سورہ مبارکہ ورد کی جائیں اس کا طریقہ ہے اس طریقہ کے مطابق پڑھیں تو یقیناً اس کا اثر بھی ملے گا۔ دوسری صورت میں اس کا ثواب ضرور ملے گا مگر اثر ظاہر نہ ہوگا۔ جس پر جادو کی اثرات ہوں سب سے پہلے تعوذ پڑھیں، پھر تکبیر پڑھیں۔ پھر سورہ الفلق، سورہ الناس 7، 7 بار پڑھیں تو جادو، حسد کا خاتمہ ہو جائے گا۔

محترم دوستو! آپ کی خدمت میں اس پروگرام کا بہت مختصر حصہ شائع کیا گیا ہے۔ مکمل پروگرام ''سویل دے رنگ'' دیکھنے کے لئے یوٹیوب پر

Saweel De Rang 22-June 2018

لکھ کر سرچ کریں۔ مکمل پروگرام دیکھیں Like کریں اور Share بھی کریں۔

محترم قارئین کرام! آج 15 جولائی 2018ء کو زائچہ پاکستان الیکشن 25 جولائی 2018ء کشید کیا جا رہا ہے۔ ملکی حالات سیاسی کشمکش کا شکار ہیں۔ ملکی سیاسی جماعتیں 25 جولائی کو ہونے والے الیکشن کی بھرپور تیاریاں کر رہی ہیں۔ اپنی اپنی کامیابی کیلئے دل و جان سے کوششیں کی جا رہی ہیں بھرپور سیاسی قوت کا مظاہرہ کیا جا رہا ہے۔ گزشتہ ہفتہ سابقہ وزیراعظم میاں محمد نواز شریف اپنی بیٹی مریم نواز یا مریم صفدر کے ہمراہ بھی پاکستان تشریف لا چکے ہیں۔ جو کہ اس وقت اپنے کئے کے سزا بھگت رہے ہیں۔ ان کی سزا مسلم لیگ (ن) کیلئے بہت بڑا دھچکا ثابت ہوئی ہے۔ موجودہ حالات میں مسلم لیگ کا ہر ورکر اور رہنما کشمکش کو بتلا ہے لیکن 25 جولائی کو ہونے والے انتخابات کا ایک زائچہ کشید کرتے ہیں کہ 25 جولائی کو آخر کیا حالات ہونے جا رہے ہیں۔ پاکستان کی عوام کس سیاسی جماعت کی حکومت دیکھنا پسند کرتے ہیں زائچہ کی مدد سے معلومات لی جا سکتی ہیں۔ لیکن اس سے قبل **مزمل روحانی جنتری 2018ء کی پیشن گوئیاں** جو کہ علمی بنیاد پر کی گئی تھیں ان پر ایک نظر ڈالتے ہیں۔

نمبر1:۔ گزشتہ سال کی پیشن گوئی کے مطابق تحریک انصاف ملک بھر میں پھیل جائیگی۔ کے پی کے سندھ اور پنجاب میں اکثریت سے کامیاب ہوگی۔

نمبر2:۔ مخلوط حکومت بنتی نظر آ رہی ہے لیکن تحریک انصاف کے بڑے بڑے نام کامیاب ہوتے دکھائی دیتے ہیں۔

نمبر3:۔ پنجاب میں پیپلز پارٹی کا تناسب کم نظر آتا ہے جبکہ مسلم لیگ (ن) بھی گزشتہ کامیاب حلقوں سے ہارتی ہوئی نظر آتی ہے۔

نمبر4:۔ صوبائی سطح پر بھی پنجاب میں مسلم لیگ (ن) اور تحریک انصاف کانٹے دار مقابلہ رہیگا۔

نمبر5:۔ عدلیہ ملکی سالمیت کے پیش نظر سیاسی استحکام برقرار رکھنے کی بھرپور کوشش کریگی تاکہ جلد "انصاف" کی راہ ہموار کی جائے۔

نمبر6:۔ کرپٹ سیاست دانوں کے نزدیک گھیرا مزید تنگ ہو جائیگا' بڑے سیاست دانوں کی گرفتاری متوقع ہے۔

نمبر7:۔ شدید ترین سیاسی ہلچل کا سال ہوگا مریخ سے منسوب سیاست دان جن کا تعلق حمل یا عقرب سے ہو یا سر نام حرف ن، ز، ض، ظ سے ہوں مشکلات اور پریشانیوں میں مبتلا نظر آتے ہیں۔

نمبر8:۔ وہ جماعتیں جن کا تعلق برج میزان سے (ر، ت، ظ) (تحریک انصاف) ہوں کامیابی سے ہمکنار ہوتی نظر آتی ہیں۔

محترم قارئین کرام! ان پیشگوئیوں کو سامنے رکھتے ہوئے یکم اگست 2018ء کے بعد حالات کا تجزیہ کیا جا سکتا ہے کہ کس قدر درست یا غلط ہیں۔

زائچہ:۔ پاکستان الیکشن 2018ء بوقت شام 6 بجے بمقام اسلام آباد



اب آتے ہیں **زائچہ پاکستان الیکشن 25 جولائی 2018ء** زائچہ کی جانب جو کہ پاکستان میں الیکشن کا دن ہوگا۔ الیکشن کے روز شام 6 بجے کا زائچہ ظاہر کرتا ہے کہ طالع افق شرقی پر جدی 14.23 درجہ پر طلوع ہے جس میں زحل' قمر اور پلوٹو کے ہمراہ موجود ہیں۔ زحل حاکمیت کا سیارہ ہے لیکن رجعت کی حالت میں یہاں پر اس کا قیام اپنے طبعی برج میں ہونے کے باجود کمزوری کے اشارے دے رہا ہے یعنی نو منتخب حکومت شروع سے ہی سیاسی کمزوریوں کا شکار رہیگی۔ طالع شرقی میں ایک سے زیادہ سیارگان کا اجتماع عندیہ دیتا ہے کہ زائچہ کمزور ترین ہے اور پھر اسکی دوسری وجہ طالع شرقی کا مالک بحالت رجعت کمزور درجات پر موجود ہے۔ واضح کرتا ہے کہ درست فیصلے نہ ہونگے۔ اپنے دور حکومت میں مسلسل تنقید کا سامنا ہوگا زائچہ کے دوسرے گھر میں رجعت پذیر مریخ دلو کا ہو کر قابض ہے۔ اس برج میں مریخ کو کمزوری حاصل ہے اور نحس ہو جاتا ہے۔ قوت اور طاقت کا یہ سیارہ ذنب کے ہمراہ کمزور ہو جائے تو اندرونی سازشوں، خدشات کو ظاہر کرتا ہے۔

زائچہ 25 جولائی خانہ آٹھ پر راجع عطارد ہمراہ راس اور شمس قابض ہیں۔ شمس اپنے فطرتی گھر کا ہو کر خانہ آٹھ پر قابض ہے جیسا کہ طالبان نجوم کو بھی معلوم ہے کہ خانہ 8 موت اور حادثہ کا گھر بھی کہلاتا ہے مریخ کا بحالت رجعت میں خانہ موت کو دیکھنا **ملکی اعلیٰ عہدوں پر فائز کسی بڑے سیاست دان کی موت کا بھی عندیہ دیتا ہے۔**

زائچہ میں عطارد مریخ اور زحل حالت رجعت میں ہیں جو کہ نومنتخب حکومت کو کمزور کرتا دکھائی دیتے ہیں۔ زائچہ کے نویں خانہ میں زہرہ سنبلہ کی ہو کر قابض ہے زہرہ خانہ نحس میں قیام عوامی مقبولیت میں کمی کی دلیل ہے ظاہر کرتی ہے جبکہ زمینی حالات اس کے برعکس نظر آتے ہیں کہ عوام میں اس جماعت کی مقبولیت بے انتہا اضافہ ہونا چاہیے کہ **عوام نے نئے پاکستان کا خواب دیکھا ہے** مذ زائچہ کے خانہ گیارہ پر مشتری عقرب کا ہو کر قابض ہے۔ 10 جولائی کو مشتری نے اپنی رجعت اسی برج میں ختم کی، بگڑتے ہوئے ملکی حالات کو سہارا دینے کا عندیہ ہے۔ خانہ گیارہ پارلیمنٹ کا گھر کہلاتا ہے اس سیارے کی یہاں موجودگی ملکی اہم فیصلے کرنے کا اشارہ دیتی ہے کہ بہترین خارجہ پالیسی مرتب کی جائے علماء کرام اور دین سے تعلق رکھنے والے افراد کو بھی کسی حد تک کامیاب ہوتے دکھائی دیتے ہیں۔ اس زائچہ 25 جولائی الیکشن پاکستان 2018ء کی روشنی میں نومنتخب حکومت کے کئی منصوبے ناکام ہو سکتے ہیں۔ سیاسی مخالفین کی شدید تنقید کا سامنا رہیگا۔ **اگر نو منتخب ہونے والی حکومت اپنے آپ کو گھسیٹتے ہوئے اپنی 5 سال کی مدت پوری کر دے تو یہ ایک معجزے سے کم نہ ہوگا کیونکہ تینوں اہم سیارگان عطارد زحل اور مریخ حالت رجعت میں ہیں۔** یہ بھی یاد رکھیں کہ زحل اپنے فطرتی گھر میں ہونے کے بعد زائچہ کے شرقی طالع پر قابض ہے۔ جو کہ قوم کا گھر کہلاتا ہے۔ قمر درجدی بھی طالع شرقی میں زحل کے ہمراہ طلوع ہے۔ طالع شرقی میں قمر کا زحل کے ہمراہ ہونے کا اس بات کا عندیہ دیتا ہے کہ حادثات اور زمینی آفات میں اضافہ ہو سکتا ہے۔ 02 دن قبل یعنی 13 جولائی کو قائم ہونے والا سورج گرہن بھی اچھے اشارے نہ دے رہا ہے۔ قارئین سے ملتمس ہوں کہ ملکی سلامتی کیلئے خصوصی دعا کریں کہ ملک اور سیاسی استحکام نصیب ہو۔ دوسری بڑی خرابی الیکشن کے فوری بعد برج دلو کے 6.7 درجہ پر قمری گرہن کی صورت میں نظر آرہی ہے یعنی جو بھی حکومت قائم ہوگی اور ابھی وہ اپنی جیت کے جشن بھی منا پا رہے ہونگے کہ 28 جولائی کو لگنے والا گرہن خطرات کا اشارہ دے رہے ہیں۔ سیاسی کشیدگیاں بڑھتی ہوئی نظر آتی ہیں۔ جب بھی گرہن آتا ہے اور جس برج میں یہ ظاہر ہوتا ہے اُس برج سے منسوب معاملات کو خراب کر دیتا ہے۔ جس برج میں گرہن ہو اپنے سے چوتھے اور ساتویں گھر کو بھی ڈبو دیتا ہے۔

زائچہ:۔ نومنتخب حکومت پہلی یوم آزادی 14 اگست 2018ء صبح 09 بجے



11 اگست کو برج اسد کے 18.49 درجہ پر سورج گرہن نمودار ہو جائیگا۔ نومنتخب حکومت کو مزید مسائل کا سامنا رہیگا کہ جب وزیراعظم صوبائی وزیراعلیٰ کے انتخاب کے معاملات چل رہے ہونگے تو اسی دوران عطارد کی مشتری سے تربیع کی نظر اور دوسری اہم ترین نظر تربیع زہرہ زحل کی ہوگی جو کہ جلتی پر تیل کا کام کریگی اگر بروقت درست فیصلے نہ لئے گئے سیاسی مخالفین سے باہمی رابطہ کر کے اعتماد میں نہ لیا گیا ملکی اہم عہدے وزیراعظم، صدر اور صوبائی وزرائے اعلیٰ کے منتخب کرنے میں دور اندیشی سے کام نا لیا گیا یا سیاسی تجربہ رکھنے والے افراد کو منتخب نہ کیا گیا تو زائچہ دلیل دیتا ہے کہ نومنتخب حکومت کمزور ترین ہوگی لہذا سیاسی جماعتوں کے ہمدرد اور نومنتخب سیاسی جماعت کے رہنما برج سنبلہ اور برج میزان سے متعلقہ صدقہ ضرور دیں ورنہ بہت بڑی بڑی مشکلات کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔

ایک مختصر جائزہ نئے پاکستان کی پہلی 14 اگست کے حوالہ سے زائچہ کے طالع شرقی افق پر میزان 3.30 درجہ پر زہرہ کے ہمراہ 7.13 درجہ پر طلوع ہے یعنی زہرہ اپنے طبعی گھر میں موجود ہے۔ یہ برج رُت، حرف سے تعلق رکھتا ہے یہاں زہرہ زائچہ میں موجود چوتھے گھر کے سیارگان زحل پلوٹو اور مریخ کو تربیع کی نظر سے دیکھ رہی ہے اشارہ دیتی ہے کہ مخالفین انتخابات کے نتائج کو تسلیم نہ کرنے کا رونا رو رہے ہونگے۔ مشتری عقرب کا ہو کر زائچہ کے خانہ 2 پر قابض ہے۔ اشارہ دیتا ہے کہ نومنتخب حکومت اپنے زیادہ چاہنے والے کامیاب سیاست دانوں کو ہمراہ لے کر چلنے پر اس بات سے پریشان ہے کہ اختیارات کی تقسیم میں کسی سے ناانصافی نہ ہو۔ واللہ اعلم بالصواب

ستاروں کی چال اور وظیفے کا کمال

شمس تربیع مشتری

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال	بعدغروب	رجال
منگل	07	06:43 تا 07:46	14:34 تا 15:41	شمال مغرب	19:56 تا 20:38	شمال مشرق

بدکار دشمن تباہ و برباد ہو جائے

(مقصد عمل) آپ اس دوران ایسے دشمن کی جائیداد یا عمارت کو تباہ و برباد کر سکتے ہیں کہ جس عمارت میں غیر شرعی اور ناجائز کام ہوتے ہوں یا ایسے افراد جو کہ ناجائز طریقہ سے کمائی گئی دلت سے شرفاء کو تنگ کرتے ہوں یا ایسے افراد جو کہ کسی ظالم شخص کے ہاتھوں تنگ آ چکے ہوں اور طاقتور شخص کے سامنے کمزور ہوں اس عمل سے فائدہ لے سکتے ہیں۔

(عمل) اس عمل کی تیاری قبل از وقت کریں ساعت نظر کے آغاز سے 2 روز قبل قبرستان میں مطلوبہ قبور تلاش کر کے رکھی جائے کہ عین وقت عمل آپ کو پریشانی کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ اس عمل کے لئے دن کی ساعت بھرپور مددگار ثابت ہوں گی۔ 8 عدد ایسی قبروں کی مٹی حاصل کی جائے کہ جو لوگ قتل ہوئے ہوں یا خودکشی کی گئی ہو یا کسی طویل بیماری کے سبب موت واقع ہوئی ہو۔ ان 8 قبروں کی مٹی کو اکٹھی کر لیں بغیر بسم اللہ اور درود شریف کے اس مٹی پر 80 بار سورۃ الہب پڑھ کر اس مٹی پر پھونک دیں گے اور پھر کسی وقت بھی وہ مٹی اس عمارت یا اُس جگہ کو جسے برباد کرنا ہو وہاں پھینک دیں گے۔ روزانہ 80 بار سورۃ الہب بعد نماز عشاء 8 روز تک بلا ناغہ پڑھیں۔ جلد مقصد کا حصول ہوگا۔

زہرہ تثلیث مریخ

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال	بعدغروب	رجال
بدھ	08	10:05 تا 11:12	12:19 تا 13:27	شمال مشرق	19:56 تا 20:38	شمال

چرب زبان بیوی، عیاش شوہر

(مقصد عمل) مرد و عورت میں صلح کرانے کیلئے یا ایسے پریشان افراد جو کہ اپنی بیوی کے ہاتھوں تنگ ہوں کہ وہ چرب زبان اور نافرمان ہو یا ایسی خواتین کہ جن کے شوہر عیاش طبعیت اور زیادہ غصہ والے ہوں اس عمل سے فائدہ لے سکتے ہیں۔

(عمل) **یا رحمن یا رحیم یا کریم یا ولی** کا ورد سوا پاؤ مکھن کی ڈلی پر 721 بار کریں اول آخر درود شریف 21 بار پڑھیں۔ بعد ورد اس مکھن کو کسی بھی طرح اُس شخص کو کھلا دیں جس سے اپنا مقصد حاصل کرنا چاہتے ہوں، اس عمل کی برکت سے وہ شخص مکمل طور پر صاحب عمل کے لیے مسخر ہو جائے گا۔

عطارد قران شمس

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال	بعدغروب	رجال
جمعرات	09	07:46 تا 08:58	15:41 تا 16:46	شمال	22:16 تا 23:27	مشرق

نکاح کی بندش اب نہ رہے گی

(**مقصد عمل**) سیاروں کی اس نظر میں بچیوں کی شادی کی بندش کو ختم کرنے کیلئے عمل کیا جا سکتا ہے لیکن دوران عمل اور بعد عمل آپکی مکمل توجہ اور یکسوئی از حد ضروری ہے۔

(**عمل**) اول آخر درود شریف 7 بار **سورہ احزاب** کی پہلی 14 آیات 3 بار پڑھنے کے بعد سفید کاغذ پر لکھ کر اچھی طرح خوشبو لگا کر تعویز کو سبز اور سرخ رنگ کے ریشمی کپڑے میں لپیٹ کر سیدھے بازو پر باندھ لیں بعد نماز فجر روزانہ اول آخر درود شریف 7 بار پڑھنے کے بعد **سورہ احزاب** 1 بار پڑھیں ان شاء اللہ جلد ہی نکاح کا پیغام آ جائے گا اور نکاح کی بندش ختم ہو جائے گی جب تک مقصد حل نہ ہو عمل کو جاری رکھیں۔ نقش بنانے کیلئے سبز رنگ کی ریشمی کپڑے پر یا چاندی یا سونے کی تختی پر **سورہ احزاب** کے اعداد 5525 کا نقش مربع آتشی چال سے پر کریں دوسری جانب طلسم عطارد بنائیں جلد ہی مقصد پورا ہوگا۔

زہرہ تربیع زحل

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال	بعدغروب	رجال
جمعہ	10	05:36 تا 06:43	13:27 تا 14:34	مشرق	20:38 تا 21:41	جنوب مغرب

زانیہ عورت، زانی مرد کے تعلقات کا خاتمہ

نوٹ:۔ قارئین تحفہ روحانیات اعمال شر اختیار کرنے سے قبل خصوصی اجازت طلب کریں۔ **ادارہ روحانیات**

(مقصد عمل) سیاروں کی اس نظر کے تحت ایسی عورتیں جو بدکاری اور غیر شرعی فعل کی مرتکب ہو یا جو زبان درازی بہتان اور اسی قسم کے دوسرے گناہوں میں مبتلا ہوں ان کو سزا دینے یا ان بداعمال سے باز رکھنے کیلئے عمل کیا جاسکتا ہے یا مرد اور عورت کو سزا دینے کیلئے یا ان کے ناجائز تعلق کو ختم کرنے کیلئے عمل کیا جاسکتا ہے۔

(عمل) دیئے گئے وقت میں گدھا، گھوڑا، کتا یا بلا وغیرہ یا کسی بھی حرام جانور کی ہڈی پر اس طلسم کو پڑھ کر آگ میں ڈال دیں۔ اور جب تک یہ ہڈی جل کر خاکستر نہ ہو اُس وقت تک ان طلسماتی الفاظ کو پڑھتے رہیں جب ہڈی جل جائے تو اُس کی راکھ کو اُٹھا کر اُس مکان میں یا اُس جگہ پر پھینک دیں جہاں پر ایسا بدکار شخص رہتا ہو ان شاء اللہ چند ہی یوم میں وہ شخص اپنی بدکاری سے باز آجائے گا پڑھتے ہوئے اُس شخص کا تصور اور اپنے مقصد کا دھیان رہے وہ طلسم جو اس وقت پڑھا جائے گا وہ یہ ہے

اھطم فشذ ھب ھب لا مھو لا ھتا۔

نقش بنانے کے لیے 442 عدد کا مربع آتشی اس ہڈی پر لکھیں نیچا اپنا مقصد تحریر کریں۔ بدکار شخص کا نام اگر متبرک ناموں میں سے ہے تو نام لکھنے کی بجائے اپس وقت صرف اُس شخص کا تصور کیا جائے اور اگر نام متبرک نہیں ہے مثلاً گلو، بالا، کالا وغیرہ یعنی عرف عام مشہور ہے تو یہی لکھا جائے گا۔

عطارد تربیع مشتری

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال	بعدغروب	رجال
ہفتہ	11	06:43 تا 07:46	11:12 تا 12:19	جنوب مغرب	19:03 تا 19:56	مغرب

دشمن کی عمارت ختم ہوجائے

(مقصد عمل) آپ اس دوران ایسے دشمن کی جائیداد یا عمارت کو تباہ و برباد کرسکتے ہیں کہ جس عمارت میں غیر شرعی اور ناجائز کام ہوتے ہوں یا ایسے افراد جو کہ ناجائز طریقہ سے کمائی گئی دولت سے شرفاء کو تنگ کرتے ہوں یا ایسے افراد جو کہ کسی ظالم شخص کے ہاتھوں تنگ آچکے ہوں اور طاقتور شخص کے سامنے کمزور ہوں اس وظیفہ سے فائدہ لے سکتے ہیں۔

(عمل) 9 عدد ایسی قبروں کی مٹی حاصل کی جائے کہ جو لوگ قتل ہوئے ہوں یا خود کشی کی گئی ہو یا کسی طویل بیماری کے سبب موت واقع ہوئی ہو۔ ان قبروں کی مٹی اکٹھی کرلیں بغیر بسم اللہ اور درود شریف کے اس مٹی پر 90 بار سورہ الہب پڑھ کر اس مٹی پر پھونک دیں اور پھر کسی بھی وقت وہ مٹی اس عمارت میں ایسی جگہ پر ڈال دیں کہ جس جگہ پر مٹی ڈالنے سے اُس کی بے حرمتی نہ ہو۔ روزانہ 80 بار سورہ الہب بعد نماز عشاء 8 روز تک بلاناغہ پڑھیں۔

عطارد تسدیس زہرہ

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال	بعدغروب	رجال
ہفتہ	18	10:06 تا 12:20	17:56 تا 19:56	جنوب مغرب		

من پسند شادی ہوجائے

(مقصد عمل) من پسند شادی کرنے کے لیے یا کسی مرد و عورت کو اپنی محبت میں مبتلا کرنے کیلئے ذیل کے وظیفہ سے فائدہ اُٹھا سکتے ہیں۔

(عمل) دیسی گھی اور شہد خالص ملا کر نئے مٹی کے چراغ میں نئی روئی لگا کر ایک چراغ تیار کرلیں دیئے گئے وقت میں پاک صاف تنہا مکان میں چراغ کو باوضو ہو کر روشن کریں اول آخر درود شریف 7 بار پڑھ کر 21 تسبیح ''یا اللہُ یا رحمنُ یا رحیم'' پڑھیں نیت اپنے کام کی رکھے بعد میں یہ ہی عمل مسلسل 7 روز تک کریں ان شاء اللہ جلد ہی مقصد میں کامیابی ملے گی۔

شمس تثلیث زحل

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال	بعدغروب	رجال
اتوار	26	05:40 تا 06:40	13:30 تا 14:30	مغرب	20:30 تا 21:30	جنوب

جائز خواہشات تکمیل ہوجائے

(مقصد عمل) ستاروں کی اس نظر کے تحت روزگار کی بندش ختم کرنے اور اپنی جائز خواہشات کی تکمیل کیلئے عمل کیا جاسکتا ہے۔ ویسے تو انسان کی بیشمار خواہشات ہوتی ہیں لیکن رزق روزی سے متعلق یا عہدہ میں ترقی حاصل کرنے کیلئے ذیل کے عمل کو کریں تو نتائج جلد بہتر نکلیں گے۔

(عمل) ذیل کے عمل میں اسم اعظم **یا باسط** 720 بار کریں اگر نقش بنانے کے فن سے واقف ہیں تو مثلث آبی کا نقش بنائیں عدد اسم **باسط** 72 ہیں۔ اسی اسم کے چاروں عناصر کے نقش بنائیں۔ نقش خاکی چاقو اپنے پاس رکھیں۔ باقی تینوں نقش اپنے اپنے عناصر میں استعمال کر لیں۔ جو لوگ نقش نہ بنا سکیں وہ اسم **باسط** 72 بار ورد کرنے کے بعد 72 عدد چھوہاروں پر دم کر دیں۔ روزانہ ایک چھوہارہ لیں اور نہار منہ اس چھوارے پر 72 بار **یا باسط** پڑھ کر کھالیں۔ اپنے مقصد کی اور رزق روزی کی دعا کریں۔ ان چھوہاروں کی گٹھلی کو سنبھال کر رکھ لیں۔ چھوہارے ختم ہونے کے بعد روزانہ ان گٹھلیوں پر 72 بار **یا باسط** پڑھا جائے۔ ہر قسم کی بندش ختم ہونے ساتھ رزق روزی میں بے انتہا اضافہ ہوگا۔

عطارد تربیع زحل

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال	بعد غروب	رجال
منگل	28	09:03 تا 10:05	16:40 تا 17:50	شمال مغرب	18:55 تا 19:55	شمال مشرق

سخت ترین دشمن بیمار ہو جائیگا

(مقصد عمل) یہ عمل شر ہے گزشتہ کئی بار ذکر کیا جا چکا ہے کہ عمل شر نہایت تیز اثر مگر خطرناک ہوتے ہیں ناجائز جگہ پر استعمال کئے جائیں تو اس کے نتیجہ میں خود عمل کرنے والے کو سزا بھگتنا پڑتی ہے۔ موکلات اور جنات جب تک عمل کرنے والے کو سزا نہ دیں سکون سے نہیں بیٹھتے۔ عمل صرف ان حالات میں کیا جائے جہاں جائز اور اشد ضرورت ہو۔ عمل سخت ترین دشمن کو بیماری میں مبتلا کرنے کیلئے ہے۔

(عمل) قبرستان سے ایسی قبر کی مٹی جمع کی جائے کہ بعد قبرستان کے نلکا سے پانی لے کر اس مٹی کو گوندھ کر دشمن کا ایک تصوراتی پتلا بنا لیا جائے۔ اب اس پتلے کو عمل کے وقت سامنے رکھ کر 80 بار ''سورۃ لہب ا'' بغیر بسم اللہ اور بغیر درود کے پڑھیں اور اس پتلہ پر پھونک دیں۔ جس پر دشمن کا تصور کیا جائے اس پتلے پر سوئی کی نوک سے 80 بار حرف ''ف'' لکھا جائے اس پتلے کے سینہ پر دشمن کا نام مع والدہ لکھا جائے اب اس پتلہ کو سیاہ کپڑے میں لپیٹ کر قبرستان میں دبا دیں۔ اختتام وظیفہ پر 800 روپے کی کوئی نمکین شے بچوں میں تقسیم کریں۔ عمل سے قبل حصار لازمی لگا لیں۔

سورج گرہن

جزوی سورج گرہن 11 اگست بروز ہفتہ کو ہوگا۔ جبکہ سورج گرہن کا آغاز 13:02 پر ہو کر 14:46 پر مکمل ہو کر 16:30 پر ختم ہوگا۔ اس جزوی سورج گرہن کی کل مدت 3 گھنٹہ 28 منٹ ہوگی۔

جزوی سورج گرہن جن ممالک میں نظر آئیگا۔ یہ گرہن مغربی ایشاء، شمالی مشرقی یورپ، شمالی امریکہ کے شمالی علاقہ جات، گرین لینڈ، ناروے، کینڈا، روس، منگولیا چین اور اٹلانٹک پر ختم ہوگا۔

ساؤتھ جنوبی آسٹریلیا سے ہوتا ہوا بحرالکاہل پر ختم ہوگا۔

(نوٹ) یاد رکھیں یہ شمسی گرہن برج اسد کے 18.49 درجہ پر ہو رہا ہے۔ یہ گرہن برج ثور، اسد، عقرب، دلو سے متعلقہ بروج کے افراد کو متاثر کریگا لہذا گرہن کی نحوست سے بچنے کیلئے دو رکعت نماز نفل برائے دفع نحوست گرہن ادا کریں۔ گرہن سے قبل سوا پاؤ سوجی کالے تل اور شکر پاس رکھیں بوقت عروج گرہن یہ اشیاء حشرات الارض کو ڈال دیں۔

اس کے علاوہ پانچ قسم کے سیاہ اناج کالی مرچ، لونگ سورج مکھی کے بیج کالا زیرہ، سیاہ تل مٹھی بھر لے کر صدقہ کی نیت سے خالی جگہ پر پھینک دیں بوقت گرہن نیلا اور سیاہ رنگ کا لباس استعمال نہ کیا جائے بہتر ہے کہ گرہن سے ایک دن قبل اور ایک دن بعد یہ رنگ نہ استعمال کریں۔ گرہن کے نحس اثرات کی وجہ سے متذکرہ بالا بروج کے افراد اگر کسی بیماری میں مبتلا ہے تو یہ مرض طوالت اختیار کر جائیگا۔ اور اگر کسی پریشانی یا مصیبت میں پھنسے ہوئے ہیں تو اس کی شدت میں اضافہ ہو جائیگا ایسی صورت میں صدقہ اور نوافل وقت گرہن ادا کر کے ان مشکلات سے بچا جا سکتا ہے۔

ہبوط زہرہ

سیارہ زہرہ جب آسمان پر گردش کرتے ہوئے برج سنبلہ کے 27 درجہ پر پہنچتا ہے تو اس سیارہ کو ہبوط ہو جاتا ہے یہ نحس ترین طاقت ہے جس میں زہرہ سے متعلق تمام امور نحس ہو جاتے ہیں اس خاص وقت میں نفرت و نفاق ڈالنا دو لوگوں کے درمیان جدائی پیدا کرنا گھر میں لڑائی جھگڑا یا کسی شخص مثلاً ڈاکٹر، استانیہ کرام، وکیل یا شوبز سے تعلق رکھنے والے افراد یا دوکاندار حضرات یا کسی بھی شخص کے نکاح کو باندھنے کیلئے زہرہ کے درجہ ہبوط سے اپنا مقصد حل کیا جا سکتا ہے۔ لیکن یاد رہے کہ اگر آپ آج کسی کیلئے برا کریں گے تو کل آپ کے ساتھ بھی ایسا ہو سکتا ہے بہتر ہے کہ درج بالا تمام امور استخارہ کے بعد کیا جائیں کہ ایسے لوگ جو کہ معاشرہ کیلئے باعث بدنامی ہو یا ناجائز ارادے رکھتے ہوں ایسے لوگوں کیلئے اس خاص وقت میں عمل تیار کئے جا سکتے ہیں۔ اس سال ہبوط زہرہ 03 اگست بروز جمعہ 07 بجکر 20 منٹ تا 04 اگست بروز ہفتہ صبح 06 بجکر 28 منٹ پر ہوگا۔

پہلی ساعت 03 اگست 13:28 تا 14:36 جنوب مشرق

دوسری ساعت 03 اگست 20:52 تا 21:44 جنوب مشرق

تیسری ساعت 04 اگست 02:56 منٹ تا 03:46 جنوب مغرب

نوٹ :۔ ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ صاحب سے فون پر بات کرنے کے خواہشمند حضرات، صبح 10 تا 01 بجے دوپہر فون پر اپنے مسائل کا حل دریافت کر سکتے ہیں علاوہ اتوار۔

0300-6351192

کوئٹہ اور اسے کے گرد و نواح کے شہروں میں روحانی ماہنامہ تحفہ روحانیات نہ ملنے کی صورت میں رابطہ کریں۔

بکسٹال نمبر 2 میزان چوک کوئٹہ

قارئین تحفہ روحانیات جب بھی کوئی نقش تحریر کریں تو نقش کی دوسری جانب طلسم لازمی بنائیں۔

ادارہ روحانیات

تحفہ روحانیات کے باقاعدہ لکھاری

آپ بھی جانئے!

راجہ اعجاز حسین صاحب

نبیل مزمل : ۔محترم راجہ صاحب آپ کا مکمل نام کیا ہے کیونکہ اکثر لوگ اصل نام کے ساتھ قلمی نام بھی رکھتے ہیں اور خاص طور سے ایسے افراد جن کا تعلق علمی تحقیق کتاب اور قلم سے ہو اکثر و بیشتر دیکھا گیا ہے کہ بہت کم لوگ اُن کے اصل نام سے اُنہیں پہنچاتے ہیں آپ ماشاء اللہ روحانی قلمکار ہیں ہمارے قارئین سب سے پہلے آپ نے مکمل نام کے بارے میں جاننے چاہیں گے؟

راجہ صاحب: ۔اللہ تعالیٰ آپ پر ہمیشہ شفقت فرمائے محمدؐ وآلِ محمدؐ کے طفیل آپ کے ادارے کو سدا آباد رکھے اور شکوہ یہ ادا کرتا ہوں کہ آپ نے میرا انٹرویو اس عظیم روحانی ماہنامہ میں شائع کرنے کا فیصلہ کیا مجھے خوشی ہورہی ہے کہ آج آپ سے براہ راست ملاقات ہوئی۔

اب آپ کے سوال کی جانب آتے ہیں محترم شروع سے اب تک میری پہچان میرے حقیقی نام سے ہی رہی یقیناً صاحب علم شعراء حضرات قلمی نام بھی رکھتے ہیں مگر میں نے اپنی پہچان اپنے نام سے ہی کروائی یعنی میرا پورا نام راجہ اعجاز حسین ہے۔اسی نام سے جانا پہچانا جاتا ہوں۔

نبیل مزمل : ۔محترم راجہ صاحب آپ کی درست تاریخ پیدائش اور شہر پیدائش کونسا ہے؟

راجہ صاحب: ۔ہمارا قدیمی تعلق چنیوٹ سے ہے جدی پشتی ہم وہاں کے رہنے والے ہیں اور آپ کو معلوم ہے کہ جھنگ اور چنیوٹ میں مومنین کی ایک خاصی تعداد اور حلقہ موجود ہے۔ویسے تو اس علاقہ میں آپکو دیگر مسالک کے لوگ بھی بڑی تعداد میں مل جائینگے۔یہ ہر ایک کا ذاتی مسئلہ ہے میں اس طرف نہیں جانا چاہتا۔ہم مسالک میں تقسیم ہوگئے لیکن مولا ہمیشہ پیار اور محبت رکھے لیکن دیکھیں کہ لوگ مذاہب میں بھی تقسیم ہوکر اکھٹے رہ رہے ہوتے ہیں میری تاریخ پیدائش 02 فروری 1980ء شہر چنیوٹ ہے۔پھر ایک عرصہ بعد میں شہر کراچی منتقل ہوگیا اور تاحال اسی شہر میں قیام پذیر ہوں۔

نبیل مزمل : ۔محترم راجہ صاحب آپ کے روحانی استاد کونسے ہیں اور آپ کے استاد محترم کا تعلق کس شہر سے ہے۔

راجہ صاحب: ۔جیسا کہ آپ نے واضح کیا ہوا ہے کہ روحانیت ایک سمندر کی مانند ہے کوئی بھی شخص اس میں کامل اور اکمل نہیں ہوسکتا جب تک کہ وہ اہل بیت سے محبت اور شدید محبت نہ کرے کلمہ محمد یہ ہمارے ایمان کا حصہ ہے۔میرے استاد محترم روحانیت کا بلند پایہ مقام راجہ محمد افتخار صاحب ہیں۔ان سے میرا قریبی تعلق رہا اور جو کچھ میں آج ہوں ان کی محبت محنت اور شفقت کا نتیجہ ہے۔میرے روحانی استاد محترم کا تعلق بھی اسی شہر کراچی سے ہے۔

نبیل مزمل : ۔محترم راجہ صاحب آپ کس آیت مبارکہ کی مدد سے روحانی امداد کرتے ہیں۔جیسا کہ ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ صاحب ہمیشہ سورۃ مزمل سے روحانی امداد کرتے ہیں اور اُنہی کی نسبت میں بھی سورۃ مزمل کے روحانی فیض سے سراب ہورہا ہوں۔

راجہ صاحب: ۔جی ہاں بالکل آپ نے درست فرمایا ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ صاحب بلاشبہ دُنیا بھر میں سورۃ مزمل کے حوالہ سے مشہور روحانی شخصیت ہیں۔میں سمجھتا ہوں کہ اب تک سورۃ مزمل پر اتنی تحقیق کسی دوسرے شخص نے نہ کی ہوگی۔میں خود ذاتی طور پر ان سے بہت متاثر ہوں میرے استاد محترم سورۃ کوثر کی روحانیت سے کام لیتے رہے جس طرح وہ خود سورۃ کوثر کی برکات سے پریشان حال لوگوں کے مسائل حل کرنے کیلئے کوشاں رہتے تھے اسی رستہ کو میں نے بھی اپنایا اور سورۃ کوثر کی برکات سے میں روحانی منازل آہستہ آہستہ طے کررہا ہوں۔اور اسی سورۃ مبارکہ کا فیض عوام الناس میں تقسیم کررہا ہوں

نبیل مزمل : ۔محترم راجہ صاحب آپ کیا نقوش اور الواح عام سادہ کاغذ پر کام کروانے سے کام نہیں کرتی اگر کرتی ہیں تو قیمتی دھاتوں زعفران اور مشک کی کیا ضرورت ہے۔

راجہ صاحب: ۔یہ تو آپ نے بہت خوبصورت بات کی۔جعفریہ جنتری اور مزمل روحانی جنتری میں مجھے یہ بات پڑھنے کو ملی ماہر روحانیت نے فرمایا تھا کہ جس طرح عام کلام عام کاغذ پر تحریر کی جاتی ہیں کیونکہ وہ عام ہیں خاص نہیں۔اسی طرح میں سمجھتا ہوں کہ جب خاص کلام الٰہی ہو جس کا ادبی تقاضا ہو کہ اس کلام کو سر پر بھی اُٹھا کر رکھ لیں تو بھی اس کا ادب پورا نہ ہوگا۔یہی وجہ ہے کہ ماہرین روحانیت کی کوشش ہوتی ہے کہ اس کلام سے استخراج شدہ نقوش اور الواح کو ہمیشہ قیمتی سیاہی اور قیمتی دھاتوں

پر تحریر کیا جائے تا کہ قیمتی روحانی فیض ہم تک پہنچیں یہ الگ بات ہے کہ جو لوگ قیمتی دھاتوں کا استعمال نہیں کر سکتے کم از کم وہ افراد اچھے سے اچھے کاغذ پر زعفران اور مشک کی سیاہی سے نقوش و الواح تیار کریں تا کہ اُن کا روحانی فیض جلد از جلد ظاہر ہو اور اُن کے تقدس میں کوئی کمی نہ آئے۔

نبیل مزمل : ۔محترم راجہ صاحب آپ روحانی میدان میں کتنے عرصے سے ہیں۔ کہ عوام الناس میں اپنا فیض تقسیم کر رہے ہیں۔

راجہ صاحب: ۔محترم عرصہ 18 سال سے میں روحانیت سے وابستہ ہوں مگر ابھی تک طالب علم ہوں کیونکہ روحانی علم ایک ایسا خزانہ ہے کہ انسان قبر تک بھی مکمل نہیں ہو سکتا ہے اور پھر اگر دوسری طرف بات کی جائے کہ قرآنی علم میں تو صرف یہ جانتا ہوں کہ اگر انسان ہزار زندگیاں بھی لے کر دُنیا میں آئے اور قرآن پاک کی ایک آیت پر بھی تحقیق کرنا شروع کر دے تو اُس کی زندگیاں بھی کم پڑ جائینگی اور وہ نامکمل رہے گا۔ میرے بھائی یہ تو صرف میری زندگی کے 18 سال ہیں اور اگر 1800 سال بھی ہو تو میں سمجھتا ہوں کہ طالب علم ہی رہونگا۔ روحانی پیاس کبھی نہیں بجھتی

نبیل مزمل : ۔علم الاعداد کے بارے میں آپ کیا کہتے ہیں کیا واقعی عدد کی تاثیر انسان کی شخصیت پر اثر رکھتی ہے۔ کچھ لوگ علم اعداد کے بارے میں اچھا تاثر نہیں دیتے اور فضولیات شمار کرتے ہیں۔ ہمارے قارئین کو بتائیں کہ اُنکا خیال درست ہے یا غلط؟

راجہ صاحب: ۔محترم آپ کے سوالات انتہائی دلچسپ ہیں۔ یقین جانیں میرے مطلب کے ہیں۔ جو لوگ روحانی علوم اور خاص طور سے علم اعداد کے بارے میں ایسا خیال رکھتے ہیں اُنکی اپنی ناقص علمی ہیں صاف ظاہر ہے کہ کبھی انہوں نے اعداد کی قوت بارے نہ کبھی پڑھا نہ کبھی پرکھا لہذا اگر وہ اس قسم کے خیالات رکھتے ہیں تو ایسے لوگوں کو اُن کی علمی کمزوری کہا جائیگا لیکن میری تحقیق یہ ہے کہ پورا کا پورا قرآن اعداد کی قوت سے بھرا پڑا ہے اعداد کے معجزات آپ کو ہر آیت اور ہر لفظ میں نظر آئینگے مگر کچھ لوگ علم الاعداد یعنی نمبرالوجی کو زمانہ حال کی ایجاد خیال کرتے ہیں لیکن یہ دراصل بہت قدیم علم اور پرانے زمانہ کی آرین، عبرانی، یونانی اور مصری قوموں میں اس کا بہت رواج تھا، اعداد 1 سے 9 تک ہیں اور ہر انسان کا جو ذاتی عدد ہوتا ہے وہ ہی عدد یا نمبر شخصیت کا نمبر کہلاتا اسی نمبر کو مدنظر رکھتے ہوئے۔ ہم انسان کی شخصیت پرکھ لیتے ہیں۔

نبیل مزمل : ۔روحانی وظائف تو بہت سے ہیں کچھ لوگ روحانیت کے شوقین بھی ہوتے ہیں مگر ان پر روحانی اسرار نہیں کھل رہے ہوتے اس کی وجہ کیا ہے۔

راجہ صاحب: ۔محترم پہلی بات یہ ہے کہ جو شخص بھی روحانی اعمال کر رہا ہو اس کو چاہئے کہ سب سے پہلے اپنے باطن اور قلب کو پاکیزہ کرے اور وظائف و اعمال میں توجہ الا اللہ ضروری ہوتی ہے کچھ لوگ وقت کی پابندی اور جگہ کی پابندی کا خیال نہیں کرتے ہیں جس کی وجہ سے ان کا مشاہدہ و مراقبہ نہیں کھل رہا ہوتا میرا یہ تجربہ ہے کہ اگر توجہ اور یکسوئی کے ساتھ وظائف کریں تو کبھی ناکامی نہیں ہوتی۔ پہلے موکلین کا استخراج کر لینا چاہیے۔

نبیل مزمل : ۔آپ نے گزشتہ جواب کے آخر میں موکلین کے استخراج کی بات کی اس سے آپ کی کیا مراد ہے؟

راجہ صاحب: ۔استخراج کا مطلب نکالنا یا دریافت کرنا ہے ایک اسم یا آیت سے دو چیز نکالنا یعنی انسان کے نام کا ظاہری اسم اعظم یا باطنی اسم اعظم یا پھر اسراری و مخفی اسم اعظم نکالنا، یا پھر انسان کے نام سے مؤکل برآمد کرنا یا کسی اسم یا آیت مبارکہ کا مؤکل برآمد کرنا اسی کو استخراج کہتے ہیں۔

نبیل مزمل : ۔آپ نے بہت سے لوگوں کیلئے اعمال تیار کئے ہوں گے تا کہ وہ ان سے روحانی استفادہ کر سکے مگر آپ کا زیادہ تجربہ اور مہارت کس چیز پر ہے جس کے کرنے سے لوگ جلد سے جلد مشکلات سے نجات حاصل کرتے ہیں۔

راجہ صاحب: ۔محترم میری کوشش تو پوری ہوتی ہے کہ میں جو بھی نقش یا لوح بنا کر دوں وہ فیوض و برکات سے بھرپور ہو اور میں ہر عمل توجہ کے ساتھ ہی تیار کر کے دیتا ہوں۔ میں سورۃ کوثر کی روحانی قوت کے ساتھ دوسرے درجہ پر حروف صوامت سے زیادہ کام لیتا ہوں۔ حروف صوامت وہ حروف ہوتے ہیں جو بے نقطہ ہوں، ان کی مدد سے لڑائی جھگڑے کی بندش، طلاق کی بندش، اولاد کی نافرمانی کی بندش، غیر مستورات سے ملنے کی بندش، بدکاری اور نشہ، جواء کی بندش ہو سکتی ہے پر شرط یہ ہے کہ انسان حروف صوامت کا عامل ہو اس کی مدد سے دور حاضر میں انسان بہت سے کام لے سکتا ہے گزشتہ 12 سال سے یہ عمل بہت ہی زیادہ میرے استعمال میں ہے جس سے ہزاروں لوگ فیض یاب ہو کر مجھے اپنی دعاؤں میں شامل رکھتے ہیں۔

نبیل مزمل : ۔آخر میں آپ قارئین کو کیا پیغام دینا چاہئیں گے۔

راجہ صاحب: ۔قارئین سے یہ ہی گزارش ہے کہ علم سے وابستہ رہیں اور جعلی عاملوں سے بچیں، ہمیشہ صاحب علم عامل سے رابطہ میں رہیں کیونکہ احمق و کم علم انسان کی مجلس یا محفل کرنا وقت کا ضائع کرنا ہوتا ہے۔ آج کل سوشل میڈیا پر بیشمار جعلی روحانی معالجین مل جائینگے ان سے بچیں۔

دینی و دنیاوی فوائد

آیت الکرسی کا وظیفہ

مراسلہ:۔ فہیم مدنی (فیصل آباد)

عزیزان من! روحانی ماہنامہ تحفہ روحانیات میں پہلا مضمون ارسال کر رہا ہوں۔ کسی دوست نے مجھے یہ مضمون بذریعہ ایس ایم ایس ارسال کیا پڑھا اور اچھا لگا اس لئے آپ دوستوں کی خدمت میں پیش کر رہا ہوں۔

عبداللہ بن عوفؓ فرماتے ہیں کہ ایک رات میں نے خواب میں دیکھا کہ قیامت برپا ہو چکی ہے اور مجھے بے حساب و کتاب لایا جا رہا ہے۔ میرا حساب بڑی آسانی سے ہو گیا پھر مجھے جنت میں لایا گیا اور وہاں مجھے بہت سارے محل دکھائے گئے مجھے کہتے ہیں کہ اس محل کے دروازوں کو شمار کرو میں نے شمار کئے تو 50 دروازے تھے۔ پھر کہتے ہیں کہ اس محل کے گھروں کو شمار کرو میں نے گھروں کو شمار کیا تو 175 گھر تھے انتہائی خوشی ہوئی اور اسی خوشی میں میری آنکھ کھل گئی اللہ کا شکر ادا کیا اور صبح ہوتے ہی ابن سیرینؒ کے پاس گیا اور اپنے خواب کو بیان کیا انہوں نے فرمایا یقیناً آپ آیت الکرسی کی زیادہ تلاوت فرماتے ہیں میں نے کہا جی ہاں اسی طرح ہے لیکن آپکو کیسے پتہ چلا؟

اب سیرینؒ فرماتے ہیں کہ اس آیت کہ 50 کلمے ہیں 175 حروف ہیں' میں نے ان کے حافظہ کی تیزی کی داد دی تعجب ہوا پھر مجھے کہتے ہیں کہ جو شخص آیت الکرسی کی زیادہ تلاوت کریگا موت کی سختی اس پر آسان ہو جائیگی۔

آیت الکرسی آسمانی نور ہے۔

آیت الکرسی عرشی خزانے کی ایک آیت ہے۔

آیت الکرسی سفر میں سلامتی کا باعث بنتی ہے۔

آیت الکرسی قرآن میں بلند ترین مقام پر فائز ہے۔

جب نبی کریمؐ بستر پر تشریف لے جاتے تو آیت الکرسی کا ورد فرماتے۔

آیت الکرسی پڑھنے والا ہر بلا و آفت سے محفوظ رہتا ہے۔

برائے رفع فقر آیت الکرسی موثر ہے اور غیب سے اللہ کی مدد پہنچتی ہے۔

ہر چیز آیت الکرسی میں ہے یعنی کرسی میں آسمان اور زمین کی گنجائش ہے

تنہائی میں آیت الکرسی پڑھنے سے رنج و خوف دور ہوتا ہے اور اللہ کی جانب سے مدد ہوتی ہے۔

آیت الکرسی کو مستحب نمازوں میں' ایام ہفتہ شب و روز میں' نماز تہجد اور میت کو دفن کرتے وقت پڑھیں۔

سوتے وقت آیت الکرسی کو پڑھیں کیونکہ اس طرح اللہ تعالیٰ ایک فرشتے کی ڈیوٹی لگا دیتا ہے جو کہ صبح تک آپکی حفاظت کرتا ہے۔

جب بھی آنکھ کا درد ہو آیت الکرسی پڑھیں اس درد کا کسی کے سامنے اظہار نہ کریں ان شاء اللہ فوری افاقہ ہوگا۔

نبی کریمؐ نے فرمایا جس گھر میں آیت الکرسی پڑھی جائے ابلیس اس گھر سے دور رہتا ہے اور سحر' جادو سے بھی اللہ تعالیٰ اس گھر کی حفاظت فرماتا ہے۔

آیت الکرسی پایہ عرش الٰہی ہے اس کی تلاوت کا حدف یہ ہے کہ لوگ اللہ کے سوا کسی اور کی پرستش نہ کرے کسی دوسرے کے سامنے اپنا سر نہ جھکائیں۔ لوگوں کے اندر روح توحید پیدا ہو۔ آیت الکرسی عقلوں کو بیدار اور حقیقی معبود کی پہچان کرواتی ہے۔

وقت غروب آفتاب اکتالیس بار آیت الکرسی پڑھنے سے حاجت پوری ہوتی ہے۔ (اکتالیس بار العلی العظیم تک پڑھیں) یعنی کے یہ ایک آیت یہ عمل تجربہ شدہ ہے اس کی برکت سے ہر مشکل پریشانی اور غم سے نجات ملتی ہے جسمانی و روحانی شفاء ملتی ہے۔ ضرور آزمائیں۔

آیت الکرسی کی برکت سے آنکھوں کا نور زیادہ ہو جاتا ہے۔

اگر کوئی بھی شخص آیت الکرسی کو پڑھ کر اس کا ثواب اپنے مرحومین کو کرے تو اللہ تعالیٰ کی جانب سے ایک فرشتہ کی ڈیوٹی لگا دی جاتی ہے جو کہ اُس شخص کی طرف سے تسبیح کرتا ہے۔

آیت الکرسی اچھے کاغذ یا دھات پر کندہ کر کے کھیتوں یا دوکان میں رکھ دی جائے تو رزق میں برکت ہوگی۔

نبی کریم ﷺ سے نقل ہے کہ یہ آیت مبارکہ اللہ کی تمام مخلوق سے زیادہ باعظمت ہے۔ چند کلام ایسے ہیں جو کہ قوت حافظہ کو زیادہ کرتے ہیں اُن میں سے ایک آیت الکرسی ہے۔

ہر رات آیت الکرسی پڑھیں تا کہ صبح تک اللہ کے حفظ و ایمان میں رہے۔ آیت الکرسی کے پڑھنے سے موت کے وقت آسانی پیدا ہو جاتی ہے۔

آیت الکرسی شرک کے میدانوں کو ویران کر دیتی ہے

آیت الکرسی سورۃ بقرہ کی سردار ہے

فیضان الجفر

رجعت حروف صوامت کا توڑ حروف نورانی سے

تحریر:۔ شہزادہ منظور علی سموں (ٹنڈو محمد خان)

میں اپنے تمام دوست احباب اور قارئین کی خدمت میں سلام عرض کرتا ہوں محترم دوستوں سیاسی درجہ حرارت عروج پر ہے ہم غریبوں کو چاہیے اپنی روزی روٹی کے ساتھ ساتھ ملکی حالات پر بھی گہری نظر رکھیں تاکہ منتخب ہونے والی حکومت پیارے ملک پاکستان کا نام پھر سے دُنیا میں روشن کرے اور اسکو پھر سے کھویا ہوا وقار مل جائے۔ پاکستان ہے تو ہم ہیں۔ اللہ تعالیٰ نئی بننے والی حکومت کو ملک کی سلامتی کیلئے بڑے بڑے منشور پایہ تکمیل تک پہچانے کی توفیق دے۔

علم الحروف کی سائنس میں حروف صوامت کا نام کسی تعارف کا محتاج نہیں ہے۔ بہت سارے لوگ حروف صوامت اور ان کے عملیات کو پسند کرتے ہیں اور چاند یا سورج گرہن کے اوقات میں حروف صوامت کی زکات قائم کرتے ہیں۔ سو میں سے صرف پانچ فیصد لوگ قواعد عملیات کے مطابق درست طریقہ سے عملیات کا استخراج کرتے ہیں، باقی پچانوے فیصد لوگ حروف صوامت کو درست طریقہ سے استخراج نہ کرنے کی وجہ سے ناکام ہو جاتے ہیں اور حروف صوامت کی خطرناک رجعت نحوست گردش میں جکڑ جاتے ہیں اور خود کو تباہ و برباد کر دیتے ہیں اور آخر میں در در کی ٹھوکریں کھا کر رجعت ونحوست سے جان چھڑانے کی کوشش کرتے ہیں۔

☆اس دفعہ یہ تحفہ خاص برائے رجعت حروف صوامت کا توڑ یعنی لوح تحفظ حروف مقطعات نورانی لے کر حاضر ہوا ہوں یہ عمل میرے سینے کا ایک انمول و خاص راز تھا جس کو قارئین کے لئے ظاہر کر رہا ہوں۔ ایسے راز لاکھوں روپیہ ادا کرنے کے بعد بھی نہیں ملتے۔ یہ گوہر نایاب ہیں جو روحانی ماہنامہ تحفہ روحانیات میں خوش نصیب لوگوں کو ملتے ہیں۔

☆ **راز**: حروف صوامت کے اعداد 543 بنتے ہیں، اس کی رجعت کو توڑنے کے لئے حروف مقطعات نورانی سے توڑا جائے گا، کیوں کہ حروف مقطعات نورانی تحفظ اور حفاظت کے واسطے مجرب ہیں۔ اللہ تبارک وتعالیٰ نے حروف مقطعات نورانی سے کلام پاک کی حفاظت فرمائی ہے تو حروف صوامت کی کیا مجال ہے کہ اس کی رجعت ونحوست حروف مقطعات نورانی سے نہ ٹوٹے۔ اگر دیکھا جائے تو حروف صوامت کے 13 حروف میں سے 11 حروف نورانی ہیں۔ حروف مقطعات نورانی میں سے 4 کلمات ایسے انتخاب کئے ہیں جس کے اعداد بھی 543 بنتے ہیں۔ یعنی حروف صوامت کے اعداد 543 کے موافق ہیں۔

☆ **حروف صوامت**:

احد رسص طعك لموه اعداد 543 قمری۔

حروف صوامت کے کلمات چار بنتے ہیں۔ حروف مقطعات نورانی کے کلمات بھی چار بنتے ہیں۔ حروف صوامت کے اعداد 543 بنتے ہیں۔ تو حروف مقطعات نورانی کے اعداد بھی 543 بنتے ہیں۔ ایسے لوگ جو حروف صوامت کی رجعت ونحوست پڑ جانے کی وجہ سے پریشان ہو گئے ہوں۔ وہ اس عمل کو آزمائیں ان شاء اللہ بہت جلد حروف صوامت کی رجعت ونحوست سے محفوظ ہو جائیں گے۔ پہلے والی رجعت ختم ہو گی اور آئندہ کے لئے بھی تحفظ ملے گا۔ سب سے پہلے حروف مقطعات نورانی کی زکات قائم کریں۔

طریقہ زکات:

حروف مقطعات نورانی **الٓرٰا کٓهٰیٰعٓصٓ طٰسٓ حٰمٓ** کو کسی سعد وقت شب معراج، شب برات، شب قدر، 13 رجب۔ نوروز عالم افروز۔ چاند کی یکم تاریخ تا چودہ تاریخ کے درمیان شرفات اوج۔ سعد نظرات۔ یا کسی اور نیک وسعد وقت میں **الٓرٰا کٓهٰیٰعٓصٓ طٰسٓ حٰمٓ** کو 543 دفعہ سفید کاغذ پر زعفران سے تحریر کر کے ہر ایک سطر کو علیحدہ علیحدہ کاٹ کر گندم کے آٹے میں گولیاں بنا کر کسی چلتے پانی میں ڈال دیں تو آپ ایک سال تک کے لئے عامل ہو جائیں گے۔ پھر روزانہ بلاناغہ 12 دفعہ لکھتے رہیں، چند دن بعد جب کاغذ جمع ہو جائیں تو پانی کے حوالے کر دیں۔ اب عبارت کو لکھ کر کچھ دن پانی میں گھول کر پئیں اور عبارت لکھ کر اپنے پاس رکھیں، حروف صوامت کی رجعت ونحوست سے محفوظ ہو جائیں گے۔

طریقہ زکات: 2 مندرجہ بالا تحریر کردہ اوقات میں اس لوح تحفظ کو 543 دفعہ لکھ کر آٹے میں گولیاں بنا کر پانی میں ڈال دیں۔ زکات قائم ہو جائے گی۔ پھر بوقت ضرورت لوح تحفظ کو لکھ کر اپنے پاس رکھیں تو حروف صوامت کی رجعت ونحوست سے محفوظ ہو جائیں گے۔ لوح تحفظ یہ ہے



فوائد: اس لوح کے حروف صوامت کی رجعت نحوست کے علاوہ اور بھی ہزاروں فوائد ملیں گے۔ لوح کو پاس رکھنے کے بعد ہر مسئلے میں ہر جگہ پر ہر خطرہ کے وقت تحفظ ملتا ہے۔

قارئین تحفہ روحانیات! گزشتہ صفحہ پر حروف صوامت کی رجعت ونحوست کا ایک مجرب عمل برائے توڑ پیش کیا تھا جو کہ یقیناً آپ لوگوں کو پسند آیا ہوگا۔ اور اب اس صفحہ پر حروف صوامت کی رجعت اور نحوست کو توڑنے کا ایک اور مجرب عمل برائے حروف مقطعات نورانی حاضر خدمت ہے، حروف صوامت کی رجعت ونحوست کو ختم کرنے کے لئے حروف مقطعات نورانی سے فائدہ لیا جائے تو فوراً رجعت نحوست ااثر ختم ہو جاتا ہے۔

حروف مقطعات نورانی قرآن پاک کی 29 سورتوں کے اوّل میں آئے ہیں۔ ان حروف کو مفتاح السودہ بھی کہتے ہیں۔ حروف مقطعات نورانی میں قدرت کے پُراسرار راز ہیں۔ حروف مقطعات نورانی کے بہت سارے فوائد ہیں۔ جن کا تذکرہ کرنا ہماری طاقت سے باہر ہیں۔ ایسے لوگ وعاملین جو حروف صوامت کے عملیات میں شوق رکھتے ہیں ہر سال چاند وسورج گرہن میں زکات قائم کر کے حروف صوامت کے عملیات تیار کرتے ہیں یا گرہنوں کے علاوہ کسی اور طریقہ سے زکات قائم کر کے عملیات کرتے ہیں۔ ان کو یاد رہے کہ حروف صوامت کی رجعت ونحوست بہت خطرناک ہوتی ہے اور ان کے نحس اثرات انسان کو تباہ کر دیتے ہیں۔ ایسے لوگ جو عرصہ دراز سے حروف صوامت کی رجعت ونحوست میں گرفتار ہو گئے ہوں اور کسی بھی طرح سے رجعت کے اثرات سے جان نہ چھوٹ رہی ہو تو اس عمل سے فیض حاصل کریں یقیناً حروف صوامت کی رجعت کے نحس اثرات ختم ہو جائینگے۔

تعداد میں 13 ہیں جن کی ترتیب قمری یہ بنتی ہے

ادھو حطک لمس عصر ان کے اعداد قمری 543 بنتے ہیں۔

حروف مقطعات نورانی: ۔آلٓمٓ طٰهٰ طٰسٓمٓ طٰ سٓ عٓسٓقٓ نٓ ۔ان کے اعداد قمری بھی 543 بنتے ہیں۔

بعض حروف صوامت کے اعداد 543 اور حروف مقطعات نورانی کے اعداد بھی 543 بنتے ہیں۔

طریقہ زکات: ۔مندرجہ بالا عبارت حروف مقطعات نورانی کو 543 دفعہ لکھ کر عامل بن جائیں۔

طریقہ استعمال: ۔عامل ہو جانے کے بعد حروف مقطعات نورانی کی عبارت آلٓمٓ طٰهٰ طٰسٓمٓ طٰ سٓ عٓسٓقٓ نٓ کو لکھ کر اپنے پاس رکھیں اور ایک تعویذ لکھ کر پانی میں گھول کر پی لیں کچھ دنوں تک۔ حروف صوامت کی رجعت ونحوست ختم ہو جائے گی۔

☆ مزید تفصیلات کے لئے میری کتابیں اسرار حروف صوامت حصہ اوّل، حصہ دوم وبیاض منظور حصہ اوّل حصہ دوم کا مطالعہ فرمائیں۔

نوٹ: اگلے ماہ پھر حروف صوامت کی رجعت و نحوست کو ختم کرنے کیلئے ایک اور مجرب عمل پیش کیا جائے گا ضرور پڑھیں۔ انتظار فرمائیے۔

اطلاع قارئین و نیوز ایجنٹ حضرات

پشاور میں جعفر خان کو آئندہ اپنا نیوز ایجنٹ مقرر کیا ہے۔ تحفہ روحانیات، مزمل روحانی جنتری، جعفریہ جنتری، مزمل لکی نمبر حاصل کرنے کیلئے رابطہ کریں۔

اسٹار نیوز ایجنسی جعفر خان پشاور 0345-9067247

اطلاع قارئین و نیوز ایجنٹ حضرات

رحیم یار خان میں بابا عبدالرحمٰن کو آئندہ اپنا نیوز ایجنٹ مقرر کیا ہے۔ تحفہ روحانیات مزمل روحانی جنتری، جعفریہ جنتری، مزمل لکی نمبر حاصل کرنے کیلئے رابطہ کریں۔

بابا عبدالرحمٰن نیوز ایجنٹ رحیم یار خان 0300-6723855

حکمرانی و طاقت کا مظہر عدد ایک (1)

علم الاعداد واسماء الحُسنیٰ

تحریر:۔
حکیم حافظ عتیق الرحمٰن ضیاء
(کراچی)

محترم قارئین السلام علیکم ! موجودہ نفسا نفسی کے دور میں لوگ اپنی پریشانیوں اور مسائل کا حل اہل نجوم سے زائچہ کے ذریعے معلوم کرتے ہیں کہ کون سی لوح یا پتھر پہنیں یا کس اسم اعظم کے پڑھنے سے ان کے حالات میں بہتری آئے گی مگر ان میں سے اکثر خواتین وحضرات کو اپنی تاریخ پیدائش اور وقت پیدائش کا علم نہیں ہوتا لہذا ایسے خواتین وحضرات کے لئے ان کے ناموں کے مفرد اعداد کے ذریعے ان کی شخصیت کی خوبیاں و خامیاں اور حالات کی بہتری کے لئے علم الاعداد واسما الحسنیٰ کے عنوان سے یہ سلسلہ حاضر خدمت ہے، ان شاءاللہ جلد ہی اس حوالے سے میری کتاب حاضر خدمت ہوگی جسمیں دیے گئے اسمائے پاک ان کے لئے اسم اعظم کا درجہ رکھتے ہیں۔ فروری کے مہینے میں عدد دو کے بارے میں پڑھا ۔کیونکہ سال 2018 کا مفرد عدد بھی، دو ، ہے لہذا اسکا ذکر پہلے کر دیا گیا ۔اگست کے مہینے میں سیارہ شمس اپنے ذاتی برج اسد میں موجود ہوتا ہے اور عدد "ایک" سیارہ شمس سے منسوب ہے جو کہ مضبوطی اور طاقت کا مظہر تصور کیا جاتا ہے۔علم الاعداد میں پہلا نمبر ہے اور نہایت اہم ہے جہاں کہیں ظاہر ہو تا ہے خودمختاری اور حکمرانی کے وصف کا ظاہر کرتا ہے۔اس کا حامل اپنے آپ پر بھروسہ کرنے والا ہوتا ہے۔اس کی مثبت اور تعمیری خصوصیات درج ذیل ہیں۔اعتماد۔یقین۔طاقت۔ملکیت۔خواہش۔اقتدار۔دیانت داری اور قابل اعتبار۔جبکہ منفی اور تخریبی خصوصیات کے تحت یہ قرضہ۔فضول خرچی۔ غرور یا جھوٹی انا۔لالچ۔آوارگی۔نمود ونمائش کا رجحان لاتا ہے۔

چال چلن کے اعتبار سے یہ لوگ آزاد خیال اور لیڈر ٹائپ ہوتے ہیں، اپنی کامیابی پر فخر کرتے ہیں اور ناکامیوں کو دوسروں کے کھاتے میں ڈال دیتے ہیں۔نمبر ایک کی فطرت بادشاہوں کی سی ہے۔اسی لیے یہ لوگ عموماً قانون سے بالاتر ہونا پسند کرتے ہیں۔یعنی ان کے نزدیک قانون کو ان کے تابع ہونا چاہیے۔کسی مقابلے یا رکاوٹ کی صورت میں بے صبرے ہوجاتے ہیں اور سخت طیش میں آجاتے ہیں یہ چاہتے ہیں کہ تمام کام مقررہ وقت پر درست طریقے سے انجام پائیں۔بصورت دیگر ان کے مزاج میں برہمی اور غضب کے آثار پیدا ہوجائیں گے۔بڑی بڑی مشکلات اور مہمات میں بھی یہ گھبراتے ہرگز نہیں جو کچھ کہہ دیتے ہیں وہ حرف آخر ہوتا ہے۔اس بات کی بھی پروا نہیں کریں گے کہ کوئی ان کی بات کا کیا اثر لیتا ہے یا انہیں کیا نقصان پہنچا سکتا ہے جو کچھ بھی کہیں گے صاف واضح الفاظ میں اور دوٹوک۔

صحت کے حوالے سے یہ باقوت عدد ہے۔غیر معمولی جسمانی قوت اور صحت دیتا ہے لیکن بد پرہیزی بھی اس کا خاصہ ہے اور اس خاصیت کی وجہ سے یہ لوگ اپنی صحت خود خراب کر لیتے ہیں۔

شادی کے معاملات میں یہ لوگ اپنی پسند کو ترجیح دیتے ہیں اور محبوبہ یا بیوی کے معاملے میں نہایت حاسدانہ اور قابضانہ انداز رکھتے ہیں۔نمبر 1 والے خود بھی بیوی سے مخلص اور وفادار رہتے ہیں۔اور ازدواجی زندگی کی ذمے داریوں کو خوش اسلوبی سے پورا کرتے ہیں۔اگر ان کی شادی دو یا چھ نمبر سے ہوجائے تو بہت بہتر ثابت ہوتی ہے۔نمبر چار کے ساتھ بھی ان کی اچھی زندگی گزرتی ہے۔نمبر پانچ اور سات کے ساتھ بھی ان کا ملاپ ممکن ہے مگر وہ مثالی نہیں ہوگا۔عدد آٹھ اور نو سے ان کی شادی خاصی ہنگامہ خیز اور جذباتی بھونچال کا سبب بنے گی لہذا زیادہ کامیاب نہیں رہے گی۔نمبر ایک کے حامل افراد اپنی قابلیت اور محنت کی بنا پر دولت پیدا کرتے ہیں ،خوش قسمتی بھی ان کا ساتھ دیتی ہے۔ان لوگوں کو چاہیے کہ وہ معاشی استحکام کے لے ہمیشہ ٹھوس بنیادوں پر آہستہ روی کے ساتھ عمل کریں۔کفایت شعاری وقناعت کو اپنا شعار بنائیں تو بہت جلد اپنی زندگی میں غیر معمولی کامیابیاں دیکھیں گے۔ان لوگوں کے لئے ہر مہینے کی ایک، انیس اور اٹھائیس تاریخیں سعد اثرات رکھتی ہیں اور اتوار کا دن خوش بختی کا دن ہوتا ہے۔

سال میں 21 مارچ سے 20 اپریل اور 24 جولائی سے 23 اگست کا عرصہ موافق اثرات کا حامل ہوتا ہے۔زندگی کے اہم کاموں کی ابتدا اس عرصے ہر مہینے ان لوگوں کیلئے ہر مہینے کی ایک، انیس اور اٹھائیس تاریخیں سعد اثرات رکھتی ہیں اور اتوار کا دن خوش بختی کا دن ہوتا ہے۔وہ تمام رنگ جو سنہری یعنی گولڈن اور پیلے شیڈ رکھتے ہوں ان کے لئے موافق ہوتے ہیں۔سیاہ رنگ کے استعمال سے انہیں پرہیز کرنا چاہیے۔نمبر ایک کے افراد کو طلوع آفتاب کے وقت گھر میں صندل کی دھونی دینا چاہیے اور اتوار کے روز صدقہ خیرات کرنا بہتر ہوتا ہے۔صدقہ کے طور پر سوجی اور شکر کا استعمال کریں۔اس کی برکت سے بلائیں مشکلات اور پریشانیاں دور ہوجائیں گی

نمبر ایک کے حامل خواتین و حضرات اپنی زندگی میں کسی قسم کی سختی سے گزر رہے ہوں۔ حالات پریشان کن ہوں ہر کام میں رکاوٹ ہوں یا جسمانی و روحانی بیماری معاشی مسئلہ، رشتوں میں رکاوٹ۔ غرض کہ کوئی بھی مسائل موجود ہوں تو مندرجہ ذیل اسمائے پاک کے کل اعداد کا نقش اپنے نام کے پہلے حرف کے عنصر کے مطابق بنا کر پہن لیں اور اسمائے پاک میں سے کسی بھی ایک اسم کا ورد اپنے مقصد کے مطابق پڑھنا شروع کر دیں ان شاء اللہ بہت جلد حالات میں بہتری آنے لگے گی۔

واضح رہے کہ اللہ تعالیٰ کے ہر نام کا مفرد عدد اور کل ناموں کا مفرد عدد اور نقش کا عدد تمام ایک عدد ہی بنتا ہے۔ اسمائے پاک اور نام کے پہلے حرف کا عنصر معلوم کرنے کیلئے جدول دیا جا رہا ہے اور اسی طرح آتشی، بادی، آبی اور خاکی چاروں چالوں کے نقوش بمع چال قارئین کی آسانی کیلئے حاضر خدمت ہیں۔ روحانی معالجین اپنی خاص بیاض میں نوٹ فرمالیں۔

نمبر شمار	اسماء الحسنیٰ	اعداد	خواص اسماء
1	رَحْمٰنُ	۲۹۸	موجب رحمت
2	مُؤْمِنُ	۱۳۶	تحفظ شر جن وانس
3	مھیمن	۱۴۵	اسرار و حقائق ظہور
4	مُجِیبُ	۵۵	برائے قبولیت دعا
5	مُقِیت	۵۵۰	برائے صبر مصائب
6	زَکِیُّ	۳۷	برائے باطنی صفائی
7	وَلِیُّ	۴۶	فتوحات غیبی
8	واجِدُ	۱۹	شفائے امراض
9	اَوَّلُ	۳۷	حصول اولاد
10	رَشِیْدُ	۵۱۴	فتوحات امور کلیہ

کل تعداد ۱۸۳۷ مفرد عدد (1)

جدول:۔ حروف کی تقسیم عنصر کے مطابق

آتشی حروف	ا۔ہ۔ط۔م۔ف۔ش۔ذ
بادی حروف	ب۔پ۔و۔ع۔ن ص۔ت۔ٹ۔ض
آبی حروف	ج۔چ۔ز۔ک۔س۔ق۔ث
خاکی حروف	د۔ڈ۔ح۔ل۔ع۔ ر۔ڑ۔خ۔غ

آتشی نقش

8 ۶۱۶	1 ۶۰۸	6 ۶۱۳
3 ۶۱۰	5 ۶۱۲	7 ۶۱۵
4 ۶۱۱	9 ۲۱۷	2 ۶۰۹

آبی نقش

8 ۶۱۳	7 ۶۱۵	2 ۶۰۹
3 ۶۰۸	5 ۶۱۲	9 ۶۱۷
8 ۶۱۶	3 ۶۱۰	4 ۶۱۱

بادی نقش

8 ۶۰۹	7 ۶۱۵	6 ۶۱۳
3 ۶۱۷	5 ۶۱۲	1 ۶۰۸
4 ۶۱۱	3 ۶۱۰	8 ۶۱۶

خاکی نقش

8 ۶۱۱	9 ۶۱۷	2 ۶۰۹
3 ۶۱۰	5 ۶۱۲	7 ۶۱۵
4 ۶۱۶	1 ۶۰۸	6 ۶۱۳

عزیزان من: اپنے نام کے اعداد نکالنے کے لئے حروف ابجد کا چارٹ مزمل روحانی جنتری یا جعفریہ جنتری سے دیکھ لیں۔ نقش بنانے کیلئے ایک مثال سے وضاحت کرتا چلوں مثال کے طور پر نجب نامی شخص نے اپنے لئے نقش بنانا ہے تو حروف ابجد قمری سے اعداد حاصل کیے ن کے 50، ج کے 3 اور ب کے عدد 2 بنے کل جمع کیے تو 55 اعداد حاصل ہوئے مفرد عدد بنانے کئے لیے جمع کیا 5+5 تو 10 عدد برآمد ہوا 0 کی کوئی حیثیت نہیں لہذا عدد ایک بنا اب دیکھا کہ نام کا پہلا حرف ن ہے اور جدول میں ن کو دیکھا تو بادی حروف نکلا لہذا کل اسماء پاک کا نقش نجب نامی شخص کیلئے بادی چال سے بھرا جائے گا۔ چاروں چالیں درج کر دی گئی ہیں ایک سے لے کر نو تک جو عدد درج ہیں وہ نقش کی چال کو ظاہر کرتے ہیں اصل نقش بناتے وقت وہ نہ لکھیں نقش بنانے کے لئے شمس کے سعد نظرات کا خیال رکھیں جو آپ کو باآسانی جعفریہ و مزمل روحانی جنتری سے حاصل ہو جائیں گے اس کے علاوہ شرف شمس کا وقت یا جب شمس اپنے برج اسد میں ہو، تب یا بوجہ مجبوری نوچندے اتوار کی پہلی ساعت میں نقش کو بنالیں کسی وجہ سے نہ بنا سکیں تو مجھ سے یا محترم ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ صاحب سے بنوا کر فیوض و برکات حاصل کریں۔

اخوت مسلم بھائی چارہ

تحریر
ایاز اشرف سیال
(چکوال)

مقبول نمازیں ہم جیسے کم ظرف اور فرقہ پرست لوگ تو ہمیشہ ایک دوسرے کی نمازوں پر ہی تنقید کرتے رہتے ہیں۔ مگر میں آپ کو حدیثِ مبارکہ سے ثابت شدہ ایک ایسا طریقہ بتاتا ہوں کہ اس کے بعد اگر آپ کسی بھی مسلک یا فقہ کی تعلیمات کے مطابق... جو کہ سنت و احادیث سے ثابت طریقہ کار ہے... اگر آپ نماز ادا کریں گے... تو فرشتے اس شخص کی نماز بارگاہ الٰہی میں پیش کرنے کے لیے لپکتے ہیں... کہ اتنی خوبصورت نماز ہم اللہ کے حضور لے کر حاضر ہوں گے۔ خواہ ہاتھ بندھے ہوں یا کھلے ہوں... مگر جب بھی رکوع کے بعد (قومہ میں) سیدھے کھڑے ہو کر **رَبنا لَكَ الحمد** پڑھتے ہیں... تو اس کے بعد ایک دفعہ **حمداً كثيراً طيباً مباركاً فيه** پڑھیں۔ اور جب ایک سجدے کے بعد جلسہ میں بیٹھیں تو **اَللّٰهُمَ غْفِرلي** پڑھ لیا کریں۔ بس عمل تمام ہوا۔ اگر ہو سکے تو التحیات میں جب نماز مکمل کر لیں تو جتنی دعائیں قرآن و حدیث سے ثابت ہیں... وہ بھی پڑھ لیا کریں۔ جیسا کہ:

رَبنا اٰتنا في الدُنيا حسَنةً وَّفي الاٰخِرةِ حسَنةً وقِنا عذابَ النّارِ○ربنا ظَلمنا اَنفُسَنا وَاِلم تغفِر لَنا وتَرحمنا لَنَكُونَنا مِن الخَاسرين○لا الٰهَ اِلا اَنتَ سبحانكَ اِني كُنتُ مِنَ الظّالِمين○

ایک دفعہ صحابہؓ کرام نے آنحضرتؐ سے پوچھا کہ ہمیں کیسے پتا چلے کہ ہماری نماز قبول ہوئی یا نہیں؟ سرکارؐ نے فرمایا کہ جس نماز کے ادا کرنے کے بعد تمہیں اس سے اگلی نماز کا انتظار ہونے لگے... تو سمجھ لو کہ تمہاری نماز بارگاہ الٰہی میں قبول ہوگئی ہے۔ ایک دفعہ حضور نبی کریمؐ نے حضرت فاطمۃ الزہراؓ سے فرمایا کہ روزانہ عشاء کی نماز کے بعد جیسے ہی وتر پڑھ کر سلام پھیرو تو دو سجدے اس طرح ادا کرو کہ ہر سجدے میں پانچ دفعہ **سبوحٌ قدوسٌ ربُ الملائكةِ وَالرُّح** پڑھ کر دو سجدوں کے درمیان ایک مرتبہ آیۃ الکرسی پڑھا کرو۔ اس چھوٹے سے عمل سے تمہیں 100 حج، 100 عمرے، 100 قرآن شریف، اور 100 غلام آزاد کرنے کا ثواب ملے گا، اور تمہارے اٹھنے سے پہلے ہی اللہ تمہاری بخشش فرما دے گا، اور 60 اہلِ جہنم کے لیے تمہاری شفاعت قبول فرمائے گا۔ اور اگر سرکارؐ کے بتائے ہوئے طریقے کے مطابق نماز وتر کی پہلی رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد سورۃ نصر، دوسری میں سورۃ لہب، اور تیسری رکعت میں سورۃ اخلاص پڑھی جائے تو ان شاء اللہ زندگی بھر دانتوں کی تکلیف نہ ہوگی۔ یہ عمل میں بیس سالوں سے کر رہا ہوں... اور الحمدللہ! آج تک مجھے دانتوں کی تکلیف نہیں ہوئی۔

اگر رات کو سوتے وقت تین دفعہ سورۃ زلزال پڑھ کر دعا کی جائے کہ یا اللہ! میں نماز فجر ادا کرنے کی نیت کر کے سو رہا ہوں... تو اپنی رحمت سے مجھے نماز فجر کے لیے جگا دینا... تو ان شاء اللہ اسے ضرور جگا دیا جائے گا۔ اور اس سے بڑا معجزہ یہ ہے کہ جب سونے لگیں تو باوضو ہو کر یہ تسبیحات پڑھتے پڑھتے سوئیں۔ سبحان اللہ وبحمدہٖ... سبحان اللہ العظیم۔ جب آپ کا خاکی جسم سو جائے گا تو آپ کا روحانی جسم مسلسل جاگ کر یہ تسبیحات پڑھتا رہے گا۔ کئی دفعہ تو آپ کو آواز بھی آئے گی۔ پھر کچھ عرصہ بعد آپ بخوبی طور پر اسے دیکھ اور سن سکیں گے۔ پھر کچھ عرصہ بعد آپ اپنے مادی جسم کے ساتھ تو سو رہے ہوں گے... مگر اپنے روحانی جسم کے ساتھ نماز بھی پڑھ رہے ہوں گے۔ پھر کچھ عرصہ بعد آپ اس قابل بھی ہو جائیں گے کہ دن ہو یا رات... اگر آپ لوگوں کے ہجوم میں مصروف ہیں... یا کسی اور کام میں مصروف ہیں... اگر نماز کا وقت آ گیا ہے تو آپ اپنے جسم سے باہر نکل کر نماز بھی ادا کر لیں گے اور لوگوں کے درمیان بھی بیٹھے ہوں گے۔

ناکامی ء روحانیات ذات باری تعالیٰ جانتی ہے کہ مجھے کتنا دکھ، تکلیف اور رنج ہوتا ہے... جب میں ایسے ایسے لوگوں سے ملتا ہوں... جو کہ پندرہ پندرہ، بیس بیس سالوں سے حصول روحانیات کے راستے پر گامزن ہوتے ہیں... مگر انہیں کچھ بھی حاصل نہیں ہوتا۔ اور جن صاحبان کو آٹے میں نمک برابر بھی کچھ مل جائے تو وہ اپنے آپ کو انتہائی خوش نصیب ترین انسان سمجھ رہے ہوتے ہیں۔ زیادہ تر لوگ ایسے بھی ملتے ہیں... جو بڑے فخر سے یہ کہتے ہیں کہ ہم نے تو فلاں پیر صاحب کے دستِ مبارک پر بیعت کی ہوئی ہے، ہمیں ان کا تھاپڑا لگا ہوا ہے، یا ہم اپنے پیر صاحب کے بتائے ہوئے اذکار یا وظائف کر رہے ہیں۔ بعض لوگ تو میرے سامنے اقرار بھی کر لیتے

عابد شاپر فروش، ریلوے چوک کوٹ ادو۔ 0333-6002048
ادارہ روحانیات

ہیں کہ ہمیں تو اتنے سالوں کی محنت سے کچھ بھی حاصل نہیں ہوا۔ اور بعض تو بہت تھوڑے سے تھوڑے پر ہی سمجھوتہ کر کے خوش فہمیوں میں مبتلا ہو جاتے ہیں۔

میں ہرگز پیروں اور بیعت کے خلاف نہیں ہوں... بلکہ یہی تو حصول روحانیات کے سنگِ میل ہیں۔ آپ بیشک جس پیر صاحب کے پاس بھی جائیں، جہاں دل مطمئن ہو وہاں بیعت کریں اور ان پیر صاحب کو میرا بھی سلام کہیں مگر حصول روحانیات کے جو سنہری اصول اور قوائد ہیں ان کو لازمی طور پر ملحوظ خاطر رکھیں۔ کیونکہ ہوسکتا ہے کہ آپ کے پیر صاحب کے پاس یا میرے پیروکاروں کے لیے میرے پاس اتنا وقت نہ ہو کہ میں ہر ایک کو فرداً فرداً یہ باتیں سمجھا سکوں... اسی لیے آپ کی بہتر رہنمائی کے لیے اس کتاب میں یہ باتیں لکھ دی گئی ہیں۔ اور ان کو نظر انداز کر کے آپ کبھی بھی روحانیات میں اعلیٰ مقام حاصل نہ کر پائیں گے۔ میں کسی کی دل آزاری نہیں کر رہا... بلکہ میرا تو اپنا دل خون کے آنسو روتا ہے جب میں مسلم معاشرے میں دیکھتا ہوں کہ کتنے ہی لوگ، جو ظاہری طور پر تو ایسے نہیں لگتے ہیں، مگر اندرونِ خانہ وہ روحانیات سے بہت لگاؤ رکھتے ہیں اور کوئی صحیح رہبر نہ ملنے کی وجہ سے بھٹکتے ہی پھر رہے ہیں۔ مگر کسی پر اپنی ناکامی ظاہر بھی نہیں کرتے۔ کئی لوگ تو ایسے بھی ملے ہیں۔ جو روزانہ دس سے چودہ گھنٹے تک پڑھائی کرتے رہے ہیں۔ اور تین سے چار گھنٹے والے تو بہت سے ہیں۔ مگر ان میں سے کسی کو کچھ بھی حاصل نہیں ہوا ہوتا۔ اور ان کو مزید پڑھائی بتاتے ہوئے مجھے بھی شرم آتی ہے اور جو کچھ وہ پڑھ رہے ہوتے ہیں وہ چھڑوانے کو بھی دل نہیں کرتا۔ ایسے لوگوں کو جب میں اپنی نگرانی میں کوئی مختصر سا عمل یا وظیفہ کرواتا ہوں تو انہیں خواب میں انبیائے کرام، صحابہ کرام، آئمہ معصومین، اولیائے کرام، جیسی ہستیوں کی زیارات کے علاوہ بہت سے روحانی مشاہدات بھی ہوتے ہیں۔ کیونکہ وہ اصول کے مطابق، کسی کی سرپرستی میں چلے ہوتے ہیں۔

اللہ رب العزت نے اپنی لامحدود رحمت سے مجھے یہ بات سکھائی ہے کہ ہر وقت مجھ سے میری رحمت مانگتے رہا کرو۔ اور میں ہر بات میں اللہ کی رحمت، اور اللہ کی رحمت ہی کہتا رہتا ہوں۔ بس اسی رحمت سے مجھے علم و حکمت، معرفت و روحانیات ملتی جاتی ہے۔ اور میں اللہ کی رحمت سے کامیاب ہوتا جاتا ہوں۔ میں نے جب زندگی میں پہلی بار سورۃ مزمل کی چلہ کشی کی تو پہلے ہی چلہ میں مجھے خواب میں دکھایا گیا کہ حضرت ابراہیمؑ تشریف فرما ہیں... اور میں ان کے سامنے انتہائی ادب سے کھڑا ہوں، وہ مجھ سے کچھ سوال کرتے ہیں۔ اور میں دیکھتا ہوں ہم سے ذرا فاصلے پر حضرت محمدؐ اور ان کے دائیں جانب حضرت ابوبکر صدیقؓ اور آپؐ کے بائیں جانب حضرت بلالؓ کھڑے ہیں۔ حضرت ابراہیمؑ مجھ سے پوچھتے ہیں کہ اتنا جو پڑھ رہے ہو ...تم چاہتے کیا ہو؟ میں نے کہا کہ میں چاہتا ہوں کہ آخرت میں میری مغفرت ہو جائے۔ وہ مسکرائے، پھر پوچھا اور کیا چاہیے؟ میں نے کہا کہ میں چاہتا ہوں کہ میرا ایمان سلامت رہے۔ وہ مسکراتے ہوئے پھر کہنے لگے: اور ؟ پھر میں نے دنیاوی مقام اور روحانیات مانگی۔ اس دوران میرے آقاؐ میری باتیں سن کر فخر سے مسکراتے رہے کہ میرا اُمتی کیا کچھ مانگ رہا ہے۔ پھر میں اپنے آقاؐ کی خدمت میں حاضر ہوا... اور انہیں مصافحہ کرنے کا شرف حاصل کیا ...اور پھر حضرت ابوبکرؓ سے اور پھر حضرت بلالؓ کو مصافحہ کیا۔

دعوت و تبلیغ اسلام اللہ تبارک وتعالیٰ، حضرت آدمؑ، اور ابلیس لعین کا قصہ تو ہر مسلمان کو معلوم ہے۔ جب حضرت آدمؑ زمین پہ اتارے گئے اور ان کی نسل آگے بڑھی تو بابا آدمؑ نے اپنی اولاد کو حق تعالیٰ شانہٗ کی پہچان، صفات، توحید اور عبادت کا درس دینے کا سلسلہ شروع کیا۔ اس طرح حضرت آدمؑ اللہ کے پہلے پیغمبر ہیں... جنہوں نے اللہ کا پیغام حق اس کے بندوں تک پہنچانے کا فریضہ سرانجام دیا۔ ان کے بعد ایک لاکھ چوبیس ہزار پیغمبر مختلف وقتوں میں بھیجے گئے۔ اگر اللہ پاک چاہے تو کسی بھی پیغمبر کے بغیر اپنا حکم ہر انسان کے دل میں القاء کر دے۔ مگر یہ تو اسی کے راز و کمالات ہیں۔ اور یہی قاعدہ ازل سے ابد تک کے لیے رائج کر دیا گیا ہے کہ کون مجھ سے ہدایت پانا چاہتا ہے؟ کون ہے جو مجھ سے سچی محبت کر کے میری رضا اور میرا قرب پانا چاہتا ہے؟

اس طرح یہ سلسلہ نبی آخر زماں حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ پر آ کر ختم ہو گیا۔ اسی لیے تو آپؐ نے خطبہ حجۃ الوداع کے موقع پر اللہ رب العزت کے پیغامات کی یہ ذمہ داری صحابہ کرام کو یہ کہتے ہوئے سونپی... کہ جو لوگ یہاں حاضر ہیں اور مجھے دیکھ اور سن رہے ہیں... ان پر اب یہ فرض ہے کہ اللہ پاک کے جو احکامات میرے ذریعے آپ لوگوں تک پہنچے ہیں ...آپ وہ احکام ان لوگوں تک پہنچائیں... جو اس وقت یہاں حاضر نہیں ہیں ۔ اور اس طرح یہ سلسلہ نسل در نسل جاری رکھیں... تاکہ روزِ محشر کوئی یہ نہ کہے کہ ہم تک تو کوئی خبردار کرنے والا نہیں پہنچا۔ ہم پر تو حجت تمام نہیں ہوئی۔ آنحضرتؐ کے بعد آپؐ کے اہلِ بیتؑ، صحابہ کرامؓ، آئمہ معصومینؑ، تابعین، آئمہ اربعین، علمائے کرام، اور اولیائے کرام نے یہ سلسلہ آگے بڑھایا۔ اور ان شاء اللہ یہ سلسلہ قیامت تک جاری رہے گا۔ اگر خدانخواستہ یہ سلسلہ ٹوٹ جاتا... تو کیا ہم تک دینِ اسلام پہنچ پاتا؟

پس اگر حصول روحانیات کے لیے بھی یہی نیت کر لی جائے کہ اگر اللہ مجھے اپنی رحمت سے کچھ روحانی قوتیں عطا فرما دے تو میں ان قوتوں سے تبلیغ اسلام کا کام لوں گا۔ اور وسیع پیمانے پر اللہ اور اس کے حبیب کا پیغام پہنچاؤں گا۔ بس اتنی سی نیت کر لینے سے آپ کو وہ کچھ ملے گا... جس کا آپ اندازہ بھی نہیں کر سکتے۔ یہی تو وہ راز اور گر ہے... جس کی بدولت اولیائے کرام ؒ جیسی ہستیوں کو اتنے بلند مقام حاصل ہوئے، اور انہوں نے لاکھوں، ہزاروں، اور سینکڑوں لوگوں کو کلمہ حق بھی پڑھوایا، اور مسلمانوں کی غلط روش کو بدل کر انہیں صحیح راستہ بھی دکھایا، اور ان کی ایک نظر سے مردہ دل بھی نور الٰہی سے منور ہو جاتے، لوگوں کی زندگیاں بدل جاتیں، خالق اور مخلوق میں آشنائی پیدا ہو جاتی، اور لوگوں کو ہدایت، اور قرب الٰہی حاصل ہو جاتا۔ اسی راہ پر چلتے چلتے ایک روز مجھے میرے آقا ﷺ نے اپنے ان غلاموں اور چکوال کے ان ولیوں میں شامل کر دیا... جن کو غار حرا سے براہ راست حضور نبی کریم ؐ روحانی فیض اور احکامات ملتے ہیں۔

مولوی حضرات تو مسجد میں بیٹھ کر لوگوں کو نماز کی طرف بلاتے ہیں... اور لوگ اپنی مرضی سے ہی مسجد جاتے ہیں۔ مگر ہمارے پاس جو لوگ بھی آتے ہیں... ان کو کان سے پکڑ کر لایا جاتا ہے۔ اور جب میں ان کو پانچ وقت نماز پڑھنے کا، اور قرآن شریف کی تلاوت (یعنی سورۃ مزمل) کا ورد کرنے کا اور کلمہ استغفار پڑھنے کا کہتا ہوں تو وہ فوراً عمل کرنے لگتے ہیں ...کہ ہمارا کام ہو جائے اور ہمیں اس مشکل یا مصیبت سے نجات مل جائے۔ اور اللہ اپنی حکمت اور کرم سے میرا بھرم رکھ لیتا ہے۔ الحمدُ للہ۔ مگر اس کے ساتھ ساتھ مجھے لوگوں کی جلی کٹی باتیں اور شکایتیں بھی سننی پڑتی ہیں... کہ ہم نماز، قرآن اور استغفار بھی پڑھ رہے ہیں مگر پھر بھی ہمارا کام ابھی تک نہیں ہو رہا۔ اور میں تو کسی صورت بھی کسی کو انکار نہیں کر سکتا، اور نہ ہی کسی کو اپنے در سے خالی اور مایوس لوٹا سکتا ہوں۔

لیکن اللہ کی خاطر مجھے بڑے تحمل سے ایسے لوگوں کے گلے شکوے بھی سننے پڑتے ہیں۔ مگر یہ کیفیت بھی جلد ہی ختم ہو جاتی ہے۔ کیونکہ اگر میں بھی لوگوں کو انکار کر کے مایوس کر دوں تو وہ جو نماز پڑھ رہے ہوتے ہیں وہ بھی چھوڑ چھاڑ کے بیٹھ جائیں گے۔ لہٰذا اللہ اپنی رحمت سے ہر مشکل آسان کر دیتا ہے۔

نوٹ: ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ صاحب سے فون پر بات کرنے کے خواہشمند حضرات، صبح 10 تا 01 بجے دوپہر فون پر اپنے مسائل کا حل دریافت کر سکتے ہیں علاوہ اتوار۔

0300-6351192

لربی مزمل شاہ

حدیث مبارکہ ہے کہ جو شخص مصیبت کی حالت میں سورۃ مزمل کا ورد کرے گا اس کی مصیبت کو دور کر دیا جائے گا۔

حدیث مبارکہ ہے کہ جو شخص سورۃ مزمل کو پڑھے گا اللہ تعالیٰ اسے دنیا و آخرت میں خوش رکھے گا اس کی غربت اور مفلسی کو دور کرے گا، جس مشکل کیلئے پڑھے گا وہ مشکل آسان ہو گی۔

حضرت علی کرم اللہ وجہہ! 170 لڑائیوں میں فتح اسی سورۃ مبارکہ کی بدولت حاصل کی۔ اس سورۃ کی بدولت آپ کرم اللہ وجہہ نے خیبر کے دروازے کو اکھاڑ پھینکا۔

حضرت بصری ؒ نے تحریر فرمایا ہے کہ جو کوئی سورۃ مزمل پڑھنے پر ہدایت رکھتا ہو اسے جس قدر حاسد ظالم، جادوگر اور بدخواہ نقصان پہنچانا چاہتے ہیں تو وہ اس کا کچھ نہیں بگاڑ سکتے سب مغلوب ہو جائیں گے۔

اس لوح کی برکت سے امراض سے نجات، مصیبت، پریشانی سے چھٹکارا، غربت و افلاس کا خاتمہ، مشکلات میں آسانی، دشمنوں پر غلبہ، حاسد ظلم، جادوگروں، خطرناک حملوں سے بچا رہے گا۔ اس کے علاوہ بے شمار فضائل و برکات اس سورۃ مبارکہ کی ہیں۔ لوح مزمل خاص کی برکت سے درج بالا تمام فیض آپ فوری طور پر حاصل کر سکتے ہیں۔

تمام الواح ماہر روحانیات وقت، خاص ورد کے بعد تیار فرماتے ہیں۔

ھدیہ / لوح 4200 روپے

لوح تحفظ معجزاتی

لوح تحفظ معجزاتی کی برکت سے جادو سحر، جنات، بلیات، تعویزات کے اثرات دوبارہ نہیں ہوتے اس لوح کی برکت سے دشمن منہ کی کھاتا ہے اگر کوئی دشمن آپ پر مسلسل جادوئی حملے کر رہا ہے اور ان حملوں کی وجہ سے آپ تباہ و برباد ہوتے جا رہے ہیں یا ہو چکے ہیں لوح تحفظ معجزاتی ایسی کرامتی لوح ہے کہ اس کے پاس رکھنے سے دشمن کا کیا گیا وار ضائع ہو جاتا ہے یا وہ وار واپس دشمن کی طرف پلٹ جاتا ہے اور پھر دشمن اس عذاب میں خود مبتلا ہو جاتا ہے کہ جو عذاب، تباہ و بربادی وہ آپ پر مسلط کرنا چاہتا تھا۔

وہ مایوس افراد جو کہ عاملین کے پاس جا کر مایوس ہو چکے ہیں لوح تحفظ معجزاتی کی برکت سے بے شمار لوگ اب زندگی بھر جادو، تعویزات، جنات کے اثرات کے بغیر خوشحال زندگی بسر کر رہے ہیں۔ اس لوح کے پاس رکھنے کے بعد دوبارہ تاحیات جادو کے اثرات نہیں ہوتے۔

ہدیہ لوح 4200 روپے

تحفہ روحانیات کے وٹس ایپ گروپ سے

محترم دوستوں عرصہ دراز سے تحفہ روحانیات کا وٹس ایپ گروپ قائم کیا گیا ہے جس میں روحانی قلمکار اور دوست شامل ہیں اس گروپ میں بہت سی مفید روحانی پوسٹ کی جاتی ہیں۔ مجلس مشاورت کے متفقہ فیصلہ سے روحانی ماہنامہ تحفہ روحانیات میں ان شاءاللہ ہر ماہ 2 صفحات تحفہ روحانیات کے وٹس ایپ گروپ کی میعاری اور معلوماتی پوسٹ شائع کی جائیگی۔

وہ دوست جو کہ تحفہ روحانیات کے وٹس ایپ گروپ میں شامل ہونا چاہیں اپنے وٹس ایپ نمبر +92-300-6351192 پر

تحفہ روحانیات گروپ اپنے نام، شہر کے ساتھ میسج کریں اور گروپ میں شامل ہونے کا پیغام بذریعہ وٹس ایپ میسج روانہ کریں۔

روحانی دوستوں کی فرمائش پر وٹس ایپ گروپ میں چند ساتھیوں کا مختصر تعارف پیش کیا گیا یہ وہ دوست ہیں جن کا تعلق روحانی علاج اور حکمت سے ہے۔ بہت سے دوستوں کی فرمائش تھی کہ وٹس ایپ گروپ میں یہ سلسلہ بھی شروع کیا جائے تحفہ روحانیات کے مختصر صفحات کو مدنظر رکھتے ہوئے چند خاص دوستوں کا تعارف پیش کیا جارہا ہے۔

مکمل نام ؟ محمد ابوالکلام۔

شہر و ملک؟ حیدرآباد دکن (انڈیا)

شعبہ؟ قرآنی وظائف اور حکمت

اپنے شعبہ میں تجربہ ؟15 سال۔

مہارت ؟ دفع بندش سحر دوکان ومکان، جسمانی وروحانی امراض کا علاج

کس قرآنی آیت یا سورۃ مبارکہ کے وظائف کئے :۔

مختلف سورۃ مبارکہ اور آیت مبارکہ کے وظائف کئے

کس روحانی سلسلہ سے وابستگی ؟ قادری چشتی

پیر صاحب کا اسم گرامی؟

حضرت مرتضیٰ صاحب (مولانا حسن ہاشمی صاحب)

کوئی روحانی تصنیف :۔ ابھی تک تو کوئی نہیں

روحانی ماہنامہ تحفہ روحانیات بارے میں اظہار خیال؟ الحمدللہ بہت اچھا رسالہ ہے

تحفہ روحانیات کس طرح آپ تک پہنچا؟

انٹرنیٹ کے ذریعے

اب تک کتنے دوستوں کو تحفہ روحانیات متعارف کروا چکے ہیں؟

تقریباً 30 سے 40 دوستوں کو

مکمل ایڈریس اور فون نمبر کیا ہے؟

حافظ بابا نگر، پھول باغ، حیدرآباد دکن، انڈیا +919502329259

جادو کہاں دفن ہے؟ معلوم کرنے کا طریقہ

اگر جگہ کا علم ہو تو ذیل کا عمل ضرور کریں

ذیل میں محمد ابوالکلام کی جانب سے ارسال کردہ چند خاص اعمال یہ عمل حضرت شیخ امام حمد بن علی بونیؒ کا ہے ان کے مجربات میں سے ہے۔ سرخ رنگ کے ریشمی کپڑا پر ذیل کے حروف تحریر کریں۔ تحریر کرتے وقت لوبان اور کندر کو جلا کر اس کی دھونی دیتے رہیں۔ نقش کے اطراف آیت مبارکہ مع اعراب زیر زبر پیش لکھیں بعد اس کپڑے کو بالکل سفید مرغ کی گردن میں باندھ دیں جس مکان میں دفینہ یا جادو کا گمان ہو اس جگہ پر مرغ کو چھوڑ دیں۔ جہاں جادو دفن ہو وہاں پہنچ کر مرغ 3 بار اذان دیگا اور پنجوں سے اُس جگہ کو کریدے گا۔ جب دفن خزینہ یا جادو کے تعویذات وغیرہ کھود کر نکالیں تو ساتھ ہی یہ دعا پڑھتے رہیں جو کہ اس رومال پر لکھی گئی ہے۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّی اَسئلکَ یَا شَاکِرُ یَا شَکُورُ یَا شَھِیدُ یَا شَدِیدُ بِمَا اَودَ غتہ حَرفُ الشِّینَ مِنَ الا سرَارِ الْمَخزُونَۃِ وَالا نوَارِ المَکنونَتہِ اَن تُسَخِّرلی مَلائکتِکَ الکِرَامِ خُدَّامِ ھٰذَاالحَرفِ اِنَکَ عَلٰی کُل شَیِ قَدِیرٌ۔

اگر جگہ کا علم نہ ہو تو یہ عمل کریں اور یہ پتہ لگانا بھی ضروری ہے کہ جادو کہاں دفن ہے ان شاءاللہ پتہ لگ جائیگا۔

سونے سے پہلے دو رکعت نماز نفل پڑھیں سلام کے بعد درود ابراہیمی 800 بار **یا خبیر اخبرنی بحق یا خبیر** آخر میں گیارہ بار درود پاک پڑھ کر بغیر بات کئے سو جائیں اس عمل کیلئے ایسے کمرہ کا انتخاب کریں جہاں پر کوئی تصویر یا بُت یا ٹی وی یا گانا بجانا نہ ہوتا ہو۔ ان شاء اللہ تعالیٰ اثرات ظاہر ہونگے۔ اس وظیفہ کو 3 سے 7 یوم تک کریں۔

جنات و حاضرات

ہمزاد و موکلات کی حاضری سے متعلقہ جامع ترین وہ باتیں جو طالب علم حاضرات کیلئے انتہائی مفید و موزوں ہے یاد رہے کہ یہ باتیں نہ تو کسی کتاب سے ملیں گی اور نہ ہی روحانی ہستیاں اس کو بتاتی ہیں۔ لیکن فقیر غلام نبی نوری کی جانب سے جامع طور پر حاضرات و تسخیرات میں ناکامی کی تمام وجوہات اور ہدایات و خطرات پر ایک جامع تحریر پیش خدمت ہے۔ اُمید ہے کہ احباب مطالعہ کر کے لازمی اس سے مستفید ہونگے۔

آداب حاضرات اعمال

عام طور پر یہ سننے میں آیا ہے کہ ہم نے دی ہوئی ہدایت کے مطابق وظیفہ کیا بلکہ پرہیز جمالی و جلالی بھی کیا مگر کامیابی کا حصول ممکن نہ ہو پایا۔ کسی بھی بچہ پر حاضری نہ ہوئی۔ عمومی طور پر لوگوں کو حاضرات کے ابتدائی قواعد اور شرائط و آداب سے آگہی نہیں ہوتی۔ دیکھا یہی گیا ہے کہ بازار سے رسائل اور کتابیں خریدیں اور کسی بھی وظائف کو کرنا شروع کر دیا۔ پھر جب اس وظیفہ میں ناکامی ہوتی ہے اس ناکامی کے بعد بجائے کسی سے راہنمائی حاصل کریں ایسے لوگ روحانی اور قرآنی اعمال سے ہی بدظن ہو جاتے ہیں۔ ایسا نہیں ہونا چاہیے یہ باقاعدہ ایک فن ہے جو کہ کسی صاحب علم سے سیکھنا ضروری ہوتا ہے لیکن مبتدی حضرات درج ذیل سطور کو غور سے پڑھیں۔ اس میں دی گئی ہدایات پر پابند رہیں تو یقیناً ناکامی سے بچ سکتے ہیں۔

نمبر 1: ۔ وہ لوگ جو حاضرات کرنا چاہتے ہیں اُنہیں چاہیے کہ جمعرات کو میٹھی شے پر ارواح کے نام کی فاتحہ دلوائیں کوئی بھی روح آپ کے اس عمل سے خوش ہو کر حاضرات میں حاضر ہو جائیگی۔ اس طرح طویل ترین مشقت سے بچ جائینگے۔ نا اُمیدی بھی نہ ہوگی یہ اکثر بزرگوں کا آزمودہ ہے۔

نمبر 2: ۔ حاضرات کا وظیفہ کرنے والے روحانی شخص کو چاہیے کہ وہ کسی بھی مزار یا درگاہ پر باقاعدگی سے جمعرات کو حاضر ہوں۔ عصر تا مغرب یہ حاضری آپ کیلئے روحانی فائدہ کی باعث ہوگی۔

نمبر 3: ۔ بزرگوں کا کہنا ہے کہ جمعرات کے روز 121 روحیں حاضر ہوا کرتی ہیں۔ یہ بھی ممکن ہے کہ آپ کے اس عمل سے خوش ہو کر کوئی روح آپکے پاس حاضر ہو جائے۔ یہ بھی طریقہ مجرب ہے۔

نمبر 4: ۔ صاحب وظیفہ اگر کود پر حاضرات کا تجربہ کرنا چاہتا ہے یہ بات تو معلوم ہے کہ مغرب سے آدھا گھنٹہ قبل روحانیت کو منجمد تصور کیا جاتا ہے اور حاضرات کا یہی خاص وقت خیال کیا جاتا ہے۔

نمبر 5: ۔ یہ بات بھی غور سے سُن لیں کہ حاضرات کے وقت اچھی ترین خوشبویات کا استعمال کریں۔ سفید لباس نہا دھو کر زیب تن کریں۔ جسم اور روح کو پاک رکھیں درود پاک کا ورد کرتے رہیں۔ حاضرات کے وقت ارواح بدبو شور شرابا اور منتشر خیالی کو پسند نہیں کرتی یکسوئی ضروری ہے۔

نمبر 6: ۔ جب تک صاحب وظیفہ حاضرات کے عمل میں مہارت حاصل نہ کر لے اُس وقت تک اُسے چاہیے کہ کسی کے گھر بھی جا کر حاضرات نہ کرے۔ ایسا بھی ہوتا ہے کہ اُسے وظیفہ میں کامیابی نہیں مل پاتی اور سائلین اُسکو سخت شرمندہ کرتے ہیں۔

نمبر 7: ۔ صاحب وظیفہ کو چاہیے کہ تسخیر جنات اور اسی قسم کے دیگر اعمال سے مکمل گریز کریں کیونکہ اگر آپ میں روحانی طاقت زیادہ نہ ہوگی تو یقیناً کسی دوسری جگہ جا کر خود کو روحانی معالج کے طور پر ظاہر کرینگے ناکامی پر شرمندگی کا سامنا کرنا پڑے گا لہذا محتاط رہیں۔

نمبر 8: ۔ جس کلام کی حاضرات کرنے کا ارادہ ہو کم از کم سوا لاکھ بار اُس کلام کو ورد کیا جائے تا کہ اُس کلام کی تاثیر پیدا ہو اور اس کلام سے متعلقہ روحانیت صاحب وظیفہ سے واقف ہو جائے۔

نمبر 9: ۔ حاضرات کرنے کیلئے آپ کے ایمان کی قوت اور یکسوئی ضروری ہے بے یقینی میں ورد کیا گیا حاضراتی وظیفہ ضائع جاتا ہے۔ حاضرات کی کئی اقسام ہیں کوشش کرنے چاہیے کہ جس پر حاضرات کی جا رہی ہے وہ کسی طرح ہیپناٹائز نہ ہو۔

نمبر 10: ۔ اکثر دوست جس پر حاضرات کرتے ہیں منظر کشی کرتے ہوئے اُس شخص کو ہیپناٹائز کر دیتے ہیں ایسا ہرگز نہیں ہونا چاہیے جس کے کئی طریقے ہیں جیسا کہ کہا جاتا ہے کہ اس انگوٹھی، ناخن یا شیشہ میں دیکھو یا کالے دائرہ کے بیچ میں دیکھتے رہو میدان نظر آیا کہ نہیں، اچھا میدان نظر آ گیا، بھنگی سے کہو جھاڑو دے، ماشکی پانی چھڑکیں، خدام تخت لگائیں، بادشاہ سلامت حاضر ہوں، یہ سب حاضراتی ہیپناٹائز ہے ایسا نہیں ہونا چاہیے۔ ان تمام باتوں کا ذکر پہلے بھی روحانی ماہنامہ تحفہ روحانیات میں ہو چکا ہے۔

تپ دق T.B سبزیوں کی افادیت

تحریر:۔عرفان ہاشمی (ایبٹ آباد)

تپ دق کے مریض کو کھانسی رہتی ہے۔دن رات بخار میں مبتلا رہتا ہے۔ شام کے اوقات میں بخار زیادہ ہو جاتا ہے۔بھوک کم لگتی ہے سینے میں درد رہتا ہے۔سانس لینے میں دقت محسوس ہوتی ہے۔کمزوری بڑھ جاتی ہے۔ جسم کی رنگت زرد ہو جاتی ہے۔کھانسی میں بلغم آنے لگ جاتا ہے۔رات کو پسینہ آتا ہے۔کبھی کبھی کھانسی سے بلغم میں خون آتا ہے۔آواز کی نالی میں زخم ہونے کی وجہ سے آواز بیٹھ جاتی ہے۔

وجوہات: ۔تپ دق ایک جرثومے سے پھیلتا ہے۔جو مریض کی تھوک یا بلغم میں ہوتا ہے۔اور ہوا، پانی، دودھ کے ذریعے دوسروں تک پہنچ جاتا ہے بڑوں سے زیادہ بچوں میں یہ بیماری ہوتی ہے۔گندی ہوا میں سانس لینے، زیادہ دائی والی جگہوں پر رہنے، گردوغبار میں پھرتے رہنے، زیادہ جماع کرنے، غیر متوازن غذا استعمال کرنے، بہت زیادہ محنت کرنے، زیادہ شراب نوشی کرنے، ٹی بی کے مریض کے ساتھ کھانے پینے، اٹھنے بیٹھنے سے تپ دق کا مرض زیادہ پھیلتا ہے۔

علاج بذریعہ غذا: ۔1۔تپ دق کا سب سے پہلا علاج غذائیت سے بھرپور غذا، سورج کی روشنی، صاف ستھری ہوا اور مکمل آرام کرنا ہے۔

2۔سیب کا استعمال آنتوں، جگر اور دماغ کو فائدہ پہنچاتا ہے۔اسی لئے تپ دق کا بہترین علاج ہے۔

3۔تپ دق کے مریض کو انگور کھانے سے بہت فائدہ ہوتا ہے۔

4۔مکھن اور مصری دودھ میں ملا کر کھانے سے نہ صرف تپ دق ختم ہو جاتا ہے بلکہ جسم کو ازسرنو طاقت میسر آتی ہے۔

5۔گاجر کا رس ٹی بی کے مریض کیلئے مفید ہے۔کیونکہ اس میں متوازن غذا کے تمام عنصر پائے جاتے ہیں۔

6۔تپ دق کی ابتدائی حالت میں مکئی کے آٹے کی روٹی فائدہ مند رہتی ہے

7۔کچے پیاز پر نمک، چھڑک کھانا، تپ دق کے مریض کیلئے بہت مفید ہے۔

8۔پھول گوبھی پکا کر یا کچی کھانے سے ٹی بی کے مرض میں خون کی قے آنا بند ہو جاتی ہے۔

9۔لہسن باقاعدگی سے کھانے والوں کو تپ دق کا مرض نہیں ہوتا۔

10۔تپ دق کے مرض میں لونگ کا استعمال موثر رہتا ہے۔

11۔25 گرام لیموں کے رس میں گیارہ، پتے، زیرہ، سونٹھ، نمک ایک گلاس گرم پانی میں ملا کر دن میں تین بار پیتے رہنے سے تپ دق کے مرض میں افاقہ ہوتا ہے

12۔60 گرام شہد میں ایک پیالی آم کا رس ملا کر صبح وشام پینا اور گائے کا دودھ روزانہ تین بار متواتر 21 دن پیتے رہنا بھی تپ دق کے مرض میں مفید ثابت ہوتا ہے۔

13۔دیسی چینی، منقہ اور پیپل ہم وزن لے کر پیس لیں صبح وشام ایک ایک چمچہ کھائیں۔کھانسی اور تپ دق سے چھٹکارا حاصل ہوگا۔

14۔دودھ کے ایک گلاس میں پانی پیپل ابال کر ٹھنڈا کر لیں چینی یا شکر سے میٹھا کر کے دن میں دوبار یعنی صبح وشام پیتے رہنے سے پھیپھڑوں کی کمزوری، دمہ، کھانسی، زکام، اور ٹی بی کی ابتدائی حالت میں فائدہ ہوتا ہے

15۔تازہ لوکی پر جو کو آٹا لیپ کر کپڑا لپیٹ دیں۔لوکی کو آگ میں دبا کر رکھ دیں۔جب وہ نرم ہو کر بھرتہ ہو جائے تو اس کا پانی نچوڑ کر اپنی ماہ تک پلاتے رہنے تپ دق کا خاتمہ ہو جاتا ہے۔

16۔تپ دق کے مریضوں کو کھجور کھلانے سے بہت نفع حاصل ہوتا ہے۔

17۔سبزی کی طرح پکایا جانے والا کچا کیلا تپ دق کا مرض دور کرنے کا شافعی علاج ہے۔کیلے کے درخت کا تازہ رس نکال کر چھان کر ہر دو گھنٹے بعد ایک یا دو کپ رس گھونٹ گھونٹ کر کے پلاتے رہنے سے رات کو آنے والا پسینہ، بلغم والی کھانسی، تیز بخار، دست، بھوک نہ لگنا، وزن کم ہوتے جانا جیسی تکلیفیں جاتی رہتی ہے۔کیل کا رس ہر روز تازہ نکالنا چاہئے اور کم از کم تین دن تک پلانا چاہئے۔

18۔کیلے کے آٹھ دس پتوں کو دو سو لٹر پانی میں ڈال کر پڑا رہنے دیں تھوڑی دیر بعد اس پانی کو چھان کر ایک بڑا چمچہ دن میں تین بار پلاتے رہنے سے پھیپھڑوں میں جمی ہوئی گاڑھی بلغم پتلی ہو کر نکل جاتی ہے۔

19۔کیلے کے پتوں کا رس، شہد میں ملا کر پلانے سے پھیپھڑوں کے زخم بھر جاتے ہیں

دیگر علاج: ۔تپ دق کے مرض میں درج ذیل پھل اور سبزیاں استعمال کرنا مفید رہتا ہے۔

کیلا، آم، سنگترہ، سنجانا، پودینہ، مونگ پھلی، چولائی کا ساگ، لہسن، پودینہ اور پالک کا قاعدہ استعمال ٹی بی کے مریضوں کیلئے مفید ہے۔

ملک نوید نیوز ایجنٹ کمالیہ روڈ ٹوبہ ٹیک سنگھ۔ 0305-9720805 ادارہ روحانیات

حمل

برج حمل 21 مارچ تا 20 اپریل، سیارہ مریخ
حروف۔ ا، ل، ع، ی۔ پتھر، مرجان۔ مبارک دن، منگل
مبارک رنگ، سرخ۔ موافق دھات، لوہا، تانبہ
لکی عدد 9۔ اسم اعظم، یا محیطُ 140 بار
سعد تاریخیں 27,23,19,15,14,9
نحس تاریخیں 25,12,4
لکی نمبرز 77,09,63,71

(یکم تا 8) اس ہفتہ فیکس انشورنس اور ایسے تمام قانونی معاملات جن میں کسی نہ کسی طرح روپیہ ملوث ہے اور معاہدات اور مشترکہ مالی معاملات سے متعلق طویل عرصے سے اگر مشکلات کا سامنا ہے تو انہیں حل کرنے کے لیے یہ وقت اس سال کا سب سے موافق وقت ہوگا۔ اس ہفتہ مالی معاملات میں زیادہ استحکام اور استواری پیدا ہو جائے گی۔ تمام ہفتہ کام اور روزگار سے متعلقہ معاملات میں کامیابی رہے گی۔

(9 تا 16) اس ہفتہ زہرہ تثلیث مریخ کی سعد نظر قائم ہو رہی ہے۔ آسودگی اور خوشحالی ان ایام میں میسر آئیگی۔ ہمت سے کام لیں اور ذہانت کو بروئے کار لاتے ہوئے بہتر لائحہ عمل تیار کریں۔ نکاح کیلئے یہ ایام بہترین ثابت ہونگے۔ حالات آپ کے حق میں نہیں احتیاط ضروری ہے۔ (17 تا 25) اس ہفتہ اختیارات اور روزمرہ کے معمولات پر ہی عمل کر کے اور مقاصد کے حصول میں ضبط نفس اور صبر و تحمل سے کام لے کر بہترین نتائج حاصل کر سکیں گے۔ زائد ذمہ داریاں ضرور آن پڑیں گی۔ آپ پر زحل کا لازمی اثر ہے ایسے میں خاص طور پر ان باتوں پر تحمل کریں تاہم اس سال چونکہ مشتری کی سعد قوت حاصل ہوگی۔ اس لیے زائد ذمہ داریاں آپ کو بوجھ محسوس نہیں ہونگی۔ لاٹری، بانڈ، ریس وغیرہ میں حصہ لے سکتے ہیں۔

(26 تا 31) برج جدی میں آپ کا حاکم سیارہ مریخ رجعت کے بعد 27 اگست کو مستقیم ہو رہا ہے اس کی یہ استقامت آپ کو فائدہ دیگی وہ معاملات جو کہ التواء میں ڈالے ہوئے تھے اب بہتری کی جانب آنا شروع ہو جائینگے۔ ہمت کریں اور وقت ضائع کرنے سے گزیر کریں۔ کاروباری معاملات نبٹائیں۔ صحت کا خیال کریں۔ کام کا دباؤ بڑھ جائے گا۔ تاہم اسے پورا کرنے کی ہمت اور ترغیب ہوگی ساتھ کام کرنے والوں اور ماتحتوں کے ساتھ تعلقات بہتر رہیں گے۔

برج ثور

برج ثور 21 اپریل تا 20 مئی، سیارہ زہرہ
حروف۔ ب، و۔ پتھر، الماس۔ مبارک دن، جمعہ
مبارک رنگ، نیلا۔ موافق دھات، پیتل، تانبہ
لکی عدد 6۔ اسم اعظم، یا وھابُ 101 بار
سعد تاریخیں 28,19,14,9,3
نحس تاریخیں 31,17
لکی نمبرز 87,43,51,92

(یکم تا 8) اس ہفتہ کا آغاز اچھا نہ ہوگا کہ آپ کا حاکم سیارہ ہبوط کے نحس درجات سے گزرے گا ہفتہ کا آخر خواتین کیلئے خوشی اور مسرت کا باعث ثابت ہوسکتا ہے کہ اُن کا سیارہ عروج پر ہے زہرہ تثلیث کی قوت سعد گھریلو ماحول کو خوشگوار بنانے میں مددگار ثابت ہوگی۔ طالب علم اپنی تعلیمی کمی کو پورا کرنے کیلئے تعلیم پر پوری توجہ دیں اہم امور کے سلسلے میں بزرگوں سے مشورہ لینا بہتر رہے گا شریک حیات کا تعاون حاصل رہیگا۔

(9 تا 16) یہ ہفتہ آپ کے لیے نحس ثابت ہوگا۔ ان ایام میں ازدواجی امور بہتر طور پر انجام نہ پاسکیں گے۔ زوجین کے مابین مواقفت نہ رہے گی۔ غیر شادی شدہ افراد کو محبوب کی جانب سے صدمہ یا دھوکہ ملنے کا اندیشہ ہے۔ ان حالات کو مدنظر رکھتے ہوئے اگر اختلافات پیدا ہونگے وہ وقتی طور پر پیدا ہونگے۔ شریک حیات کو جگر یا دل کے امراض کا خطرہ ہے بے احتیاطی نہ کریں۔ غیر شادی شدہ افراد ان دنوں عشق اور محبت کے معاملات کو قریب نہ آنے دینگے۔ (17 تا 25) آپ کو سیر و تفریح کے مواقع راس آئیں گے رومانوی ماحول سازگار رہے گا تقریبات میں شرکت کے مواقع پیش آئیں گے۔ بچوں کے معاملات توجہ طلب ہونگے گھریلو کاروباری اور جائیداد کے معاملات توجہ طلب رہیں گے سماجی تقریبات میں شرکت کے لئے یہ وقت موزوں ہے۔ ماحول میں مزید خوشگواری رہے گی اپنی نجی مسائل کو حل کر سکیں گے ملازمت کے خواہش مند افراد کو کسی اہم شخصیت کی مدد سے ملازمت کا حصول ہو سکے گا۔ (26 تا 31) سماجی حیثیت میں اضافہ ہوا۔ اس ہفتہ کے ابتدائی دنوں میں آپ سماجی تقریبات میں مصروف رہیں گے شام کو کسی عزیز دوست سے ملاقات ہو سکے گی۔ اپنے نجی مسائل کو حل کر سکیں گے ذاتی ترقی کیلئے مثبت اقدامات کر سکیں گے۔ رومان پرور حضرات کو کسی دوست کا تعاون رہے گا۔ خانگی امور خوش اسلوبی سے طے ہو سکیں گے۔

جوزا

برج جوزا 21 مئی تا 20 جون، سیارہ عطارد
حروف۔ک، ق۔ پتھر، زمرد۔ مبارک دن، بدھ
مبارک رنگ، زرد، سرخی مائل۔ موافق دھات، پیتل، تانبہ
لکی عدد 5۔ اسم اعظم، یا رزاق 308 بار
سعد تاریخیں 31,29,27,19,14,93
نحس تاریخیں 23,20,16
لکی نمبرز 11,43,51,24

